تصویر کے حکم کے بارے میں قدرت والے کی عطائیں
العطایا القدیر فی حکم التصویر
۱۳۳۱ھ
تصنیف لطیف:۔
اعلیٰ حضرت مجدد امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ العزیز
ALAHAZRAT NETWORK
اعلحضرت نیٹ ورک
www.alahazratnetwork.org
ALAHAZRAT NETWORK
اعلیٰحضرت نیٹ ورک
www.alahazratnetwork.org

رسالہ

العطایا القدیر فی حکم التصویر

۱۳۳۱ھ

(تصویر کے حکم کے بارے میں قدرت والے کی عطائیں)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وحدہ والصلوٰۃ والسلام علی من لا نبی بعدہ وعلیٰ اٰلہ وصحبہ المکرمین عندہ

مسئلہ ۲۵: از احمد آباد محلہ جمالپور متصل مسجد کانچ مرسلہ مولوی عبدالرحیم صاحب ۲۹ صفر المظفر ۱۳۳۱ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ ان دنوں شہر احمد آباد میں کچا پکا فوٹوگراف کی قیمت ۲؍ کے بک رہی ہیں اور نمونہ اصل خدمت میں آپ کی مرسل ہے آپ اس کو ملاحظہ فرمائیں، یہ فوٹو حضرات پیر ابراہیم بغدادی عم فیضہ الصوری والمعنوی سجادہ نشین خانقاہ حضرت غوث اعظم حضرت پیرانِ پیر قدس سرہ العزیز کا ہے اس کو احمد آبادی وغیرہ تبرک کے طور پر رکھتے ہیں اس کا رکھنا مکان میں حرام ہے یا نہیں؟ اور جن مکانوں میں یہ فوٹو ہو گا اُن میں رحمت کے فرشتے آئیں گے یا نہیں؟ اور اس فوٹو کے رکھنے سے برکت نازل ہوگی یا نہیں؟ اور برزخ شیخ جمانے کے لئے فوٹو شیخ کا سامنے رکھ کر اس کا برزخ جمانا شریعت وطریقت میں جائز ہے یا نہیں؟ بینوا بیانا شافیا توجروا اجرا وافیا (شفا بخش بیان فرماؤ اور اللہ تعالٰی کی بارگاہ سے پورا پورا اجر وثواب پاؤ۔ ت)

الجواب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد لله الخالق الباری المصور
الذی صورنا فاحسن صورنا وخلق وحدہ
العالم فقیرہ وقطیرہ
وقضی بالعذاب اشد
هو العقاب علی الذین
یضاهئون خلق الله
فیخلقوا ذرة او لیخلقوا
حبة او یخلقوا شعیرة
والصلوٰة والسلام علی من
اتی بمحق الاوثان و
توحید الرحمٰن وحرم
التصویر صغیرة وکبیرة و
وجعله کبیرة وعلی اٰله
وصحبه وابنه الاکرم
الغوث الاعظم وسائر حزبه
صلوٰة وسلاما توازیان
عزہ وتوقیرہ رب
انی اعوذبک من همزات
الشیٰطن واعوذبک رب ان
یحضرون۔

ہر قسم کی تعریف وتوصیف اُس اللہ تعالیٰ کے لئے
ہے جو (تخلیق کا) اندازہ کرنے والا، بنانے والا
اور تصویر کشی کرنے والا کہ جس نے ہماری صورتیں بنائیں
اور ہمیں حسین وجمیل صورتوں سے نوازا، اور اس نے
تنہا ساری دنیا کو پیدا فرمایا خواہ تخم خرما کا گڑھا ہو
یا اور کوئی معمولی چیز ہو، اور اس نے عذاب دینے کا
بڑا سخت فیصلہ فرمایا کہ اُن لوگوں پر نزولِ عقاب ہے
جو اللہ تعالیٰ کی تخلیق میں اس سے مشابہت اختیار
کرتے ہیں تو وہ کوئی ذرہ یا کوئی دانہ یا جو پیدا کر دکھائیں
اور درود وسلام اُن پر ہو جو بتوں کو مٹانے اور
وحدانیت رحمان کو بیان فرمانے کیلئے تشریف
لائے اور انھوں نے چھوٹی بڑی تصویر کو حرام
ٹھہرایا اور اِس کام کو کبیرہ گناہ قرار دیا، اور
اُن کی آل اور ساتھیوں پر، اور ان کے مکرم شہزادے
غوثِ اعظم (بڑے فریاد رس) پر، اور ان کے
باقی تمام گروہ پر (ہدیہ درود وسلام ہو) ایسا شاندار
درود وسلام کہ ان کی عزت وتوقیر کے برابر اور
مساوی ہو۔ اے میرے پروردگار! میں شیاطین
کے وسوسوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں، میرے
پروردگار! میں تیری پناہ چاہتا ہوں کہ وہ میرے
پاس آئیں (اور مجھے اپنے مکروفریب سے
پریشان کریں)۔ (ت)

اللہ عزّوجل ابلیس کے مکر سے پناہ دے، دنیا میں بُت پرستی کی ابتداء یُونہیں ہوئی کہ صالحین کی محبت میں اُن کی تصویریں بناکر گھروں اور مسجدوں میں تبرکًا رکھیں اور اُن سے لذتِ عبادت کی تائید سمجھی، شدہ شدہ وہی معبود ہوگئیں، صحیح بخاری وصحیح مسلم میں عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے آیۂ کریمہ:

وقالوا لاتذرن الٰھتکم ولا تذرن ودا ولا سواعا ولا یغوث و یعوق ونسرا[1]

کافروں نے کہا ہرگز اپنے خداؤں کو نہ چھوڑو، اور وَد، سواع، یغوث، یعوق اور نسر کو کبھی نہ چھوڑو۔ (ت)

کی تفسیر میں ہے:

قال کانوا اسماء رجال صالحین من قوم نوح فلما ھلکوا اوحی الشیطان الٰی قومھم ان نصبوا الی مجالسھم التی کانوا یجلسون انصابا وسموھا باسمائھم ففعلوا فلم تعبد حتی اذا ھلك اولٰئك ونسخ العلم عبدت[2]

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما نے فرمایا یہ حضرت نوح (علیہ السلام) کی قوم کے نیک اور پارسا لوگوں کے نام ہیں، جب وہ وفات پاگئے تو شیطان نے بعدوالوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالا کہ جہاں یہ لوگ بیٹھتے تھے وہیں اُن مجالس میں انھیں نصب کردو (یعنی قرینے سے انھیں کھڑا کردو) اور جو اُن کے نام (زندگی میں) تھے وہی نام رکھ دو، تو لوگوں نے (جہالت سے) ایسا ہی کیا۔ پھر کچھ عرصہ ان کی عبادت نہ ہوئی، یہاں تک کہ جب وہ تعظیم کرنے والے مرگئے اور علم مٹ گیا (اور ہر طرف جہالت پھیل گئی) تو پھر ان کی عبادت شروع ہوگئی۔ (ت)

عبد بن حمید اپنی تفسیر میں ابوجعفر بن المہلب سے راوی:

قال کان ود رجلا مسلما وکان محببا فی قومہ فلما مات عسکروا حول قبرہ فی ارض بابل وجزعوا علیہ فلما رای

ابوجعفر نے فرمایا: "وَد" ایک مسلمان شخص تھا جو اپنی قوم میں ایک پسندیدہ اور محبوب شخص تھا جب وہ مرگیا تو سرزمینِ بابل میں لوگ اسکی قبر کے آس پاس جمع ہوئے اور اس کی جدائی پر

---

[1] القرآن الکریم ۷۱/۲۳

[2] صحیح البخاری کتاب التفاسیر باب وَدًّا وسواعًا الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/۷۳۲

ابلیس جزعهم علیه تشبه فی صورة انسان ثم قال اری جزعکم علی هذا فهل لکم ان اصور لکم مثله فیکون فی نادیکم فتذکرونه به قالوا نعم فصورلهم مثله فوضعوه فی نادیهم وجعلوا یذکرونه فلما رأی مالهم من ذکره قال هل لکم ان اجعل لکم فی منزل کل رجل منکم تمثالا مثله فیکون فی بیته فتذکرونه قالوا نعم فصور لکل اهل بیت تمثالا مثله فاقبلوا فجعلوا یذکرونه به قال وادرك ابنائهم فجعلوا یرون مایصنعون به وتناسلوا ودرس امر ذکرهم ایاه حتی اتخذوه الٰهایعبدونه من دون الله قال وکان اول ما عبد غیرالله فی الارض ود الصنم الذی سموه بود۔[1]

بیقرار ہُوئے (اور صبر نہ کرسکے) جب شیطان نے اس کی جُدائی میں لوگوں کو بیتاب پایا تو وہ انسانی صورت میں اُن کے پاس آیا اور کہنے لگا میں اس شخص کے مرنے پر تمہاری بیقراری دیکھ رہا ہوں کیا مناسب سمجھتے ہو کہ میں بالکل اُس جیسی تمہارے لئے اس کی تصویر بنادُوں، پھر وہ تمہاری مجلس میں رہے پھر اس کی تصویر دیکھ کر تم اُسے یاد کرو۔ لوگوں نے کہا ہاں یہ تو اچھی تجویز ہے۔ پھر شیطان نے لوگوں کے لئے بالکل اُسی جیسی اس کی تصویر بنا دی اور لوگوں نے اُسے اپنی مجالس میں سجا رکھا اور اس کی یاد کرنے لگے۔ پھر جب شیطان نے دیکھا کہ اس کے ذکر سے لوگوں کی جو حالت ہوتی ہے۔ پھر شیطان کہنے لگا کیا تم یہ مناسب کہتے ہو کہ میں تم میں سے ہر شخص کے لئے اس کے گھر میں اس کے بزرگ کا عکس تیار کرکے سجادوں تاکہ وہ اس کے گھر میں موجود ہو، اور تم سب لوگ (انفرادی اور اجتماعی طور پر) اس کا تذکرہ کرتے رہو۔ لوگ کہنے لگے ہاں یہ بالکل ٹھیک ہے۔ پھر اس نے سب گھر والوں کے لئے بالکل اُسی جیسا اس کا ایک ایک فوٹو تیار کردیا پھر لوگ اس کی طرف متوجہ ہوگئے اور اس کا فوٹو دیکھ کر اُسے یاد کرتے رہے۔ راوی نے کہا اور ان کی اولاد نے یہ دَور پالیا، پھر وہ دیکھتے رہے کہ جو کچھ ان کے بڑے کرتے رہے، اور پھر نسل آگے بڑھی (اور پھیلی) اور جب اس کے ذکر کا سلسلہ کچھ پُرانا ہوگیا یہاں تک کہ جہالت سے پچھلے اور آنیوالی نسلوں نے اسے خدا بنالیا کہ اللہ تعالےٰ کو چھوڑ کر اس کی عبادت کرنے لگے۔ (راوی نے کہا) سب سے پہلے زمین پر اللہ تعالیٰ کے علاوہ جس کی عبادت کی گئی وہ یہی بُت ہے کہ جس کا نام لوگوں نے وَد رکھا ہے۔ (ت)

---

[1] الدر المنثور بحوالہ عبد بن حمید تحت آیۃ ۷۱/۲۳ دار احیاء التراث العربی بیروت ۸/۲۷۲-۲۷۳

نیز صحیحین بخاری ومسلم میں ام المومنین صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے ہے :

لما اشتکی النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ذکر بعض نسائہ کنیسۃ یقال لہا ماریۃ وکانت ام سلمۃ وام حبیبۃ رضی اللہ تعالٰی عنہما اتتا ارض الحبشۃ فذکرتا من حسنہا وتصاویر فیہا فرفع صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم رأسہ فقال اولئك اذا مات فیہم الرجل الصالح بنوا علی قبرہ مسجدا ثم صوروا فیہ تلك الصور و اولئك شرار خلق اللہ عند اللہ[1]

جب حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم بیمار ہوئے تو آپ کی بعض بیویوں نے ایک گرجے کا ذکر فرمایا کہ جس کو ماریہ کہا جاتا تھا چنانچہ سیدہ ام سلمہ اور ام حبیبہ رضی اللہ تعالٰی عنہما (اللہ تعالٰی ان دونوں سے راضی ہو) ملکِ حبشہ میں تشریف لے گئیں، پھر انھوں نے وہاں یہ گرجا دیکھا، دونوں نے اسکے حسن اور اس میں سجی تصویروں کا تذکرہ فرمایا، تو حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اپنا سر مبارک اٹھا کر فرمایا: جب ان لوگوں میں کوئی نیک اور صالح آدمی مرجاتا تو اس کی قبر پر مسجد تعمیر کرتے پھر ان تصویروں کو سجا کر اس میں رکھ دیتے وہی اللہ تعالٰی کی بدترین مخلوق ہیں۔ (ت)

مرقاۃ شرح مشکوۃ شریف میں ہے :

صوروا ای صور الصلحاء تذکیرا بہم وترغیبا فی العبادۃ لاجلہم ثم جاء من بعدہم فزین لہم الشیطن اعمالہم وقال لہم سلفکم یعبدون ہذہ الصور فوقعوا فی عبادۃ الاصنام[2]

(حدیث شریف میں ہے کہ) وہ نادان لوگ اچھے اور صالح لوگوں کی تصویریں بنا کر اپنی عبادت گاہوں میں سجا کر رکھ دیتے تاکہ ان کی یاد آتی رہے اور ان کے ذریعے عبادتِ الٰہی کی طرف رغبت پیدا ہو۔ پھر اُن کے بعد جب اور لوگ دنیا میں آئے تو شیطان نے پہلوں کے کارنامے اُن آنیوالے لوگوں کی نگاہوں میں آراستہ کرکے پیش کئے اور ان سے کہا کہ تمھارے اسلاف ان تصوروں کی پرستش کیا کرتے تھے، تو پھر یہ بھی ان کی عبادت میں مصروف ہوگئے۔ (ت)

---

[1] صحیح البخاری کتاب الجنائز باب بناء المسجد علی القبر قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۱۷۹
صحیح مسلم کتاب المساجد باب النہی عن بناء المسجد علی القبور قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۲۰۱

[2] مرقاۃ المفاتیح شرح المشکوۃ کتاب اللباس باب التصاویر المکتبۃ الحبیبیہ کوئٹہ ۸/۲۶۲

رسول اللہ صلے اللہ تعالے علیہ وسلم نے فرمایا:

لا تدخل الملٰئکۃ بیتا فیہ کلب و لا صورۃ[1] رواہ الائمۃ احمد والستۃ والطحاوی عن ابی طلحۃ[2] والبخاری و الطحاوی عن ابن عمر[3] وعن ابن عباس[4]، ومسلم وابوداؤد والنسائی والطحاوی عن ام المؤمنین میمونۃ، و مسلم وابن ماجۃ والطحاوی عن ام المؤمنین الصدیقۃ و احمد ومسلم والنسائی والطحاوی و ابن حبان عن ابی ھریرۃ[5] والامام احمد و الدارمی وسعید بن منصور وابوداؤد والنسائی وابن ماجۃ وابن خزیمۃ وابو یعلی والطحاوی وابن حبان والضیاء والشاشی وابو نعیم فی

رحمت کے فرشتے اس گھر میں نہیں آتے جس میں کتا یا تصویر ہو (ائمہ محدثین مثلاً امام احمد، دوسرے چھ ائمہ حدیث اور امام طحاوی نے حضرت ابوطلحہ سے اس کو روایت فرمایا۔ نیز بخاری اور طحاوی نے حضرت عبداللہ ابن عمر، اور حضرت ابن عباس سے اس کو روایت کیا۔ امام مسلم، ابوداؤد، سنن نسائی اور طحاوی نے ام المومنین سیدہ میمونہ سے اور مسلم، ابن ماجہ اور امام طحاوی نے ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ سے اس کو روایت کیا ہے۔ مسند احمد، مسلم، نسائی، طحاوی اور ابن حبان نے بحوالہ حضرت ابوہریرہ اس کو روایت کیا ہے (اور اسی طرح) امام احمد، دارمی، سعید بن منصور، ابوداؤد، نسائی، ابن ماجہ، ابن خزیمہ، ابویعلی، طحاوی، ابن حبان، الضیاء، الشاشی، اور ابونعیم نے

---

[1] مسند احمد بن حنبل عن ابی طلحہ ۴/۲۸ و صحیح البخاری کتاب بدء الخلق ۱/۴۵۸، ۴۶۸
صحیح مسلم کتاب اللباس ۲/۲۰۰ و سنن ابی داؤد کتاب اللباس ۲/۲۱۹
جامع الترمذی ابواب الادب ۲/۱۰۳ و سنن النسائی ص ۲۹۹
شرح معانی الآثار کتاب الکراہیۃ باب الصور تکون فی الثیاب ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۲/۴۰۰

[2] " " عن ابن عباس " " " ۱/۴۰۰
صحیح البخاری کتاب المغازی ۲/۵۷۰ و کتاب اللباس ۲/۸۸۱

[3] صحیح مسلم ۲/۱۹۹ و مسند احمد بن حنبل ۶/۳۳۰ و سنن ابی داؤد ۲/۲۱۷

[4] صحیح مسلم ۲/۲۰۰ و ۲۰۱ و سنن ابن ماجہ ص ۲۱۸ و شرح معانی الآثار ۲/۴۰۰ و ۴۰۱

[5] " " ۲/۲۰۲ و سنن النسائی ۲/۳۰۱ و شرح معانی الآثار ۲/۳۰۴

37

الحلیة عن امیر المؤمنین[1] علی والامام مالك فی المؤطا والترمذی والطحاوی عن ابی سعید[2] الخدری، واحمد والطحاوی والطبرانی فی الکبیر[3] عن اسامۃ بن زید والطحاوی عن ابی ایوب الانصاری رضی اللّٰہ تعالٰی عنہم وقد فصلناھا فی فتاوٰنا۔

حلیہ میں امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے اس کو روایت کیا ہے۔ نیز امام مالک نے "موطا" میں، ترمذی اور طحاوی نے "معجم کبیر" میں حضرت اسامہ بن زید سے اس کو روایت فرمایا۔ اور اسی طرح طحاوی نے حضرت ابو ایوب انصاری کے حوالہ سے اس کو روایت فرمایا، اللہ تعالٰی ان تمام بزرگوں سے راضی ہو۔ اور ہم نے ان سب باتوں کو اپنے فتاوٰی میں تفصیل سے بیان فرمایا ہے (ت)

اور اس میں کسی معظم دینی کی تصویر ہونا نہ عذر ہو سکتا ہے نہ اس وبالِ عظیم سے بچا سکتا ہے بلکہ معظم دینی کی تصویر زیادہ موجب وبال و نکال ہے کہ اس کی تعظیم کی جائے گی اور تصویر ذی روح کی تعظیم خاصی بُت پرستی کی صورت اور گویا ملتِ اسلامی سے صریح مخالفت ہے۔ ابھی حدیث سُن چکے کہ وہ اولیا ہی کی تصویریں رکھتے تھے جس پر اُن کو بدترین خلق اللہ فرمایا۔ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام سے بڑھ کر کون معظم دین ہوگا اور نبی بھی کون حضرت شیخ الانبیاء خلیل کبریا سیدنا ابراہیم علٰی ابنہ الکریم علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم کہ ہمارے حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے بعد تمام جہان سے افضل و اعلٰی ہیں ان کی اور حضرت سیدنا اسمٰعیل ذبیح اللہ و حضرت بتول مریم علیہم الصلوٰۃ کی تصویریں دیوار کعبہ پر کفار نے منقش کی تھیں، جب مکہ معظمہ فتح ہوا حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے امیر المؤمنین فاروق اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ کو پہلے بھیج کر وہ سب محو کرادیں۔ جب کعبہ معظمہ میں تشریف فرما ہوئے بعض کے نشان کچھ باقی پائے پانی منگا کر بنفسِ نفیس انھیں دھویا اور بنانے والوں کو قاتل اللہ فرمایا اللہ انھیں قتل کرے،

هذا معنی ماروی البخاری فی صحیحه والامام

جو کچھ امام بخاری نے اپنی صحیح میں روایت فرمایا

[1] سنن ابی داؤد ۲/ ۲۱۶ و سنن النسائی ۲/ ۳۰۰ و شرح معانی الآثار ۲/ ۴۰۰
[2] جامع الترمذی ۲/ ۱۰۴ و مؤطا امام مالک ماجاء فی الصور والتماثیل ص ۷۲۶
[3] مسند احمد بن حنبل ۵/ ۲۰۳ و المعجم الکبیر حدیث ۳۸۷ ۱/ ۱۶۲ و شرح معانی الآثار ۲/ ۴۰۰
[4] شرح معانی الآثار کتاب الکراہیۃ باب الصور تکون فی الثیاب ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۲/ ۴۰۰
صحیح البخاری کتاب المناسک ۱/ ۲۱۸ و کتاب الانبیاء ۱/ ۴۷۳ قدیمی کتب خانہ کراچی
سنن ابی داؤد کتاب المناسک ۱/ ۲۷۷ و مسند احمد بن حنبل عن ابن عباس ۱/ ۳۳۵ و ۳۶۵

الطحاوی عن ابن عباس و الامام احمد وابو داؤد عن جابر بن عبد الله وعمر بن شیبة والامام الطحاوی عن اسامة بن زید رضی الله تعالٰی عنہم کما فصلناہ فی فتاوٰنا۔

اس کا مفہوم اور معنٰی یہی ہے، امام طحاوی نے حضرت عبداللہ ابن عباس سے۔ امام احمد، ابوداؤد نے حضرت جابر بن عبداللہ کے حوالہ سے۔ اور عمر بن شیبہ اور امام طحاوی نے اسامہ بن زید سے اس کو روایت کیا ہے رضی اللہ تعالٰی عنہم۔ جیسا کہ ہم نے اپنے فتاوٰی میں اسکو مفصل بیان کیا ہے (ت)

ہاں بادی النظر میں یہاں یہ شبہہ گزر سکتا ہے کہ صاحبزادہ موصوف کی یہ تصویر صرف سینے تک ہے اور انسان اتنے جسم سے زندہ نہیں رہتا۔ اور درمختار میں ہے کہ جب تصویر سے وہ عضو محو کر دیا جائے جس کے بغیر حیات نہ ہو تو وہ ممانعت سے مستثنٰی ہے۔

حیث قال (اوکانت صغیرة) لاتتبین تفاصیل اعضائھا للناظر قائما وھی علی الارض ذکرہ الحلبی (او مقطوعة الراس او الوجه) او ممحوة عضو لاتعیش بدونه (اولغیر ذی روح) لایکرہ[1]

چنانچہ فرمایا اگر تصویر اتنی چھوٹی ہو کہ زمین پر رکھی ہو تو کھڑے ہو کر دیکھنے والے کو اس کے اعضا کی تفصیل معلوم نہ ہو سکے، چنانچہ حلبی نے اس کو بیان فرمایا یا اس کا سر یا چہرہ کاٹ دیا گیا ہو یا اس کے کسی ایسے اندام کو مٹا دیا گیا ہو کہ جس کے بغیر وہ زندہ نہ رہ سکے یا کسی غیر جاندار کی تصویر ہو تو ان ساری صورتوں میں کراہت نہ ہوگی (ت)

اور بنانے کے بعد مٹا دینا اور سرے سے نہ ہونا دونوں کا ایک حکم ہے۔ ردالمحتار میں ہے:

قوله او مقطوعة الرأس ای سواء کان من الاصل او کان لھا رأس ومحی[2] اقول و باللہ التوفیق وبه الوصول الی ذری التحقیق۔

مصنف کا قول کہ یا تصویر کا سر کاٹ دیا گیا، یعنی اصل سے اس کا سر نہ ہو، یا سر ہو لیکن اسے مٹا دیا گیا ہو اقول (میں کہتا ہوں) اللہ تعالٰی کے کرم ہی سے توفیق حاصل ہوتی ہے اور اسی کی وجہ سے آدمی تحقیق کی چوٹی تک پہنچ سکتا ہے (ت)

یہاں یہ قول اس کا ہو سکتا ہے جس نے خدمت فقہ وحدیث نہ کی نہ اُسے مقاصد شرع پر نظر ملی، **اولاً** مقام تنقیح میں سرے سے یہ عبارت دُرہی محلِ نظر ہے فقیر نے جس قدر کتب فقہیہ متون وشروح

---

[1] درمختار کتاب الصلٰوۃ باب مایفسد الصلٰوۃ ومایکرہ فیہا مطبع مجتبائی دہلی ۱/۹۲
[2] ردالمحتار " " " " دار احیاء التراث العربی بیروت ۱/۴۳۶

وفتاوٰی حاضر ہیں سب کی طرف مراجعت کی، بیانِ حکم میں اس تعمیم میں درمختار کا سلف نہ پایا یہاں تک کہ بحر و درر کہ اکثر ماخذ کتاب ہیں ان میں بھی اس کا نشان نہیں، عامہ کتب مثل ہدایہ و وقایہ و نقایہ و کنز و وافی و غرر و اصلاح و ملتقی و منیہ و نور الایضاح و ہدایہ و شرح وقایہ و برجندی و تبیین و کافی و درر و ایضاح و مجمع الانہر و مراقی الفلاح و فتح القدیر و عنایہ و خانیہ و خزانۃ المفتین و ہندیہ حتی کہ خود جامع صغیر محرر مذہب امام محمد رحمہ اللہ تعالٰی میں صرف ذکرِ راس پر اقتصار فرمایا کہ اگر تصویر بے سر کی ہو یا اس کا سر کاٹ دیں تو کراہت نہیں، اور خلاصہ پھر اس کی تبعیت سے تنویر الابصار و حلیہ و بحر الرائق و جامع الرموز و غنیہ و صغیری و شرنبلالیہ و عبد الحلیم علی الدررمیں "وجہ" کا اضافہ کیا کہ چہرہ مٹا دینا بھی سر کاٹ دینے کی مثل ہے ذخیرۃ العقبٰی و شلبی علی الزیلعی و حسن عجیمی علی الدرر و سعدی افندی علی العنایہ و مسکین علی الکنز کہ سید ابو السعود ازہری نے بھی کہ درمختار سے کثیر الاخذ ہیں زیادت سے اصلاً تعرض نہ کیا **اقول** اور ذکرِ "وجہ" حقیقۃً زیادت نہیں کہ راس کا اطلاق اکثر چہرہ پر آتا ہے گردن جدا کر دینے کو سر کاٹنا ہی کہتے ہیں تو مقصود خلاصہ اس کا افادہ بھی ہے کہ محو بھی مثلِ قطع ہے اس کی عبارت یہ ہے:

ان کان مقطوع الراس لاباس بہ ولو محی وجہ الصورۃ فہو کقطع الراس[1]

اگر تصویر کا سر کاٹ دیا گیا تو پھر اس کے رکھنے میں کوئی حرج نہیں، اور تصویر کے چہرے کو مٹا دینا سر کاٹنے کی طرح ہے۔ (ت)

ثم اقول (پھر میں کہتا ہوں۔ ت) دیگر اعضا وجہ و راس کے معنٰی میں نہیں اگرچہ مدارِ حیات ہونے میں مماثل ہوں کہ چہرہ ہی تصویر جاندار میں اصل ہے، ولہذا سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی نے اسی کا نام تصویر رکھا اور شک نہیں کہ فقط چہرہ کو تصویر کہتے اور بنانے والے بارہا اسی پر اقتصار کرتے ہیں ملوک نصارٰی کہ سکہ میں اپنی تصویر چاہتے ہیں اکثر فقط چہرہ تک رکھتے ہیں اور بیشک عامہ مقاصد تصویر چہرے سے حاصل ہوتے ہیں وانما الشیئ بمقاصدہ (یہی بات ہے کہ شے اپنے مقاصد پر مبنی ہوتی ہے۔ ت) امام اجل ابو جعفر طحاوی حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی:

قال الصورۃ الراس فکل شیئ لیس لہ راس فلیس بصورۃ[2]۔

فرمایا: تصویر "سر" کا نام ہے لہذا جس چیز کا سر نہ ہو وہ تصویر نہیں (ت)

---

[1] خلاصۃ الفتاوٰی کتاب الصلٰوۃ الفصل الثانی الجنس فیما یکرہ فی الصلٰوۃ مکتبہ حبیبیہ کوئٹہ ۱/ ۵۸

[2] شرح معانی الآثار کتاب الکراہیۃ باب الصورت تکون فی الثیاب ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۲/ ۴۰۳

اور اسی طرف عبارتِ ہدایہ ناظر:

حیث قال اذا کان التمثال مقطوع الراس فلیس بتمثال [1]

چنانچہ (صاحب ہدایہ نے) فرمایا کہ جب کسی مجسمے کا سر کاٹ دیا گیا ہو تو پھر وہ مجسمہ نہ ہوگا۔ (ت)

بلکہ یہ جامع صغیر میں نصِ امام کبیر ہے:

محمد عن یعقوب عن ابی حنیفۃ رضی اللہ تعالٰی عنھم اذا کان راس الصورۃ مقطوعا فلیس بتمثال [2]

امام محمد نے امام ابویوسف کے حوالہ سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالٰی عنہم سے روایت فرمائی کہ اگر تصویر کا سر کاٹ دیا گیا ہے تو پھر وہ بلاشبہہ تمثال (مورتی) نہیں (ت)

لاجرم امام نسفی نے وافی و کافی میں تصریح فرمائی کہ اگر تصویر کا سر مقطوع نہیں کراہت مدفوع نہیں

وھذا نصہ لوکان فوق راسہ فی السقف او بین یدیہ او بحذائہ صورۃ غیر مقطوع راسھا کرہ [3]

امام نسفی کی تصریح یہ ہے اگر تصویر کسی شخص کے سر کے اوپر چھت میں موجود ہو یا اس کے سامنے ہو یا اس کے مقابل ہو لیکن اس کا سر نہ کاٹا گیا ہو تو کراہت ہوگی (ت)

ظاہر ہے کہ نیم قد یا سینہ تک کی تصویر پر بھی صادق ہے کہ اس کا سر مقطوع نہیں تو حکمِ منع مدفوع نہیں۔ واللہ تعالٰی اعلم

ثانیاً قولِ درمختار ہی لیجئے جس پر محشیوں نے تقریر اور خادمی نے حاشیہ درر میں تبعیت کی،

حیث قال مقطوعۃ الراس والمراد ممحوۃ عضو لاتعیش بدونہ کالوجہ [4]

چنانچہ اس نے کہا تصویر کا سر کاٹ دیا گیا ہو۔ مراد یہ ہے کہ اس کے کسی ایسے اندام کو مٹا دیا گیا ہو کہ جس کے بغیر زندگی نہیں ہو سکتی جیسے چہرہ (ت)

بیانِ مسئلہ میں اگرچہ یہ تعمیم فقیر نے کہیں نہ پائی مگر ایک مسئلہ کی دلیل میں کلامِ فتح سے اس کی

---

[1] الہدایۃ کتاب الصلوٰۃ باب ما یفسد الصلوٰۃ وما یکرہ فیہا المکتبۃ العربیہ کراچی ۱/۱۲۲
[2] الجامع الصغیر " باب فی الامام این تستحب لہ ان یقوم مطبع یوسفی لکھنؤ ص ۱۱
[3] کافی شرح وافی
[4] حاشیۃ الدرر علی الغرر للخادمی کتاب الصلوٰۃ باب ما یفسد الصلوٰۃ مطبعۃ عثمانیہ ص ۷۰

طرف اشارہ سمجھا گیا،

اذقال لوقطع یدیھا و رجلیھا لاترفع الکراھۃ لان الانسان قد تقطع اطرافہ وھوحی[1]

جبکہ فتح القدیر میں فرمایا اگرکسی نے تصویر (فوٹو) کے ہاتھ پاؤں کاٹ دئے تو کراہت مرفوع نہ ہوگی اس لئے کہ کبھی انسان کے اطراف یعنی ہاتھ پاؤں وغیرہ کاٹ دئے جاتے ہیں مگر اس کے باوجود وہ زندہ ہوتا ہے۔(ت)

علامہ طحطاوی نے اس سے وہ تعمیم استنباط فرمائی حاشیہ مراقی الفلاح میں لکھا:

افاد بھذا التعلیل ان قطع الراس لیس بقید بل المراد جعلھا علی حالۃ لاتعیش معھا مطلقا[2]

اس تعلیل نے یہ فائدہ دیا کہ قطع الراس کا ذکر بطور قید نہیں بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ تصویر کو ایسی حالت میں کردینا کہ جس کی موجودگی میں وہ مطلقاً زندہ نہ رہ سکے۔(ت)

اقول (میں کہتا ہوں۔ت) اس استنباط میں نظر ظاہر ہے،

فان حاصل کلام الفتح ان ھذا مکروہ لکونہ علی حالۃ یعاش معھا وکل ماکان کذا فھو مکروہ ولایلزم منہ ان کل ماھو مکروہ فھو کذا فان الموجبۃ الکلیۃ لاتنعکس کنفسھا ووجدت نظیرہ فی الھدایۃ اذقال الطلاق علی ضربین صریح وکنایۃ فالصریح قولہ انت طالق ومطلقۃ و

فتح القدیر کے کلام کا حاصل یہ ہے کہ یہ مکروہ ہے اس لئے کہ شئی ایسی حالت پر ہے کہ جس کی موجودگی میں زندگی پائی جاسکتی ہے (مراد یہ کہ وہ حالت مانع حیات نہیں) اور ہر کام جو اس طرح ہو وہ مکروہ ہے لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا۔ ہر کام جو مکروہ ہے وہ اس طرح ہے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ موجبہ کلیہ کا عکس بنفسہا نہیں (یعنی موجبہ کلیہ کا عکس موجبہ کلیہ نہیں) میں نے ہدایہ میں اس کی نظیر پائی ہے کیونکہ صاحب ہدایہ نے فرمایا کہ طلاق کی دو قسمیں ہیں: (۱) صریح، (۲) کنایہ۔ چنانچہ طلاق صریح کی مثال مثلاً یہ

---

[1] فتح القدیر کتاب الصلوٰۃ فصل ویکرہ للمصلی الخ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر ۱/۳۶۳
[2] حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح کتاب الصلوٰۃ فصل فی المکروہات نور محمد کارخانہ تجارت کتب ص۱۹۹

طلقتك فهذا يقع به الطلاق الرجعی لان هذه الالفاظ تستعمل فی الطلاق ولاتستعمل فی غیرہ فکان صریحا وانه یعقب الرجعة بالنص ولا یفتقر الی النیة لانه صریح فیه لغلبة الاستعمال[1]۔ اقول فمناط الصراحة ھو غلبة الاستعمال کما افاد اٰخرا ممالم یستعمل فی غیرالطلاق کان اولٰی بالصراحة فیه فلذا اعلل الصراحة به فی الالفاظ الثلثة وھو لا یفید ان یستعمل فی غیرہ نادرا لایکون صریحا فیه وبالجملة وھو تعلیل بما یتضمن العلة مع شیئ زائد یفیدہ من باب اولٰی کذا ھٰھنا مناط المنع ھوالراس ولو وحدہ فاذا کان جمیع مایحتاج الیه للحیاة باقیا تضمن العلة شیئ مع زائدہ افاد المنع

کہا (اپنی منکوحہ کو مخاطب کرتے ہوئے) تو طلاق والی ہے (انتِ طالق)، تو طلاق ہوگئی ہے (انتِ مطلقة)، میں نے تجھے طلاق دے دی (طلقتك)، پس ان الفاظ سے طلاق رجعی واقع ہوگی۔ اس لئے کہ الفاظِ مذکورہ صرف طلاق میں استعمال کئے جاتے ہیں لہذا کسی دوسرے مفہوم میں استعمال نہیں کئے جاتے (اس لئے یہ طلاق کے الفاظ صریحہ ہیں) لہذا ان میں سے کسی ایک کے وقوع کے بعد رجعت ہوگی، اور یہ محتاج نیت نہیں، اس لئے کہ یہ افادیتِ معنٰی نہیں "صریح" ہیں، اور اس کی وجہ غلبۂ استعمال ہے اھ اقول (میں کہتا ہوں۔ ت) صراحت کا مدار غلبۂ استعمال ہے جیسا کہ آخر میں صاحبِ ہدایہ نے یہ افادہ پیش کیا' جو الفاظ بغیر طلاق نہ استعمال کئے جائیں وہ باب طلاق میں صریح ہونے کے زیادہ لائق ہیں، لہذا یہی وجہ ہے کہ مصنف نے الفاظ ثلاثہ مذکورہ میں صراحت بالطلاق ہونے کی تعلیل ذکر فرمائی ہے، یعنی الفاظ مذکورہ طلاقِ صریح کے الفاظ ہیں، اور علت غلبۂ استعمال ہے، اور یہ اس بات کیلئے مفید نہیں کہ اگر الفاظ مذکورہ بطور نادر غیر طلاق میں استعمال کئے جائیں تو پھر وہ مفہوم طلاق میں صریح نہ ہونگے (بلکہ اس کے باوجود وہ صریح طلاق کے الفاظ ہیں) (خلاصۂ کلام) وہ ایک ایسی چیز

---

[1] الهدایة کتاب الطلاق باب ایقاع الطلاق المکتبة العربیہ کراچی ۲/۳۳۹

بالاولی فلا تدافع بین کلامی الهدایۃ اولا و اٰخرا و قد کان افادھذا فی الفتح نفسہ اذقال ما غلب استعمالہ فی معنی بحیث یتبادر حقیقۃ او مجازا صریح فان لم یستعمل فی غیرہ فاولٰی بالصراحۃ فلذا رتب الصراحۃ فی ھذہ الالفاظ علی الاستعمال فی الطلاق دون غیرہ[1] اھ ثم زعم التدافع مع انہ قد اندفع بما قرر۔

کے ساتھ تعلیل ہے جو شیئ زائد سمیت علت پر مشتمل ہے، جو بطریق اولٰی حکم کے لئے مفید ہے۔ پس یہاں بھی اسی طرح ہے کہ منع کا مدار راٰس (سر) ہے اگرچہ اکیلا ہو، پھر جب تمام محتاج الیہ حیات باقی ہوں تو بھی علت شیئ زائد پر مشتمل ہوگی، تو پھر اس سے ممانعت بطریق اولٰی کا فائدہ ہوگا، لہذا صاحبِ ہدایہ کے پہلے اور پچھلے کلام میں کوئی تدافع اور تناقض نہیں، فتح القدیر میں بالکل یہی افادہ پیش فرمایا، جس لفظ کا استعمال کسی معنٰی میں غالب اور زیادہ تر ہو کہ بطور حقیقت یا مجاز وہی معنٰی متبادر ہو تو پھر وہ لفظ اس معنٰی میں "صریح" ہے۔ اور اگر کسی دوسرے معنٰی میں بالکل استعمال نہ کیا جائے تو پھر وہ اولٰی بالصراحۃ ہوگا، لہذا یہی وجہ ہے کہ ان الفاظ میں صراحت اس بات پر مرتّب ہے کہ الفاظ مذکورہ صرف معنی طلاق میں مستعمل ہیں نہ کہ کسی دوسرے معنی میں اھ پھر اس نے تدافع سمجھا حالانکہ وہ اس کی تقریر (اور اثبات ہے) دفع ہوگیا ہے۔ (ت)

وللہ الحمد اسی طرز پر ایک بحث میں ان کے تلمیذ امام ابن امیر حاج کے کلام سے اشارہ نکل سکتا ہے اور ویسا ہی اس کا جواب ہے،

حیث یقول اما قطع الراس عن الجسد بخیط مع بقاء الراس علی حالہ فلا ینفی

چنانچہ موصوف فرماتے ہیں اگر سر کو کسی دھاگے سے جدا اور قطع کیا جائے باوجودیکہ سر بدستور اپنے حال پر باقی رہے تو اس سے کراہت منفی

---

[1] فتح القدیر کتاب الطلاق باب ایقاع الطلاق مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر ۳۵۱/۳

الکراھۃ لان من الطیر ما ھو مطوق فلا یتحقق القطع بذلك كذا ذكروه وھو قاصر علی الطیر والظاھر ان الكراھۃ لا تنتفی فی غیرہ من الحیوانات بھذا الصنیع كما لا تنتفی فیہ فیحتاج الغیر الی توجیہ غیر ھذا ولعل الاولی ان یقال لان الحیوان الحی قد یجعل علی رقبتہ شیئ ساتر لھا من خیط او غیرہ لغرض من الاغراض فیكون ھذا بمنزلتہ فلا تزول بہ الكراھۃ ثم لم اقف علی انہ لو فصل بین نصفہ الاعلی والاسفل بخیط حتی صار كانہ مقطوع شطرین ھل تزول الكراھۃ الظاھر انھا لا تزول كما فی الراس لنحو ما ذكرنا آنفا فی الراس ولاسیما فی الآدمی فان ذلك یكون فیہ بمنزلۃ شد الوسط واللہ تعالٰی اعلم[1] اھ اقول والاتیان

نہ ہوگی کیونکہ کچھ پرندے مطوق (یعنی طوق کے ہوئے ہوتے ہیں) تو اس سے قطع نہیں پایا جاتا چنانچہ ائمہ کرام نے اسی طرح ذکر فرمایا۔ اور یہ صرف پرندے میں منحصر (بند) ہے۔ لیکن ظاہر یہ ہے کہ کراہت باقی حیوانات میں بھی اس توجیہ کے علاوہ کسی اور توجیہ کی ضرورت ہے، شاید اولٰی یہ ہے کہ کہا جائے کہ کبھی ایسا ہوتا ہے کسی نہ کسی غرض کی وجہ سے۔ اکثر دھاگہ وغیرہ کسی حیوان کی گردن پر رکھ دیا جاتا ہے جو اسکی گردن کو ڈھانپ دیتا ہے۔ لہذا یہ اسکی جگہ یعنی اس کے قائم مقام ہے، پس اس سے کراہت زائل نہ ہوگی۔ پھر میں اس پر واقف اور مطلع نہیں ہوا کہ اگر نصف اعلٰی اور نصف اسفل (یعنی اوپر اور نیچے کے حصہ میں) کسی دھاگے سے فصل کردیا جائے اور وہ اس طرح ہوجائے کہ گویا دو حصوں میں قطع کردیا گیا ہے تو کیا اس صورت میں کراہت زائل ہوجائیگی یا نہیں؟ ظاہر یہ ہے کہ کراہت زائل نہ ہوگی، جیسا کہ حالت راس (سر) میں کراہۃ زائل نہ ہوگی بشرطیکہ راس میں اُس طریقہ کے مطابق کارروائی کیجائے کہ جس کو راس میں ہم نے بیان کیا ہے، خصوصاً انسان میں، کیونکہ اس میں وہ کارروائی کمربستگی کے قائم مقام ہے۔ واللہ

[1] حلیۃ المحلی شرح منیۃ المصلی

بلفظ الظاھر فی الموضعین من شدۃ ورعہ رحمہ اللہ تعالٰی والا فالحکم مقطوع بہ فیھما ولا یتوھم احد ان لو ربط خیط فی عنق صورۃ انسان لابھیمۃ اوفی وسطھا ذھب الحکم الشرعی وجاز اقتناؤھا ثم لیس حاصلہ الامثل مافی الفتح ان کل مالاینافی الحیاۃ لاینفی الکراھۃ ولایلزم منہ ان کل ماینافی الحیاۃ ینفی الکراھۃ کما لایخفی الاتری ان کل مالاینافی الانسانیۃ لاینفی الحیوانیۃ اذ لونفی الحیوانیۃ ینافی الانسانیۃ ولیس ان کلما ینافی الانسانیۃ ینفی الحیوانیۃ کالصھیل والنھیق والترھب فان کل ذٰلک ینافی الانسانیۃ ولاینافی الحیوانیۃ۔

تعالٰی اعلم۔ **اقول** (میں کہتا ہوں) لفظ "ظاہر" دو جگہ ذکر کرنے سے مصنف علیہ الرحمۃ کی شدت ورع اور احتیاط ہے ورنہ دونوں میں حکم یقینی ہے۔ اور کوئی یہ وہم نہ کرے کہ اگر کسی انسانی تصویر کی گردن میں کوئی دھاگہ باندھا جائے یا اس کے وسط (درمیان) میں ایسا کیا جائے نہ کہ چوپایہ میں۔ پس اس صورت میں حکم شرعی ختم ہوجائیگا اور پھر اس کو محفوظ رکھنا جائز ہوگا۔ پھر اس کا حاصل بالکل وہی ہے جو فتح القدیر میں مذکور ہے۔ جو چیز حیات کے منافی نہ ہو تو وہ کراہت کی نفی نہیں کرتی، اور اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ جو چیز حیات کے منافی ہو وہ کراہت کی نفی کرتی ہے جیسا کہ یہ امر مخفی اور پوشیدہ نہیں، کیا تم دیکھتے نہیں کہ جو چیز انسانیت کے منافی نہیں وہ حیوانیت کی نفی نہیں کرتی کیونکہ اگر حیوانیت کی نفی ہو تو انسانیت کی نفی ہوجائے، اور ایسا نہیں کہ جو انسانیت کے منافی ہو اُس سے حیوانیت کی نفی ہوجائے جیسے صہیل (گھوڑے کا ہنہنانا) اور نہیق (گدھے کا ڈھیچوں ڈھیچوں کرنا) اور ترہب (راہب بننا) اس لئے کہ یہ سب کچھ انسانیت کے منافی ہے لیکن حیوانیت کے منافی نہیں۔ (ت)

عجب نہیں کہ مدقق علائی نے انھیں عبارات فتح وحلیہ کو دیکھ کر یہ تعمیم اضافہ فرمائی ہو حالانکہ وہ مفید تعمیم نہیں، ہاں کلام امام ابوجعفر طحاوی میں فقیر نے اس کی طرف اشارہ پایا،

حیث قال رحمہ اللہ تعالٰی بعد مااحتج علی من قال بکراھۃ الصورۃ مطلقا ولو لغیر حیوان کشجر

چنانچہ امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ نے ان لوگوں کے خلاف استدلال پیش کرنے کے بعد فرمایا جنھوں نے یہ کہہ دیا کہ تصویر مطلقاً مکروہ ہے اگرچہ غیر حیوان ہی کی کیوں نہ ہو، مثلاً درخت وغیرہ

مثلاً باحادیث فیہا الامر بقطع رأس التماثیل ما نصہ فلما ابیحت التماثیل بعد قطع رأسہا الذی لو قطع من ذی الروح لم یبق دل ذلك علی اباحۃ تصویر ما لا روح لہ وعلی خروج ما لا روح لمثلہ من الصور مما قد نہی عنہ فی الاثار التی ذکرنا فی ہذا الباب وقد روی عن عکرمۃ فی ہذا الباب ایضا ما حدثنا محمد بن النعمٰن (فذکر بسندہ) عن عکرمۃ عن ابی ہریرۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ قال الصورۃ الراس[1] الٰی اخر ما تقدم۔

کی تصویر۔ ان روایات کی وجہ سے کہ جن میں تماثیل (مجسمے) کے سر کاٹنے کا حکم دیا گیا ہے چنانچہ موصوف کی یہ نص ہے۔ جب قطع راس (سر الگ کردینا) کے بعد تماثیل کی اجازت دی گئی (اور اسے مباح قرار دیا گیا) لہذا اگر ذی روح کا سر کاٹ دیا جائے تو پھر وہ ذی روح کی صورت نہ رہے گی، اور یہ غیر ذی روح کی تصویر کے مباح ہونے کی دلیل ہے، اور جس میں روح نہ ہو وہ اس تصویر سے خارج ہے کہ جس سے اُن آثار میں منع کردیا گیا کہ جنھیں ہم نے اس باب میں ذکر کیا ہے، چنانچہ اس باب میں نیز حضرت عکرمہ سے وہ حدیث مروی ہے کہ جس کو ہم سے محمد بن نعمان نے بیان فرمایا، ہم اسے سند سے بحوالہ عکرمہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے بیان کرتے ہیں، فرمایا: تصویر سر کا نام ہے۔ آخر تک وہی کلام ہے جو پہلے بیان ہوچکا۔ (ت)

کلام دُر کے لئے یہ غایت ابدائے سند ہے **اقول** اگرچہ اُن کا آخر کلام اور حدیث ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے استناد بتا رہا ہے کہ تصویر نہ رہنا حکم منع سے خارج کرنے کا مدار ہے اور یہی چاہئے کہ شرع نے حکم منع تمثال ظاہر غیر مستہان پر فرمایا تو جب تک تمثال بلا اہانت ظاہر ہے منع باقی ہے، ہاں جب تمثال نہ رہے یا اہانت ہو منع نہ رہے گا کہ مناط منع منتفی ہوگیا قطع سر میں تمثال نہیں رہتی جیسا کہ حدیث ابوہریرہ وعبارتِ ہدایہ سے خود کلام امام اعظم سے گزرا بخلاف دیگر اعضا کہ جب تک چہرہ باقی تصویر باقی اگرچہ اور اعضا نہ ہوں، ولہذا جبریل امین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے حدیث آئندہ اور محرر مذہب امام محمد نے جامع صغیر اور جملہ کتب مذکورہ مذہب متون وشروح و فتاوٰی میں صرف نفی راس پر اقتصار فرمایا، واللہ تعالٰی اعلم، بہرحال اگر اسی پر چلئے **فاقول** وباللہ التوفیق (اللہ تعالٰی کی توفیق ہی کے سہارے میں کہتا ہوں۔ ت) تصویر میں حیات

---

[1] شرح معانی الآثار کتاب الکراہیۃ باب الصور تکون فی الثیاب ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۲/ ۴۰۳

آپ تو کسی حالت میں نہیں ہوتی نہ وہ کسی حال میں جملہ اعضائے مدارِ حیات کا استیعاب کرتی ہے عکسی میں تو ظاہر کہ اگر پُورے قد کی بھی ہو تو صرف ایک طرف کی سطح بالا کا عکس لائے گی خول میں نصف جسم بھی ہوتا تو عادۃً حیات ناممکن ہوتی نہ کہ صرف نصف سطح اور بُت میں بھی اندرونی اعضا مثل دل وجگر وعروق نہیں ہوتے اور ڈاکٹری کی ایک تصویر خاص لیجئے جس میں اندر باہر کے رگ پٹھے تک سب دکھائے جاتے ہیں تو رگوں میں خون کہاں سے آئے گا غرض تصویر کسی طرح استیعاب ما بہ الحیاۃ نہیں ہوسکتی فقط فرق حکایت وفہم ناظر کا ہے اگر اس کی حکایت محکی عنہ میں حیات کا پتا دے یعنی ناظر یہ سمجھے کہ گویا ذوالتصویر زندہ کو دیکھ رہا ہے تو وہ تصویر ذی روح کی ہے اور اگر حکایت حیات نہ کرے ناظر اس کے ملاحظہ سے جانے کہ یہ حی کی صورت نہیں میّت وبے روح کی ہے تو وہ تصویر غیر ذی روح کی ہے۔ سُنن ابی داؤد وجامع ترمذی وسنن نسائی وصحیح ابن حبان وشرح معانی الآثار امام طحاوی ومستدرک حاکم میں ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے ہے:

قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اتانی جبریل قال اتیتك البارحۃ فلم یمنعنی ان اکون دخلت الا انہ کان علی الباب تماثیل وکان فی البیت قرام ستوفیہ تماثیل کلب فمر براس التمثال الذی علی باب البیت فیقطع فیصیر کھیأۃ الشجرۃ ومر بالستو فلیقطع فلیجعل وسادتین منبوذتین توطان ومر بالکلب فلیخرج ففعل رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم[1]۔

(حضرت ابوہریرہ نے) فرمایا کہ حضور علیہ الصلٰوۃ والسلام نے فرمایا کہ میری خدمت میں حضرت جبرائیل حاضر ہوئے اور فرمایا کہ میں گزشتہ رات آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا لیکن مجھے اندر داخل ہونے سے صرف اس چیز نے روکا کہ دروازے پر تصویریں تھیں اور گھر میں بھی باریک پردہ تھا کہ جس پر تصویریں موجود تھیں نیز گھر میں کتا تھا لہذا آپ اس تصویر کے متعلق فرمادیں کہ اس کا سر کاٹ دیا جائے تاکہ وہ درخت کی طرح ہوجائے، اور پردے کے بارے میں فرمادیں کہ اُسے ٹکڑے ٹکڑے کردیا جائے اور دو مسندیں بنائی جائیں جو زمین پر ڈالی اور پاؤں سے روندی جائیں، اور کُتّے کے بارے میں فرمادیجئے کہ اسے باہر نکال دیا جائے تو حضور علیہ الصلٰوۃ والسلام نے سب کچھ اسی طرح کیا۔ (ت)

---

[1] سنن ابی داؤد کتاب اللباس باب فی الصور آفتاب عالم پریس لاہور ۲/ ۲۱۶
جامع الترمذی ابواب الادب باب ماجاء ان الملائکۃ لاتدخل بیتا الخ امین کمپنی دہلی ۲/ ۱۰۴
شرح معانی الآثار کتاب الکراہۃ باب الصور تکون فی الثیاب ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۲/ ۴۰۲

دیکھئے جبریل امین علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے بھی عرض کی کہ ان تصویروں کے سر کاٹنے کا حکم فرمادیجئے جس سے ان کی ہیأت درخت کے مثل ہوجائے حیوانی صورت نہ رہے اس کا صریح مفاد تو وہی ہے کہ بے قطع راس حکم منع نہ جائیگا کہ بغیر اس کے نرے پیڑ کی مثل ہوسکتی ہیں نہ صورت حیوانی سے خارج، اور اگر تنزل کیجئے تو اُس قدر تو لازم کہ ایسا کردیجئے جس سے وہ ایک بے جان کی صورت معلوم ہو اس سے حالت بے روحی مفہوم ہو، ولہذا علامہ سید طحطاوی رحمہ اللہ تعالٰی نے اسی قولِ دُر کی شرح میں فرمایا:

قولہ لا تعیش بدونہ انما لا تکرہ الصلٰوۃ الیھا لانھا صورۃ میت وھو لا یعبد[1] اھ **اقول** والاولٰی وھی لا تعبد لان المشرکین انما یعبدون المیت قال اللہ تعالٰی اموات غیر احیاء[2] نعم لا یصورونھم صورۃ میت بل حی۔

مصنف کا ارشاد کہ اس کے بغیر زندگی نہ ہو۔ پس ایسی تصویر کی طرف منہ کرکے نماز پڑھنا مکروہ نہیں کیونکہ وہ مردے کی تصویر ہے جبکہ مردے کی عبادت نہیں کیجاتی اھ **اقول** (میں کہتا ہوں کہ) زیادہ بہتر یہ ہے کہ کہا جاتا کہ مُردے کی صورت کی عبادت نہیں کی جاتی، اس لئے کہ مشرک تو مُردوں کی عبادت کیا کرتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالٰی نے ارشاد فرمایا: "وہ مُردے ہیں جو زندہ نہیں" ہاں یہ ضرور ہے کہ وہ مُردوں کی صورت پر اُن کی تصویریں نہیں بناتے بلکہ زندوں کی صورت پر ان کی تصویریں بناتے ہیں۔ (ت)

اور شک نہیں کہ عکسی تصویریں اگرچہ نیم قد یا سینہ تک بلکہ اگر صرف چہرہ کی ہوں ہرگز نہ مثل شجر ہوتی ہیں نہ مُردہ، ذوالصورۃ کی حکایت کرتی ہیں بلکہ یقیناً جیتے جاگتے کی صورت دکھاتی ہیں، اور ناظرین کا ذہن اُن سے حالت حیات ذوالصورۃ ہی کی طرف جاتا ہے کوئی نہیں سمجھتا کہ یہ مردہ کی صورت ہے اور مدار حکم اسی فہم پر تھا، نہ حیات وموت حقیقی پر جس سے تصویر کو بہرہ نہیں۔ آیا نہیں دیکھتے کہ سلاطین نصارٰی اپنی ایسی ہی ناقص تصویریں سکہ پر منقوش کراتے ہیں اگر اُس سے حالتِ موت مفہوم ہوتی تو کبھی نہ چاہتے کہ سکہ میں اپنی مردہ کی صورت دکھائیں تو انصافاً عبارتِ دُرمختار بھی ان تصویروں سے نفیِ ممانعت نہیں کرتی وہ اس تصویر کے لئے ہے جسے توڑ پھوڑ کر اس حالت پر کردیں کہ اس میں حالت حیات کی حکایت نہ رہے جو اُسے دیکھے میت بے روح کی صورت جانے **اقول** (میں کہتا ہوں۔ ت) اور اب عجب نہیں کہ چہرہ کے سوا دیگر اعضائے مدارحیات کے عدم اصلی و اعدام بنقض و ابطال میں معنی مقصود بحکایۃ الحیاۃ عرفاً مفہوم ہونے نہ ہونے سے بعض صور میں فرق پیدا ہو بخلاف چہرہ کہ سرے سے نہ بنایا یا

---

[1] حاشیۃ الطحطاوی علی الدرالمختار کتاب الصلٰوۃ باب ما یفسد الصلٰوۃ دارالمعرفۃ بیروت ۱/ ۲۷۴

[2] القرآن الکریم ۱۶/ ۲۱

بنا ہوا توڑ دیا بہرحال حکایت نہیں ہوتی کما لایخفی فلیتسائل و باللہ التوفیق (جیسا کہ یہ بات پوشیدہ نہیں، پھر پوچھنا چاہئے، اور اللہ تعالٰی کے فضل ہی سے توفیق حاصل ہوسکتی ہے۔ ت)

ثالثاً بتوفیق اللہ وجل لکھ وہ تحقیق بیان کریں جس سے اس مبحث کے تمام علل و احکام واصول و فروع منجلی ہوں۔ تصویر ممنوع میں کراہت نماز و حکم ممانعت کی علت مشائخ کرام رحمہم اللہ تعالٰی نے مشابہت عبادتِ صنم بتائی، ہدایہ میں صراحۃً اسی میں حصر فرمایا:

حیث قال لاباس بان یصلی وبین یدیہ مصحف معلق اوسیف معلق لانہما لایعبدان وباعتبارہ تثبت الکراھۃ[1]

چنانچہ فرمایا کہ اس میں کوئی حرج نہیں کہ آدمی نماز پڑھے جبکہ اس کے سامنے مصحف شریف یا تلوار لٹکی ہوئی ہو اس لئے کہ ان دونوں کی عبادت نہیں کی جاتی، اور باعتبارِ عبادت کراہت ثابت ہوتی ہے۔ (ت)

فتح القدیر میں ہے:

قولہ وباعتبارہ تثبت الکراھۃ قدم المعمول لقصد افادۃ الحصر[2]

مصنف کا یہ کہنا کہ عبادت کی وجہ سے کراہت ثابت ہوتی ہے اس میں معمول کو مقدم کیا گیا ہے تاکہ حصر کا فائدہ حاصل ہو (ت)

تبیین الحقائق میں ہے:

لاتعبد اذا کانت صغیرۃ بحیث لاتبدو للناظر والکراھۃ باعتبار العبادۃ فاذا لم یعبد مثلہا لایکرہ[3]

جب تصویر چھوٹی ہو کہ دیکھنے والے کے لئے واضح نہ ہو تو اس کی عبادت نہیں کی جاتی اور کراہت بلحاظ عبادت ہے، پھر جب اس قسم کی تصویر کی عبادت نہ کی گئی تو کراہت نہیں (ت)

اور مصلی کے کپڑوں پر تصویر ہونے کی ممانعت کو حامل صنم کی مشابہت سے تعلیل فرمایا جیسا کہ ہدایہ و کافی و تبیین میں ہے:

---

[1] الہدایۃ کتاب الصلوٰۃ باب ما یفسد الصلوٰۃ وما یکرہ فیہا المکتبۃ العربیۃ کراچی ۱/۱۲۲

[2] فتح القدیر " فصل ویکرہ للمصلی مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر ۱/۳۶۱

[3] تبیین الحقائق " باب ما یفسد الصلوٰۃ وما یکرہ فیہا المطبعۃ الکبرٰی بولاق مصر ۱/۱۶۶

واللفظ للهدایۃ لولبس ثوبا فیہ تصاویر یکرہ لانہ یشبہ حامل الصنم والصلٰوۃ جائزۃ فی جمیع ذٰلک لاستجماع شرائطھا وتعاد علی وجہ غیر مکروہ[1]

ہدایہ میں یہ الفاظ ہیں کہ اگر کسی نے ایسا کپڑا پہنا کہ جس میں تصویریں ہیں تو مکروہ ہے اس لئے کہ یہ حالت بت اٹھانے والے کے مشابہ ہے اور نماز ان تمام صورتوں میں جائز ہے، اس لئے کہ اس کی تمام شرائط موجود ہیں البتہ غیر مکروہ صورت پر نماز کو لوٹایا جائے۔ (ت)

اس حصر کے منافی نہیں کہ وقت عبادت حامل صنم سے مشابہت بھی عبادت صنم سے مشابہت ہے مگر انھیں کتب سے تعلیل مسائل میں دو علتیں اور مفہوم ہوتی ہیں، ایک یہ کہ جہاں تصویر ممنوع رکھی ہو ملائکہ اُس مکان میں نہیں جاتے اور جس مکان میں ملائکہ رحمت نہ آئیں وہ ہر جگہ سے بدتر ہے، دوسرے تعظیم تصویر۔ ہدایہ میں ہے:

یکرہ ان یکون فوق راسہ فی السقف او بین یدیہ او بحذائہ تصاویر او صورۃ معلقۃ لحدیث جبریل انا لاندخل بیتا فیہ کلب وصورۃ[2]

یہ مکروہ ہے کہ کسی انسان کے سر کے اوپر چھت میں تصویر لگی ہوئی ہو یا اس کے سامنے ہو یا اس کے مقابل تصویریں ہوں یا کوئی تصویر لٹکی ہوئی ہو، اور اس کراہت کی وجہ حدیث جبرائیل ہے کہ انھوں نے فرمایا: "ہم ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے کہ جس میں کتا یا تصویر ہو۔ (ت)

کافی میں اتنا زائد کیا:

وبیت لاتدخل فیہ الملٰئکۃ شر البیوت[3]

جس گھر میں فرشتے داخل نہ ہوں وہ بدترین گھر ہے۔ (ت)

امام زیلعی نے دونوں تعلیلوں کو جمع فرمایا:

حیث قال لقولہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لاتدخل الملٰئکۃ بیتا فیہ

چنانچہ حضور علیہ الصلٰوۃ والسلام کے اس ارشاد کی وجہ سے فرمایا اور وہ یہ ہے کہ فرشتے ایسے

---

[1] الہدایۃ کتاب الصلٰوۃ باب مایفسد الصلٰوۃ ومایکرہ فیہا المکتبۃ العربیہ کراچی ۱/۱۲۲
[2] " " " " " " " " " ۱/۱۲۲
[3] کافی شرح وافی

كلب ولاصورة ولانه يشبه عبادتها فيكره[1]

گھر میں داخل نہیں ہوتے کہ جس میں کتا یا تصویر ہو۔ اور اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اس میں عبادتِ تصویر کی مشابہت ہے لہذا یہ مکروہ ہے۔ (ت)

نیز کتبِ ثلثہ میں ہے:

لوكانت الصورة على وسادة ملقاة او بساط مفروش لايكره لانها تداس وتوطأ بخلاف ما اذا كانت الوسادة منصوبة اوكانت على السترة لانه تعظيم لها[2] اھ هذا لفظ الهداية ولفظ الكافی والتبيين اوكانت على الستر اعنی بدون التاء[3] وهو اولی کمالایخفی۔

اگر کوئی تصویر پڑے ہوئے تکیے پر ہو یا بچھے ہوئے بچھونے پر ہو تو مکروہ نہیں اس لئے کہ اس صورت میں اسے پامال کیا جاتا ہے اور پاؤں میں رکھا جاتا ہے بخلاف اس صورت کے کہ جب تکیہ کھڑا کیا جائے یا پردے پر کوئی تصویر ہو (اس صورت میں کراہت ہوگی) اس لئے کہ تصویر کی تعظیم پائی گئی اھ یہ الفاظ ہدایہ کے ہیں، اور کافی اور تبیین کے یہ الفاظ ہیں یا کسی پردے پر تصویر کے نقوش ہوں۔ میری مراد یہ ہے کہ لفظ ستر کے آخر میں حرف تاء نہیں ہونا چاہئے اور یہ زیادہ بہتر ہے، جیسا کہ مخفی نہیں۔ (ت)

محقق نے فتح القدیر میں صرف مکان میں تصویر ممنوع بروجہ اکرام رکھے ہونے کی کراہت کو نماز کی طرف ساری بتایا اگرچہ تشبہ عبادت نہ ہو،

حيث قال لوكانت الصورة خلفه او تحت رجليه ففی شرح عتاب لاتكره الصلوٰة ولكن تكره كراهة جعل الصورة فی البيت للحديث ان الملئكة لاتدخل بيتا فيه كلب اوصورة الا

چنانچہ فتح القدیر نے فرمایا اگر تصویر پس پشت ہو یا اس کے دونوں پاؤں کے نیچے پڑی ہو تو شرح عتاب میں فرمایا کہ اس صورت میں نماز مکروہ نہ ہوگی لیکن تصویر کا گھر میں رکھنا مکروہ ہے اس حدیث کی بناء پر کہ "اس گھر میں رحمت کے فرشتے داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر ہو" مگر

---

[1] تبیین الحقائق کتاب الصلوٰة باب یفسد الصلوٰة ومایکرہ فیہا المطبعۃ الکبری بولاق مصر ۱/ ۱۶۶
[2] الہدایۃ " " " " " " المکتبۃ العربیہ کراچی ۱/ ۱۲۲
[3] تبیین الحقائق " " " " " " المطبعۃ الکبری بولاق مصر ۱/ ۱۶۷

ان هذا يقتضي كراهة كونها في بساط
مفروش وعدم الكراهة اذا كانت
خلفه وصريح كلامهم في الاول خلافه
قوله (اي صاحب الهداية) اشدها
كراهة ان تكون امام المصلي الى
ان قال ثم خلفه يقتضي خلاف
الثاني ايضا لكن قد يقال
كراهة الصلوٰة ثبتت
باعتبار التشبه بعبادة الوثن
وليسوا يستدبرونه ولا يطؤونه
فيها ففيما يفهم مما ذكرنا
من الهداية (اي من
الكراهة اذا كانت خلف
المصلي) نظر وقد يجاب
بانه لا بعد في ثبوتها في
الصلوٰة باعتبار المكان
كما كرهت الصلوٰة في
الحمام على احد التعليلين
وهو كونها ماوى الشياطين
فان قيل فلم لم يقل
بالكراهة ان كانت تحت
القدم وما ذكرت يفيده
لانها في البيت، وبه
يعترض على المصنف
ايضا حيث يقول لا يكره كونها

اس کا تقاضا تو یہ ہے کہ اگر تصویر کسی بچھے ہوئے
بچھونے پر ہو تو کراہت ہوگی لیکن اس وقت کراہت
نہ ہوگی جبکہ تصویر اس کے پیچھے ہو۔ اور درصورت
اول ائمہ کرام کا صریح کلام اس کے خلاف ہے۔
اور صاحبِ ہدایہ کا ارشاد کہ شدید تر کراہت ہوگی،
اگر کوئی تصویر نمازی کے آگے ہو۔ یہاں تک کہ
فرمایا پھر اس سے کم درجہ کراہت ہوگی جبکہ
تصویر اس کے پیچھے ہو۔ اور یہ صورت ثانیہ کے
خلاف کا تقاضا کرتی ہے لیکن کبھی یہ بھی کہہ دیا جاتا
ہے کہ نماز میں ثبوتِ کراہت کی وجہ یہ ہے کہ
اس میں عبادتِ صنم سے تشبہ ہے، حالانکہ کسی
صنم کے پجاری دونوں صورتوں میں نہ تو اس سے
پیٹھ پھیرتے ہیں نہ ہی اسے پامال کرتے ہیں لیکن
جو کچھ ہم نے ہدایہ سے ذکر فرمایا اس سے تو یہی
مفہوم ہوتا ہے کہ اگر تصویر نمازی کے پیچھے ہو تو
بھی کراہت ہوگی۔ لہذا اس قول میں نظر اور
اشکال ہے۔ لیکن کبھی یہ جواب دیا جاتا ہے کہ
بحیثیت مکان کراہتِ نماز کے ثبوت میں
کوئی بُعد نہیں۔ جیسا کہ ایک تعلیل کے مطابق
حمام میں نماز پڑھنا مکروہ ہے اس لئے کہ وہ
شیاطین کا ٹھکانا (اور مرکز) ہے۔ اگر کہا جائے
کہ یہ کیوں نہ کہا گیا کہ اگر تصویر پاؤں میں پڑی ہو
تو بھی کراہت ہوگی، حالانکہ جو کچھ بیان فرمایا گیا
اس سے تو یہ فائدہ حاصل ہوتا ہے، اس لئے
کہ تصویر گھر میں موجود ہے، باوجودیکہ اس سے

38

فی وسادۃ ملقاۃ فالجواب لایکرہ جعلها فی المکان کذٰلك لیتعدی الی الصلٰوۃ وحدیث جبریل مخصوص بذٰلك[1] اھ ملخصا۔

مصنف علیہ الرحمۃ پر اعتراض کیا جاسکتا ہے، اس لئے کہ وُہ فرمارہے ہیں کہ اگر پڑے ہوئے گدّے میں تصویر ہو تو کراہت نہ ہوگی، تو اس کا جواب یہ ہے کہ مکان میں بایں طور تصویر رکھنا مکروہ نہیں تاکہ نماز کی طرف تعدیہ ہو، اور حدیثِ جبریل اس سے مخصوص ہے اھ ملخصاً (ت)

اُن کے تلمیذ محقق ابن امیر الحاج نے حلیہ میں صرف امتناع ملٰئکہ کے علت ہونے کا استظہار اور تشبہ پر مدار سے انکار فرمایا، ہاں اُسے موجب زیادت کراہت بتایا،

وھذا نصه فان قیل ان کانت العلة فی الکراھة کون المحل الذی تقع فیه الصلٰوۃ لاتدخله الملٰئکة حینئذ لان شر البقاع بقعة لاتدخله الملٰئکة فینبغی ان تکرہ الصلٰوۃ فی بیت فیه الصورۃ سواء کانت مھانة اوغیر مھانة فان ظاھر نص الصحیحین عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم لاتدخل الملٰئکة بیتا فیه کلب ولاصورۃ یقتضی انه لاتدخل الملٰئکة ھذا البیت ایضا (ای مافیه الصورۃ مھانة) لان النکرۃ فی سیاق النفی عامة غایة الامر ان کراھة الصلٰوۃ فیما

چنانچہ محقق موصوف کی یہ تصریح ہے، اگر کہا جائے کہ کراہت کی علت گھر میں فرشتوں کا داخل نہ ہونا ہے تو جس گھر میں تصویر موجود ہو وہاں نماز مکروہ ہو وہ تصویر خواہ تذلیل کی صورت میں ہو یا غیر تذلیل کی صورت میں ہو، کیونکہ بخاری اور مسلم کی ظاہر نص یہی چاہتی ہے کہ اس گھر میں بھی فرشتے داخل نہ ہونگے جس میں تصویر بصورتِ تذلیل ہی رکھی ہو کیونکہ نکرہ سیاقِ نفی میں عام ہوتا ہے اور نص جو حضور اکرم (صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وصحبہ وسلم) سے مروی ہے وہ یہ ہے کہ اس گھر میں فرشتے داخل نہیں ہوتے کہ جس میں کتا یا تصویر موجود ہو۔ (نکرہ سیاقِ نفی میں عام ہوتا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ حدیث پاک میں لفظ "بیتاً" نکرہ ہے جس کا معنی "کوئی گھر" ہے اور یہ "لاتدخله" جو جملہ منفیہ ہے اسکے تحت داخل ہے یعنی فرشتے

---

[1] فتح القدیر کتاب الصلٰوۃ باب یفسد الصلٰوۃ ومایکرہ فیہا مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر ۱/۳۶۲

اذا کانت الصورۃ فی موضع سجودہ او امامہ اوفوقہ اشد و ان کانت العلۃ فی الکراھۃ التشبہ بعبادۃ الصورۃ فلا تکرہ اذا لم تکن امامہ ولا فوق راسہ لان التشبہ لایظھر الا اذا کان علی احد ھذین الوجھین فالجواب ان الذی یظھران العلۃ ھی الامر الاول واما الباقی فعلاوۃ تفید اشدیۃ الکراھۃ غیر ان عموم النص المذکور مخصوص باخراج ما تقدم اخراجہ من الکراھۃ[1] اھ ملخصًا۔

کسی ایسے گھر میں نہیں جاتے جہاں کسی بھی حالت میں تصویر موجود ہو۔مترجم) انتہائی شدت ہے کہ نماز میں اس صورت میں شدید تر کراہت ہوگی جبکہ تصویر محلِ سجدہ میں ہو یا نمازی کے آگے یا اس کے اوپر ہو۔ اور اگر کراہت کی علت عبادتِ تصویر سے تشبہ ہو تو اگر تصویر نمازی کے آگے یا اس کے سر کے اوپر نہ ہو تو کراہت نہ ہوگی کیونکہ تشبہ صرف ان دو صورتوں میں ظاہر ہوتا ہے ——————

—————— جواب یہ ہے کہ جو کچھ ظاہر ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ علت صرف پہلا امر ہے، اور اس کے علاوہ جو کچھ باقی ہے وہ شدید تر کراہت کا فائدہ دیتا ہے۔ علاوہ یہ کہ نص مذکور کا عموم، مخصوص منہ البعض ہے کہ اس سے وہ کراہت خارج کر دی گئی کہ جس کے اخراج کا ذکر پہلے آگیا ہے اھ ملخصًا (ت)

اسی بنا پر صورِ صغار سے نفی کراہت کی دلیل کہ ہدایہ وکافی وتبیین وعامہ مشائخ کرام نے افادہ فرمائی اور اُن کے شیخ محقق علی الاطلاق نے اس پر تقریری اعتراض فرمادیا،

فقال اما عدم الکراھۃ اذا کانت الصورۃ صغیرۃ لاتظھر للناظر علی بعد فقالوا لانھا لاتعبد والکراھۃ انما کانت باعتبار شبہ العبادۃ[2] وقد عرفت ما فی ھذا۔

محقق ابن ہمام نے فرمایا: رہی یہ بات کہ کراہت نہ ہوگی جبکہ تصویر اتنی چھوٹی ہو کہ دیکھنے والے کیلئے دُور سے واضح اور نمایاں نہ ہو تو ائمہ فقہ نے عدمِ کراہت کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ اس قدر چھوٹی تصویر کی عبادت نہیں کی جاتی، اور تحققِ کراہت باعتبار شبہ عبادت ہے، بلاشبہہ اس میں جو نقص ہے آپ اسے پہچان گئے (ت)

صاحبِ بحر نے بحر میں ان کی تبعیت کی بلکہ ان کے استظہار پر جزم کیا،

فقال انما لم تکرہ الصلٰوۃ فی بیت

مصنف بحرالرائق نے فرمایا: ایسے گھر میں نماز پڑھنی

---

[1] حلیۃ المحلی شرح منیۃ المصلی

[2] " " "

فیہ صورۃ مھانۃ مع عموم الحدیث ان الملئکۃ لاتدخلہ و ھو علۃ الکراھۃ لوجود مخصص (الی ان قال) الا ان تکون صغیرۃ لان الصغار جدا لاتعبد والکراھۃ انما کانت باعتبار شبہ العبادۃ کذا قالوا وقد عرفت مافیہ[1] اھ قال فی منحۃ الخالق مافیہ ای ان العلۃ لیست التشبہ بل عدم دخول الملئکۃ علیھم السلام[2] اھ

اقول کل کلامہ ھٰھنا ماخوذ عن الحلیۃ وان لم یعز الیھا و لم یقدم ما قدم ھو لنفی علیۃ التشبہ من لزوم ان لا تکرہ اذا لم تکن امامہ و لا فوقہ فلم یستقم لہ قولہ قد عرفت مافیہ۔

مکروہ نہیں کہ جس میں تصویر کی تذلیل ہو باوجود عموم حدیث کہ تصویر والے گھر میں فرشتے داخل نہیں ہوتے، اور ان کا غیر دخول کراہت کے لئے علت ہے باوجودیکہ اس کا مخصص موجود ہے، یہاں تک کہ فرمایا، مگر یہ کہ تصویر چھوٹی ہو، کیونکہ بلاشبہہ چھوٹی تصویروں کی عبادت نہیں ہوتی، اور کراہت باعتبار شبہہ عبادت ہے ائمہ کرام نے یونہی ذکر فرمایا۔ اور تمھیں معلوم ہے جو کچھ اس میں کمزوری ہے اھ، منحۃ الخالق میں فرمایا جو کچھ اس میں ہے (مافیہ) یعنی علت محض تشبہ نہیں بلکہ ملائکہ کرام علیہم السلام کا وہاں عدم دخول ہے[2] اھ

اقول (میں کہتا ہوں) یہاں اُن کا سارا کلام الحلیہ سے ماخوذ ہے اگرچہ اس کی طرف نسبت نہیں کی اور مقدم نہیں کیا (یعنی پہلے ذکر نہیں کیا) جو کچھ اس نے مقدم کیا تھا "علیۃ" تشبہ کی نفی کے لئے بوجہ اس لزوم کے کہ نماز مکروہ نہیں ہوتی جبکہ تصویر آگے اور اوپر نہ ہو۔ لہذا اس کا یہ کہنا کہ قد عرفت مافیہ ٹھیک اور مستقیم نہیں۔ (ت)

پھر محقق حلبی نے اثنائے کلام میں دو علت باقی اعنی تشبہ و تعظیم کی طرف بھی میل فرمایا یہاں تک کہ صورت تشبہ و شبہہ تعظیم کو موجب ٹھہرایا اور بحر نے بدستور اتباع کیا،

وھذا نص الحلیۃ بعد ما قدمنا عنھا وذکر الاحادیث المخصصۃ، قال نعم علی ھذا یقال ینبغی ان لا تکرہ الصلوۃ علی بساط فیہ صورۃ وان کانت فی

حلیہ کی یہ تصریح، اس کے بعد سے جو کچھ ہم اس کے حوالہ سے، پہلے بیان کر آئے ہیں، اور بعد ذکر فرمانے احادیثِ مخصصہ کے فرمایا چنانچہ اس نے کہا کہ ہاں اِس روش پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ پھر تو مناسب ہے کہ نماز ایسے بچھونے پر

---

[1] بحرالرائق کتاب الصلوٰۃ باب مایفسد الصلوٰۃ ومایکرہ فیہا ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۲۸/۲
[2] منحۃ الخالق علی البحرالرائق " " " " " " " " "

موضع السجود لان ذٰلك ليس
بمانع من دخول الملٰئكة كما افادته
هذه النصوص[1]، فان قلت
الكراهة فی هذه الصورة انما
هی معللة بالتشبه بعبادة الاصنام
لاغير قلت يمكن ان يقال وجود
التشبه المذكور فی هذه الصورة
ممنوع فان عباد التماثيل والصور
لايسجدون عليها وانما ينصبونها ويتوجهون
اليها بل الذی ينبغی ان يكره
علی هذا ما اذا كانت الصورة امامه
لافی موضع سجوده اللهم الا ان
يقال انها اذا كانت امامه فی موضع
سجوده تكون فی الصلٰوة صورة
التشبه بالعبادة لها فی حالة
القيام والركوع ثم فی حالة السجود
عليها ان لم يوجد التشبه بعبادتها
فهو لايعری عن نوع شبه بتعظيم
الصور لان ذلك يشبه فی صورة الخضوع
لها وتقبيلها ولاباس بهذا التوجيه
وان لم يذكروه۔

مکروہ نہ ہو کہ جس میں تصویر ہو اگرچہ وہ جائے سجدہ
میں ہو کیونکہ یہ دخول ملائکہ سے مانع نہیں جیسا کہ
ان نصوص نے افادہ بخشا۔ اگر کہا جائے کہ اس
صورت میں کراہت معللہ کی علت صرف تشبہ عبادت
اصنام ہے اور کچھ نہیں۔ میں کہتا ہوں ممکن ہے یہ
کہا جائے کہ اس صورت میں "تشبہ" مذکور کا پایا
جانا ممنوع (غیر مسلّم) ہے اس لئے کہ مورتیوں اور
تصویروں کے پجاری اُن پر سجدہ نہیں کرتے بلکہ انہیں
کھڑا کرکے ان کی طرف متوجہ رہتے ہیں بلکہ مناسب
یہ ہے کہ اس صورت میں کراہت اس وقت ہو
کہ جب تصویر اس کے آگے ہو نہ کہ اُس کے محل سجدہ
میں ہو۔ اے اللہ تیری ہی نصرت سے یہ کہا جائے
کہ جب تصویر اس کے آگے اس کی جائے سجدہ
میں ہو تو پھر نماز میں بحالتِ قیام اور رکوع تشبہ
عبادت صورتاً پایا جائے گا، پھر تصویر پر سجدہ کرنے
کی صورت میں اگرچہ تصویر کے لئے تشبہ عبادت
نہ پایا جائے گا تاہم یہ حال اس سے خالی نہ ہوگا
کہ اس میں تعظیم تصویر کا ایک نوع شبہ ہوگا۔
کیونکہ یہ صورت تصویر کے لئے عاجزی اور اسکی
بوسہ زنی کے مشابہ ہوگی، اور اس توجیہ کے ذکر
کرنے میں کچھ حرج نہیں اگرچہ ائمہ کرام نے اسے ذکر
نہیں فرمایا۔ (ت)

علامہ شامی نے تشبہ وتعظیم دو علتیں رکھیں اور امتناعِ ملائکہ سے تعلیل کو نامناسب ٹھہرایا

---

[1] حلیۃ المحلی شرح منیۃ المصلی

اولاً باتباع ہدایہ وغیرہا فرمایا:

علۃ کراھۃ الصلٰوۃ بھا التشبہ [1]

تصویر کے ساتھ نماز پڑھنے کی کراہت کی علت تشبہ عبادت ہے (ت)

پھر چند قول کے بعد لکھا:

قد ظھر من ھذا ان علۃ الکراھۃ فی المسائل کلھا اما التعظیم او التشبہ علی خلاف ما یاتی [2]

اس سے یہ ظاہر اور واضح ہوا کہ ان تمام مسائل میں کراہت کی علت دو چیزوں میں سے ایک چیز ہے (۱) تعظیم (۲) یا تشبہ عبادت۔ اس کے خلاف ہے جو کچھ آگے آئے گا۔ (ت)

پھر ایک صفحہ کے بعد کلام مذکور حلیہ و بحر تلخیص کر کے فرمایا:

اقول الذی یظھر من کلامھم ان العلۃ اما التعظیم او التشبہ کما قدمناہ والتعظیم اعم کما لو کانت عن یمینہ او یسارہ او موضع سجود فانہ لا تشبہ فیھا بل فیھا تعظیم وما کان فیہ تعظیم وتشبہ فھو اشد کراھۃ، وخبر جبریل علیہ الصلٰوۃ والسلام معلول بالتعظیم بدلیل الحدیث الاٰخر وغیرہ فعدم دخول الملٰئکۃ انما ھو حیث کانت الصورۃ معظمۃ وتعلیل کراھۃ الصلٰوۃ

میں کہتا ہوں جو کچھ ان کے (ائمہ کرام کے) کلام سے ظاہر ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ کراہت کی علت تعظیم یا تشبہ ہے، جیسا کہ ہم نے اس کو پہلے بیان کر دیا ہے، اور تعظیم زیادہ عام ہے جیسا کہ اگر تصویر اس کی دائیں یا بائیں طرف ہو یا اس کے محلِ سجدہ میں ہو (تو تعظیم پائی جائے گی) کیونکہ ان صورتوں میں تشبہ عبادت نہیں بلکہ ان میں صرف تعظیم ہے، لیکن جس صورت میں تعظیم اور تشبہ دونوں ہوں تو پھر اس میں شدید تر کراہت ہوگی، اور حضرت جبرئیل علیہ السلام کی خبر معلول بالتعظیم ہے اس کی دلیل دوسری حدیث وغیرہ ہے، اور فرشتوں کا داخل نہ ہونا وہاں ہے جہاں تصویر تعظیم سے رکھی ہو، اور نماز کے مکروہ ہونے کی تعلیل تعظیم کو

---

[1] ردالمحتار کتاب الصلٰوۃ باب مایفسد الصلٰوۃ ومایکرہ فیہا داراحیاء التراث العربی بیروت ۱/ ۴۳۵

[2] " " " " " " " " " ۱/ ۴۳۵

بالتعظیم اولٰی من التعلیل بعدم الدخول لان التعظیم قد یکون عارضا لان الصورۃ اذا کانت علی بساط مفروش تکون مھانۃ لاتمنع من الدخول ومع ھذا لو صلی علی ذٰلک البساط وسجد علیھا تکرہ لان فعلہ ذٰلک تعظیم لھا والظاھر ان الملٰئکۃ لاتمنع من الدخول بذٰلک الفعل العارض۔[1]

قرار دینا عدم دخول ملائکہ کو تعلیل قرار دینے سے کہیں بہتر ہے کیونکہ تعظیم کبھی عارضی ہوتی ہے مثلاً تصویر کسی بچھے ہوئے بچھونے پر تذلیل سے پڑی ہو تو پھر یہ دخولِ ملائکہ سے مانع نہ ہوگی۔ اس کے باوجود اگر اس بچھونے پر نماز پڑھے اور اس تصویر پر سجدہ کرے تو کراہت ہوگی، کیونکہ اس کا یہ فعل تصویر کی تعظیم ہے، اور ظاہر ہے کہ اس عارضی فعل کی وجہ سے فرشتے وہاں جانے سے نہیں رُکتے۔ (ت)

تعجب یہ کہ علامہ قوام کاکی نے درایہ میں بعض صورتیں تعظیم وتشبہ دونوں منتفی مان کر کراہت ثابت مانی۔ درمختار میں ہے:

اختلف فی ما اذا کان التمثال خلفہ والاظھر الکراھۃ۔[2]

اس میں اختلاف کیا گیا جبکہ تصویر پیٹھ پیچھے ہو، زیادہ ظاہر یہ ہے کہ کراہت ہوگی الخ (ت)

ردالمحتار میں ہے:

لکنھا فیہ ایسر لانہ لاتعظیم فیہ ولاتشبہ معراج۔[3]

لیکن کراہت اس میں زیادہ آسان ہے کیونکہ اس میں نہ تو تعظیم ہے اور نہ تشبہ، معراج (ت)

علامہ شامی نے اس نفی کی یہ توجیہ کی:

قلت وکان عدم التعظیم فی التی خلفہ وان کانت علی حائط او ستار فی استدبارھا استھانۃ لھا فیعارض مافی تعلیقھا من التعظیم بخلاف ماعلی بساط مفروش ولم یسجد علیھا فانھا مستھانۃ

میں کہتا ہوں اگر تصویر پیٹھ پیچھے ہو تو گویا اس کی کوئی تعظیم نہیں اگرچہ دیوار یا پردے پر ہو اس لئے کہ اُسے پیٹھ پیچھے رکھنے میں اس کی توہین و تذلیل ہے، اور تصویر لٹکانے میں جو اس کی تعظیم ہے وہ اس کے معارض ہے بخلاف اس صورت کے کہ تصویر بچھائے گئے بچھونے پر ہو لیکن اس پر سجدہ نہ کرے پھر وہ تو ہر وجہ

---

[1] ردالمحتار کتاب الصلوٰۃ باب مایفسد الصلوٰۃ وما یکرہ فیھا داراحیاء التراث العربی بیروت ۱/۴۳۶
[2] درمختار مطبع مجتبائی دہلی ۱/۹۲
[3] ردالمحتار کتاب الصلوٰۃ باب مایفسد الصلوٰۃ وما یکرہ فیھا داراحیاء التراث العربی بیروت ۱/۴۳۵

من کل وجہ[1]

ذلیل وخوار رہے۔ (ت)

اقول (میں کہتا ہوں) اور عجب تریہ کہ باوصف انتفائے وصفین اثبات کراہت کی یہ توجیہ فرماکر اس کے متصل ہی وہ لکھا کہ:

قد ظهر من هذا ان علة الكراهة فی المسائل كلها التعظيم او التشبه وهل هو الا تفريع على النقض[2]

اس میں اختلاف کیا گیا جبکہ تصویر پیٹھ پیچھے ہو کہ اس کا حکم کیا ہے) پس زیادہ ظاہر یہ ہے کہ کراہۃ ہوگی بیشک اس سے واضح ہوا کہ ان مسائل میں کراہت کی علت تعظیم یا تشبہ ہے، اور یہ تو نہیں مگر تفریع بر نقض۔ (ت)

یہ ہیں بظاہر سات رنگ کے اقوال، **وانا اقول** وباللہ التوفیق وبہ الوصول الی ذری التحقیق (اور میں کہتا ہوں اللہ ہی کی طرف سے توفیق ہے اور اسی سے ہے تحقیق کی بلندیوں تک پہنچنا۔ ت) افاداتِ مشائخ کرام کہ ہدایہ واتباعِ ہدایہ میں مذکور ہوئے ضرور حق وصحیح اور ہر غبار سے پاک ونجیح ہیں بیشک سوا تشبہ کے کچھ علت نہیں، اور بیشک تعظیم علت ہے، اور بیشک امتناع ملائکہ علت ہے، متاخرین کے اختلافات وترددات کا منشا ان امور ثلثہ میں تفارق سمجھنا ہے حالانکہ اُن میں باہم تلازم ہے تشبہ عبادت بے تعظیم ناممکن ہونا تو بدیہی کہ عبادت غایت تعظیم ہے جہاں اصلاً کسی طرح شائبہ تعظیم نہ ہو وہاں شبہ عبادت کیا معنی، ولہذا اگر بساط مفروش میں تصویر ہو اور وہ بساط جانماز نہ ہو نہ مصلی تصویر پر سجدہ کرے تو ہمارے ائمہ کے اجماع سے اصلاً کراہت نہیں کہ اب کوئی وجہِ تعظیم نہ پائی گئی تو تشبہ عبادت کہ یہی علت تھا متحقق نہ ہوا کما تقدم من الکتب الثلثۃ ومثلہ فی سائرھن (جیسا کہ تین کتابوں کے حوالے گزر چکے اور باقی کتابوں میں بھی اسی طرح ہے۔ ت) یونہی تعظیم تصویر تشبہ عبادت کو مستلزم کہ تعظیم دونوں کو جامع ہے جب اس کا درجہ اعلٰی عبادت ہے ادنٰی میں اُس سے مشابہت ہے **اقول** (میں کہتا ہوں) یہ اس لئے کہ تصویر کو کوئی علاقہ رب عزوجل سے نہیں اور حقیقی مستحق ہر تعظیم وہی حقیقی جلیل عظیم عزجلالہ ہے معظمانِ دینی کی تعظیم اسی کی طرف نسبت وعلاقہ سے ہے وہ غایت عظمت میں ہے تو غایت تعظیم اعنی عبادت اُسی کے لائق، دوسرے کہ اُس سے منتسب ہیں اپنی اپنی نسبتوں کے قدر اُس کے حکم سے دیگر معظمات نازلہ کے مستحق، تو یہ تعظیمیں اعطاء کل ذی حق حقہ کے قبیل سے ہوئیں بلکہ حقیقۃً اُسی کی تعظیم ہیں، ولہذا حضور سید العالمین اعظم المعظمین صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا:

ان من اجلال اللہ اکرام ذی الشیبۃ

بوڑھے مسلمان اور سنّی عالم اور عادل بادشاہ کی

[1] و [2] ردالمحتار کتاب الصلوٰۃ باب مایفسد الصلوٰۃ ومایکرہ فیہا داراحیاء التراث العربی بیروت ۱/ ۴۳۵

المسلم وحامل القرآن غیر الغالی فیہ والجافی عنہ واکرام السلطان المقسط رواہ ابوداؤد[1] بسند حسن عن ابی موسی الاشعری رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

تعظیمیں اللہ ہی کی تعظیم ہیں (امام ابوداؤد نے سند حسن کے ساتھ حضرت ابوموسٰی اشعری رضی اللہ تعالٰی عنہ سے اس کو روایت فرمایا ہے۔ ت)

مگر جس وجہ کو اس عظیم حقیقی سے علاقہ نہیں وہ اصلاً لائق تعظیم نہیں اور اب جو اس کی ذرا بھی تعظیم کی جائے گی استقلال کی بُو دے گی کہ علاقۂ تبعیت منتفی ہے لاجرم تشبہ عبادت سے مفر نہ ہوگا، ولہذا امام علام فخر الاسلام نے شرح جامع صغیر میں فرمایا:

امساك الصورة علی سبیل التعظیم ظاهرا مکروہ لان ذلك یشبہ عبادة الصنم اھ[2] نقلہ عنہ فی الحلیة۔

برملا بطور تعظیم کسی تصویر کو اٹھانا مکروہ ہے کیونکہ اس میں عبادتِ صنم سے مشابہت ہے اھ "الحلیہ" میں اس کو اسی راوی (ابوموسٰی اشعری) سے نقل کیا ہے۔ (ت)

یونہی امتناعِ ملائکہ اُسی گھر میں جانے سے ہوگا جہاں تصویر بروجہ تعظیم رکھی ہو ورنہ ہرگز نہیں، حدیث مذکور ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ اس میں نصِ صریح ہے، امین الوحی علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے اپنے نہ حاضر ہونے کی وجہ یہ عرض کی کہ پردہ پر تصویریں منقوش تھیں اور اس کا علاج یہ گزارش کیا کہ اسے کاٹ کر دو مسندیں بنائی جائیں کہ زمین پر ڈالی اور پاؤں سے روندی جائیں، اگر اس کے بعد بھی امتناع باقی رہتا تو علاج کیا ہوا،

فانتفی قول العتابی فیما کانت تحت قدمیہ انها تکرہ کراھة جعلها فی البیوت لاجل الحدیث وقد تقدم عن الفتح انہ خلاف صریح کلامهم اقول بل خلاف صریح کلام

لہذا علامہ عتابی کا قول منفی اور زائل ہوگیا کہ اگر تصویر قدموں میں پڑی ہو تو پھر بھی کراہت ہوگی کہ وہ گھر میں موجود ہے، اور ایسا حدیث کی وجہ سے ہے، اور فتح القدیر کے حوالہ سے پہلے بیان ہوچکا کہ بات کلامِ ائمہ کرام کے بالکل صریح خلاف ہے اقول (میں کہتا ہوں)

---

[1] سنن ابی داؤد کتاب الادب باب فی تنزیل الناس منازلهم آفتاب عالم پریس لاہور ۲/۳۰۹

[2] حلیة المحلی شرح منیة المصلی

محرر المذهب محمد حیث قال فی مؤطاہ بعد ما روی حدیثا فی المعنی وبھذا ناخذ ماکان فیہ من تصاویر من بساط یبسط اوفراش یفرش او وسادۃ فلاباس بذٰلک انما یکرہ من ذٰلک فی الستر وما ینصب نصبا وھو قول ابی حنیفۃ والعامۃ من فقہائنا[1] اھ وقد روی الطبرانی فی الاوسط عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم انہ رخص فیما کان یوطأ وکرہ ماکان منصوبا[2]۔

(یہی نہیں) بلکہ یہ محررِ مذہب (مذہب کو قلمبند کرنے والا) امام محمد کے کلام کے بھی صریح خلاف ہے جیسا کہ امام محمد نے اپنی مؤطا میں ارشاد فرمایا، بعد روایت کرنے حدیث کے اسی معنی میں یہی وجہ ہے کہ ہم اسی کو اختیار کرتے ہیں کہ جس بچھائے ہوئے بچھونے پر تصویریں ہوں یا بچھائے گئے فرش یا تکیے میں ہوں تو اُن میں کچھ حرج نہیں، ہاں اگر پردے پر نقش ہوں یا کسی کھڑی کی ہوئی چیز میں ہو تو ضرور کراہت ہوگی۔ اور یہی امام ابوحنیفہ اور ہمارے عام فقہائے کرام کا ارشاد ہے اھ اور امام طبرانی نے الاوسط میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ کے حوالے سے نبی مکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وآلہٖ وسلم سے روایت فرمائی کہ جو تصویر پامال اور ذلیل شدہ ہو آپ نے اس کی رخصت اور اجازت دی، اور جو استادہ اور بحالتِ قیام ہو اُسے ناپسند فرمایا۔ (ت)

رد المحتار میں ٹھیک کہا کہ:

عدم دخول الملٰئکۃ انما ھو حیث کانت الصورۃ معظمۃ[3]۔

فرشتوں کا کسی گھر میں داخل نہ ہونا اُس وقت ہے جبکہ تصویر عظمت سے رکھی ہو۔ (ت)

مرقاۃ شرح مشکوٰۃ میں ہے:

قال الخطابی انما لاتدخل

علامہ خطابی نے فرمایا: فرشتے اُس گھر میں

---

[1] مؤطا الامام محمد باب التصاویر والجرس وما یکرہ منہا آفتاب عالم پریس لاہور ص ۳۸۲
[2] المعجم الاوسط حدیث ۵۶۹۹ مکتبۃ المعارف ریاض ۶/ ۳۲۹
[3] رد المحتار کتاب الصلوٰۃ باب ما یفسد الصلوٰۃ وما یکرہ فیہا داراحیاء التراث العربی بیروت ۱/ ۴۳۶

الملئكة بيتا فيه كلب او صورة مما يحرم اقتناؤه من الكلاب و الصور واما ما ليس بحرام من كلب الصيد والزرع و الماشية ومن الصورة التی تمتهن فی البساط والوسادة وغيرهما فلا يمنع دخول الملئكة بيته، قال النووی والاظهر انه عام فی كل كلب وصورة وانهم يمتنعون من الجميع لاطلاق الاحاديث ولان الجرو الذی كان فی بيت النبی صلی الله تعالٰی عليه وسلم تحت السرير كان له فيه عذر ظاهر لانه لم يعلم به، و مع هذا امتنع جبريل عليه الصلٰوة والسلام من دخول البيت وعلله بالجرو اھ؎ ما نقله القاری مقرا عليه اقول ما قاله الامام النووی رحمه الله تعالٰی ورحمنا به محتمل فی الكلب علی نزاع ظاهر

نہیں داخل ہوتے کہ جس میں ایسا کتّا یا ایسی تصویر ہو اُن کتوں یا اُن تصویروں میں سے کہ جن کا محفوظ رکھنا حرام ہے۔ لیکن جس کتے اور تصویر کا محفوظ رکھنا حرام نہیں مثلاً شکاری کتا یا کھیتی باڑی اور مال مویشی کی حفاظت کے لئے کتا رکھنا، یا وہ تصویر جو توہین و تذلیل کی صورت میں بچھونے اور تکیے وغیرہ پر ہو (اور ایسی تصویر کا رکھنا حرام نہیں) لہٰذا یہ فرشتوں کو گھر میں داخل ہونے سے نہیں روکتی۔ امام نووی نے فرمایا: زیادہ ظاہر یہ ہے کہ حکم مذکور عام ہے ہر کتے اور ہر تصویر کو شامل ہے لہٰذا فرشتے اُن سب وجہوں سے جانے سے رک جاتے ہیں اس لئے کہ احادیث وارده میں اطلاق ہے (یعنی ان میں کوئی قید مذکور نہیں) اور اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ جو بچّہ سگ حضور علیہ الصلٰوۃ والسلام کے کاشانۂ اقدس میں تھا وہ تخت کے نیچے روپوش تھا اور اس میں حضور پاک کے لئے ایک واضح عذر تھا کیونکہ آپ کو اس کی پوری تفصیل معلوم نہ تھی (اور اسکی وجہ آپ کی توجہ بھی) پس اس کے باوجود حضرت جبرئیل علیہ الصلٰوۃ والسلام گھر میں داخل ہونے سے رُک گئے، اور اس کی وجہ یہ بیان فرمائی کہ گھر میں بچّہ سگ موجود ہے اھ جو حضرت ملا علی قاری نے اقرار کرتے ہوئے نقل فرمائی اقول

؎ مرقات المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح کتاب اللباس تحت حدیث ۴۴۸۹ ۸/ ۲۶۵ و ۲۶۶

فیما استدل له به وان تبعه
فیه الشیخ فی اشعة اللمعات
ورجع اخرا الی استثناء
کلب یحل اقتناؤه وذلك لانه
کم من فرق بین مارخصه
الشرع لحاجة وبین ماوقع
من غیر الرخص بدون
علم ومامثله الا کنجاسة
معفوة شرعا واخری
کثیرة صلی معها من دون
علم بها، اما ماذکر
فی الصورة فلا یصرح
حدیث جبریل المذکور،
وایضا اخرج البخاری
والامام احمد عن ام المؤمنین
انها کانت اتخذت علی سهوة
لها سترا فیه تماثیل
فهتکه النبی صلی الله
تعالٰی علیه وسلم قالت
فاتخذت منه نمرقتین
فکانتا فی البیت تجلس
علیهما[1] زاد احمد ولقد
رأیته متکئا علی احدٰیهما

(میں کہتا ہوں) جو کچھ امام نووی نے ارشاد فرمایا
(اللہ تعالٰی ان پر رحمت برسائے اور ان کے
طفیل ہم پر بھی رحمت کا نزول فرمائے) کتے میں
واضح نزاع کی وجہ سے اس کا احتمال ہے کہ جس
سے موصوف نے استدلال کیا ہے اگرچہ شیخ
محقق عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ نے بھی اس
مسئلہ میں ان کا ساتھ دیا ہے اور آخر میں اس
کتے کا استثناء فرمایا کہ جس کی حفاظت کرنا
شرعاً حلال اور جائز ہے، یہ اس لئے کہ بڑا
فرق ہے اس کے درمیان کہ جس کی کسی ضرورت
سے شریعت نے اجازت اور رخصت دی اور
اس کے درمیان کہ بغیر رخصت دئے بغیر
علم واقع ہوا۔ اور اس کی مثال نہیں مگر اس
مقدارِ نجاست کی طرح جو شرعاً معاف ہے۔
اور دوسری مقدار عفو سے بہت زیادہ ہے
کہ بغیر علم اس کے ساتھ کسی شخص نے نماز
پڑھی۔ لیکن جو کچھ تصویر (صورۃ) کے بارے
میں ذکر کیا گیا ہے تو ذکر کردہ حدیث جبریل
اس کی کوئی تصریح نہیں کرتی، نیز بخاری اور
امام احمد نے ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ
کے حوالے سے اس کی تخریج فرمائی کہ مائی صاحبہ
نے طاق پر ایک پردہ لٹکایا جس میں نقشی تصویریں
تھیں، تو حضور اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم

---

[1] صحیح البخاری کتاب المظالم والقصاص باب هل تکسر الدنان التی فیها الخمر قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/۳۳۷

وفیھا صورۃ[1] اھ وما کان رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لیترک فی البیت شیئا یمنع دخول جبریل علیہ الصلوٰۃ والتسلیم بل فی حدیثھا رضی اللہ تعالٰی عنھا عند الطحاوی قالت اشتریت نمرقۃ فیھا تصاویر فلما دخل علیّ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم رأھا تغیر ثم قال یا عائشۃ ماھٰذہ فقلت نمرقۃ اشتریتھا لك تقعد علیھا قال انا لاندخل بیتا فیہ تصاویر[2]، فالحق ان الامتناع مختص بغیر المھانۃ، واللہ تعالٰی اعلم۔

نے اُسے پھاڑ ڈالا۔ مائی صاحبہ نے فرمایا: پھر میں نے اس کے دو چھوٹے تکئے بنا ڈالے، وہ گھر میں رکھے ہوتے، اور ہم اہل خانہ ان پر بیٹھتے (یعنی ان سے ٹیک لگا کر بیٹھتے) امام احمد نے اس پر اتنا اضافہ کیا: بلاشبہہ میں نے حضور پاک کو دیکھا کہ آپ ان دونوں میں سے ایک پر ٹیک لگا کر تشریف فرما ہوتے جبکہ اس پر تصویر تھی اھ۔ حضور اقدس صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی ہرگز یہ شان نہیں کہ گھر میں کوئی ایسی چیز چھوڑ دیتے جو حضرت جبریل علیہ الصلوٰۃ والسلام کو گھر میں داخل ہونے سے روک رکھتی، بلکہ امام طحاوی کے نزدیک مائی صاحبہ رضی اللہ تعالٰی عنہا کی روایت کچھ اس طرح ہے، فرمایا: میں نے ایک تکیہ خریدا جس میں نقشی تصویریں تھیں پھر جب حضور اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لائے اور اُسے دیکھا تو چہرہ اقدس کا رنگ تبدیل ہوگیا اور ارشاد فرمایا: (اے عائشہ!) یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کی ایک چھوٹا سا تکیہ ہے جو میں نے آپ کی خاطر خریدا ہے کہ اس سے آپ سہارا لگائیں گے، ارشاد فرمایا: ہم ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے کہ جس میں تصویریں ہوں۔ حق یہ ہے کہ امتناع اُن تصویروں سے مختص ہے جو بغیر تذلیل و توہین باعزت طریقے سے رکھی ہوں۔ واللہ تعالٰی اعلم

تو ظاہر ہوا کہ تینوں علتیں متلازم ہیں اور تینوں سے تعلیل صحیح ہے اور ان میں سے ہر ایک میں حصر بھی کرسکتے ہیں، اور مغز تحقیق یہ ہے کہ اصل علت تعظیم ہے تعظیم ہی سے تشبہ پیدا ہوتا ہے اور تعظیم ہی سے ملائکہ رحمت نہیں آتے، ولہذا اہانت کی صورتیں جائز رکھی گئیں کہ فرش

---

[1] مسند احمد بن حنبل عن عائشہ رضی اللہ عنہا المکتب الاسلامی بیروت ۶/ ۲۴۷
[2] شرح معانی الآثار کتاب الکراہیۃ باب الصور تکون فی الثیاب ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۲/ ۴۰۰

میں ہوں جن پر بیٹھیں کھڑے ہوں، پاؤں رکھیں۔ یہ تقریر کلام مشائخ ہے وللہ الحمد۔

ثم اقول (پھر میں کہتا ہوں۔ت) جبکہ ہر تعظیم تشبہ عبادت صورت ہے اور ہر تشبہ عبادت ملائکہ کے لئے قطعاً موجب نفرت، تو عارض ولازم میں تفرقہ محض بے اصل، تعلیق ونصب میں بھی تعظیم اسی فعل سے عارض ہوئی نہ کہ نفس ذات صورت کو لازم تھی تو بساط مفروش میں جب تصاویر کو موضع سجود میں رکھ کر ان پر سجدہ کیا جائے گا بعینہٖ انھیں معلق ومنصوب کرنے کے مثل ہوگا اور اس وقت دخول ملئکہ کو منع کرے گا کہ ان کا امتناع بوجہ تعظیم تھا اور تعظیم پائی گئی،

فما استظہرہ الشامی غیر ظاہر، فان فرق بان جعلہا فی المفروش اہانۃ لہا فتعارض تعظیم السجود علیہا ففی ذلک امر اخر غیر کون التعظیم عارضا وستعلم ما فیہ بعون اللہ تعالٰی اما قول الحلیۃ ذلک لیس بمانع من دخول الملئکۃ[1] کما افادتہ ہذہ النصوص **اقول** لم تفد النصوص ان مجرد جعلہا فی فراش اووسادۃ یخرجہا عن منع الملئکۃ بل قیدتہ بقولہ منبوذتین توطان وللنسائی فی روایۃ یجعل بساطا یوطأ[2]

لہٰذا علامہ شامی نے جس کو ظاہر قرار دیا ہے وہ (درحقیقت) ظاہر نہیں۔ اور اگر یہ فرق کیا جائے کہ بچھے ہوئے فرش میں کسی تصویر کا ہونا (اور پیوستگی رکھنا) اس کی توہین وتذلیل ہے۔ اور اس پر سجدہ کرنے کی وجہ سے حصولِ تعظیم اس کے متعارض ومتصادم ہے تو یہ اور چیز ہے نہ یہ کہ تعظیم کا عارض ہونا ہے اور ابھی تمہیں اللہ تعالٰی کی مدد سے معلوم ہوجائے گا کہ جو کچھ اس میں کمزوری اور نقص ہے۔ لیکن صاحب حلیہ کا یہ کہنا کہ یہ دخولِ ملائکہ سے مانع نہیں جیسا کہ ان نصوص نے افادہ دیا۔ میں اس کے متعلق گزارش کرتا ہوں کہ نصوص سے یہ فائدہ حاصل نہیں ہوا کہ کسی تصویر کو فرش یا تکئے میں رکھنا اُسے امتناع ملائکہ سے نکال دیتا ہے بلکہ نصوص نے اس کو اس قول سے مقید کیا ہے کہ وہ تصویریں پھینکی ہوئی پامال شدہ ہوں (تاکہ ان کی صحیح اہانت اور تذلیل ہو) اور امام نسائی

---

[1] حلیۃ المحلی شرح منیۃ المصلی

[2] سنن النسائی کتاب الزینۃ ذکر اشد الناس عذابا میر محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی ۲/ ۳۰۱

وللطبرانی فی الاوسط رخص فیما کان یوطأ[1] فمن جعلها فی بساط ثم علقه علی الجدار کالاستار او وضعه علی الراس حرم قطعا ومنع الملئکة من الدخول فکذا من جعلها فی بساط ثم سجد علیها وبالجملة القصد هو الامتهان ولم یحصل الا تری الی ما فی البحر عن المحیط اذا کانت علی الوسادة ان کانت قائمة یکرہ لانہ تعظیم لها وان کانت مفروشة لایکرہ[2] اھ والی ما فی الحلیة من شرح الجامع الصغیر للامام النووی یکرہ ما یکون علی الوسائد الکبار (ای لانتصابه یکرها) وکذلك کل شئ نصیب فیصیر تعظیما لہ فاما اذا کان تحقیرا لہ فلا باس کالبساط المفروش والوسادة الملقاة لان فی ذلك استهانة بالصورة[3] اھ وقد تقدم معناہ عن الهدایة والکافی والتبیین۔

کی رائے میں تصویر کسی ایسے بچھونے میں ہو کہ اسے پامال کیا جائے۔ اور امام طبرانی کی "الاوسط" میں ہے۔ اس تصویر کی رخصت دی گئی جو پامال کیجائے، لہذا جس نے تصویر کو کسی بچھونے میں رکھا، پھر پردوں کی طرح دیوار پر لٹکا دیا یا اسے سر پہ رکھ دیا تو یہ قطعی طور پر حرام ہے اور دخول ملائکہ سے مانع ہے۔ اور اسی طرح جس نے اسے فرش میں رکھا اور پھر اس پر سجدہ کیا۔ (خلاصہ کلام) مقصود اس کی توہین وتذلیل ہے جو یہاں حاصل نہیں ہوا، کیا تم نہیں دیکھتے کہ جو کچھ بحرالرائق میں بحوالہ محیط نقل کیا ہے۔ اگر کوئی تصویر کسی تکیے پر ہو اگر وہ کھڑا ہے تو کراہت ہوگی کیونکہ اس صورت میں تصویر کی تعظیم ہوگی، اور اگر وہ بچھا ہوا ہے تو پھر کراہتہ نہ ہوگی اھ (ارے) تم وہ نہیں دیکھتے جو کچھ حلیہ شرح جامع صغیر امام نووی میں مذکور ہے بڑے بڑے تکیوں میں جو نقشی تصویریں ہوں (ان کے استعمال میں) کراہت ہے اس لئے کہ ان کے اونچا کرنے سے تصویریں کھڑی رہتی ہیں، اور یہی حکم ہر کھڑی چیز کا ہے کیونکہ اس میں تصویر کی تعظیم ہے لیکن جب ان کی تحقیر اور ذلت ہو تو پھر کچھ حرج نہیں جیسے بچھے ہوئے فرش اور پاؤں میں پڑے ہوئے تکئے وغیرہ، کیونکہ اس میں تصویر کی توہین وتذلیل ہے

---

[1] المعجم الاوسط حدیث ۵۶۹۹ مکتبۃ المعارف ریاض ۶/ ۳۲۹

[2] بحرالرائق کتاب الصلوٰۃ باب مایفسد الصلوٰۃ ومایکرہ فیہا ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۲/ ۲۷

[3] حلیۃ المحلی شرح منیۃ المصلی

(جو مقصد شریعت ہے) اھ اور اس کا مفہوم ہدایہ، کافی اور تبیین کے حوالے سے پہلے گزر چکا ہے (ت)

ثم اقول (پھر میں کہتا ہوں۔ ت) تصویر کہ مصلّی کے پس پشت ہو اسی حالت میں مکروہ ہے کہ منصوب یا معلق یا دیوار پر منقوش یا چسپاں یا آئینہ میں لگی ہو اور یہ قطعاً تعظیم ہے،

فانتفی قول المعراج لا تعظیم فیه ولا تشبه کما تقدم ولیت شعری اذا انتفیا فما الموجب للکراهة فان میل الی التمسك بامتناع الملٰئکة قلنا اذ لا تعظیم فلا امتناع۔

لہذا مصنفِ معراج الدرایہ کا قول منتفی اور زائل ہو گیا کہ اس صورت میں تعظیم اور تشبہ دونوں نہیں جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے، کاش میں (اس راز کو) سمجھ لیتا کہ جب تعظیم اور تشبہ دونوں منتفی اور زائل ہیں تو پھر وجہ کراہت کیا ہے۔ اگر امتناع ملٰئکہ کے استدلال کی طرف میلان کیا جائے تو ہم کہتے ہیں جب تعظیم نہیں تو امتناع کہاں ہے (ت)

ثم اقول شرع مطہر نے جس شے کی تعظیم حرام اور توہین واجب کی اُس سے اگر ایسا برتاؤ کیجئے جس میں ایک جہت سے توہین اور دوسری جہت سے تعظیم ہو وہ حرام و ناجائز ہی ہو گا اور یہ نہیں کہہ سکتے کہ تعظیم و توہین متعارض ہو کر برابر ہو گئیں،

اذ لا یجتمع الحلال والحرام الاغلب الحرام واعتبرھذا لمن یقبل الوثن ویضربه بالنعل فهل یقال تکافأ التقبیل والضرب فیجوز کلا بل یحرم لانه خلط عملا صالحا واٰخر سیئا۔

اس لئے کہ حلال اور حرام جمع نہیں ہوتے (مگر بربنائے احتیاط) حرام غالب ہوگا۔ اور اس کا اعتبار اُس شخص کے (متضاد کام سے) کیا جا سکتا ہے کہ وہ ایک طرف تو صنم کو چومتا چاٹتا ہے اور دوسری طرف دیکھئے تو اس کی حالت یہ ہے کہ وہ جوتوں سے اسے مارتا پیٹتا ہے تو پھر اس کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ بوسہ بازی اور مار پیٹ دونوں کام باہم برابر ہو گئے۔ لہذا یہ دونوں فعل جائز ہو گئے، ہرگز ایسا نہیں، بلکہ اس کا صنم کو بوسہ دینا حرام ہے، یہاں اس صورت میں اس نے اچھے اور برے فعل کو باہم مخلوط کر دیا ہے۔ (ت)

ولہذا محرر المذہب امام محمد رحمہ اللہ تعالٰی ورحمنابه (پس اس لئے مذہب کو قید تحریر میں لانے والے حضرت امام محمد، اللہ تعالٰی ان پر رحم و کرم فرمائے اور ان کے صدقے ہم سب پر بھی رحمت برسائے۔ ت) نے کتاب الاصل میں سجادہ یعنی جانماز میں تصویر کا ہونا مطلقاً مکروہ ٹھہرایا اگرچہ تصویر پر سجدہ نہ ہو کہ جانماز معظم ہے تو اس میں تصویر ہونا تصویر کی تعظیم ہے اور یہ لحاظ نہ فرمایا کہ جانماز زمین پر بچھائی جائے گی اور زمین پر بچھانا تصویر کی توہین ہے اس پر پاؤں رکھا جائے گا اور

یہ غایت توہین ہے تو وجہ وہی ہے کہ تعظیم مطلقاً مکروہ ہے اگرچہ اس کے ساتھ توہین بھی ہو جیسے معظمانِ دینی کی توہین مطلقاً حرام ہے اگرچہ اس کے ساتھ ہزار تعظیمیں بھی ہوں۔ ہدایہ میں ہے:

اطلق الکراھۃ فی الاصل لان المصلی معظم[1]

امام محمد رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب الاصل میں کراہۃ کو مطلق رکھا اس لئے کہ جانماز ایک قابلِ تعظیم چیز ہے۔ (ت)

عنایہ میں ہے:

معناہ ان البساط الذی اُعِدّ للصلوٰۃ معظم من بین سائر البسط فاذا کان فیہ صورۃ کان نوع تعظیم لھا و نحن امرنا باھانتھا فلاینبغی ان تکون فی المصلی مطلقا سجد علیھا اولم یسجد[2]

اس کا معنیٰ ہے کہ جو فرش (اور قالین وغیرہ) نماز کے لئے تیار کئے گئے وہ دوسرے تمام فرشوں سے اعلیٰ، عمدہ اور بڑے ہیں اور قابلِ تعظیم ہیں، پھر جب اُن پر کوئی تصویر ہو تو اسکی ایک گونہ تعظیم ہوگی حالانکہ ہمیں اس کی توہین و تذلیل کرنے کا حکم دیا گیا ہے لہذا علی الاطلاق موزوں اور مناسب نہیں کہ تصویر کسی جانماز میں موجود ہو خواہ کوئی اس پر سجدہ کرے یا سجدہ نہ کرے۔ (ت)

اسی طرح تبیین وغیرہ میں ہے۔

فانتفی ما وجہ بہ العلامۃ الشامی عدم التعظیم فیما اذا کانت خلفہ علی ستر اوحائط واستقر عرش التحقیق علی التلازم والعلل الثلاث وللہ الحمد۔

لہذا وہ کلام زائل اور منتفی ہوگیا کہ جس سے علامہ شامی نے عدمِ تعظیم کی توجیہ فرمائی تھی۔ اگر کوئی تصویر کسی پردے یا دیوار پر نمازی کے پس پشت ہو (تو کراہۃ نہ ہوگی) لہذا عرشِ تحقیق تینوں علتوں اور تلازم پر قرار پذیر ہوگیا، اور اللہ تعالیٰ کے لئے ہی ہر نوع تعریف و توصیف ہے (ت)

ثم اقول وباللہ التوفیق (پھر میں اللہ تعالےٰ کی توفیق سے کہتا ہوں۔ ت) تشبہ دو قسم ہے: ایک عام کہ مطلقاً تصویر ممنوع کو بروجہ تعظیم رکھنے سے حاصل ہوتا ہے کما تقدم

---

[1] الہدایۃ کتاب الصلوٰۃ باب مایفسد الصلوٰۃ ومایکرہ فیہا المکتبۃ العربیۃ کراچی ۱/ ۱۲۲

[2] العنایۃ شرح الہدایۃ علی ہامش فتح القدیر " " " " مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر ۱/ ۳۶۲

تحقیقه والتصریح بہ عن الامام فخر الاسلام (جیساکہ اس کی تحقیق پہلے ہوچکی، اور امام فخر الاسلام کے حوالے سے اس کی تصریح آگئی۔ ت)، دوسرا اشبہ خاص کہ اس کے علاوہ نفس نماز میں مصلی کے کسی فعل یا ہیأت سے ظاہر ہو مثلاً تصویر کو سامنے رکھ کر اس کی طرف افعالِ نماز بجالانا یہ اشد و اخبث ہے یہ ضرور نفس تعظیم سے اخص ہے،

وعلیہ یصدق قول الشامی ان التعظیم اعم[1] وقول الحلیۃ ان لیس مدارا بل یوجب زیادۃ[2]

اور اس پر علامہ شامی کا یہ ارشاد کہ تعظیم زیادہ عام ہے بلاشبہ صادق آتا ہے، اور مصنف الحلیہ کا یہ کہنا کہ یہ "مدار" نہیں بلکہ موجب زیادت ہے۔ (ت)

جہاں یہ ہو نماز میں کراہت تحریم ہوگی ورنہ مکان میں اس کا بروجہ تعظیم رکھنا تو قطعاً ممنوع و گناہ ہے،

فی الحلیۃ والبحر ورد المحتار ھذہ الکراھۃ کراھۃ تحریم[3] زاد فی البحر ینبغی ان یکون حراما لامکروھا ان ثبت الاجماع او قطعیۃ الدلیل لتواترہ[4]۔

حلیہ، بحرالرائق اور فتاوٰی شامی میں ہے یہ کراہۃ کراہۃ تحریمی ہے۔ اور بحرالرائق میں یہ اضافہ فرمایا: مناسب ہے کہ یہ بجائے مکروہ ہونے کے حرام ہو، اگر اجماع اور دلیل کا قطعی ہونا ثابت ہوجائے اس کے تواتر کی وجہ سے۔ (ت)

اور اس کے سبب نماز میں کراہت تنزیہی آجائے گی۔ عنایہ میں ہے:

لان تنزیہ مکان الصلٰوۃ عما یمنع دخول الملٰئکۃ مستحب[5]

اس لئے کہ جائے نماز کو ایسی چیز سے بچانا جو فرشتوں کے داخل ہونے سے مانع ہو مستحب ہے (ت)

حاشیہ علامہ سعدی افندی میں ہے:

---

[1] ردالمحتار کتاب الصلٰوۃ باب مایفسد الصلٰوۃ ومایکرہ فیہا داراحیاء التراث العربی بیروت ۱/۴۳۶

[2] حلیۃ المحلی شرح منیۃ المصلی

[3] ردالمحتار کتاب الصلٰوۃ باب مایفسد الصلٰوۃ ومایکرہ فیہا داراحیاء التراث العربی بیروت ۱/۴۳۵

[4] بحرالرائق " " " " " " ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۲/۲۷

[5] العنایۃ شرح الہدایۃ علی ہامش فتح القدیر " " " مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر ۱/۳۶۳

فتکون الکراھۃ تنزیھیۃ۔[1] لہذا یہ کراہت، کراہتِ تنزیہی ہوگی (ت)

یہ ہے وہ کراہت جو محقق نے مکان سے نماز کی طرف ساری مانی، ہمارے اس بیان سے ظاہر ہُوا کہ مسئلۂ تصاویر میں دربارۂ نماز جو لفظ کرہ کتب میں ارشاد ہوا اس سے مراد کراہت تحریمی و تنزیہی سے عام ہے،

وعلیہ یستقیم قول الشامی ظاھر کلام علمائنا ان ما لا یؤثر کراھۃ فی الصلٰوۃ لایکرہ ابقاؤہ وقد صرح فی الفتح وغیرہ بان الصورۃ الصغیرۃ لا تکرہ فی البیت اھ[2] والا فعلۃ کراھۃ التحریم فی الصلٰوۃ ھو التشبہ الخاص وفی الابقاء ھو التعظیم وقد اعترف انہ اعم من التشبہ وانتفاء الاخص لایوجب الانتفاء الاعم اقول وظھر لما قررنا ان السؤال الذی ذکرہ المحقق لم یکن واردا من اصلہ فان المنتفی عند الاستدبار ھو التشبہ الخاص ولا تنحصر الکراھۃ فیہ و اقول ظھر ایضا ان الجواب الذی ابداہ لیس مما ابداہ بل ھو مفاد کلام المشائخ

اور اس پر علامہ شامی کا قول ٹھیک صادق آتا ہے کہ ہمارے علمائے کرام کا ظاہر کلام یہ ہے کہ جو چیز نماز کے مکروہ ہونے میں مؤثر نہ ہو تو اس کا باقی رکھنا بھی مکروہ نہیں۔ اور فتح القدیر وغیرہ میں یہ تصریح فرمائی کہ گھر میں چھوٹی تصویر ہو تو کراہت نہ ہوگی اھ ورنہ نماز میں کراہت تحریمی کی علت تشبّہ خاص ہے، اور اس کے باقی رکھنے میں تعظیم ہے، علامہ موصوف نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ تشبّہ سے تعظیم زیادہ عام ہے اور (قاعدہ یہ ہے کہ) خاص کا انتفاع عام کے انتفاء کا موجب نہیں اقول (میں کہتا ہوں) جو کچھ ہم نے ثابت کیا اس سے یہ واضح ہوگیا کہ جس سوال کو محقق نے ذکر فرمایا وہ بالکل وارد نہیں، اس لئے کہ وقت استدبار تشبّہ خاص منتفی اور زائل ہے، اور کراہت اس میں منحصر نہیں و اقول (اور میں کہتا ہوں) اور یہ بھی ظاہر ہے گیا کہ موصوف نے جس جواب کو ظاہر قرار دیا وہ ظاہر نہیں بلکہ وہ کلامِ مشائخ اور ان کی تعلیل امتناع ملائکہ

---

[1] حاشیہ سعدی چلپی علی العنایۃ کتاب الصلٰوۃ باب مایفسد الصلٰوۃ ومایکرہ فیھا دار احیاء التراث ۱/ ۳۶۳

[2] ردالمحتار کتاب الصلٰوۃ باب مایفسد الصلٰوۃ ومایکرہ فیھا المطبعۃ الکبرٰی بولاق مصر ۱/ ۴۳۷

وتعلیلهم بامتناع الملئکة و **اقول** ظهر ایضا ان السؤال الذی اورد المحقق الحلبی علی مسألة السجود علی التصویر لم یکن من الوارد ایضا لانه ان انتفی فیه فالتشبه الخاص بل لا نسلم انتفاءه ایضا فان السجود علی التصویر یشبه عبادته قطعا کما نص علیه فی الکافی ولفظه السجود علیها یشبه عبادة الاوثان[1] والتبیین ولصه السجود علیها یشبه عبادتها فیکره[2] فانتفی ما ذکر العلامة الشامی ان لا تشبه فیه **اقول** وظهر ایضا ان الجواب الذی ابداه فی الحلیة وظن انهم لم یذکروه کلامهم محیط به کما علمت و للّٰه الحمد **اقول** و بتحقیقنا هذا یحصل التوفیق فی مسألتین **الاولٰی** کراهة الصلاة حیث کانت الصورة خلف فمن اثبت وهم الاکثرون

سے حاصل ہے ۔

واقول (اور میں کہتا ہوں) اور یہ بھی ظاہر ہوگیا کہ تصویر پر سجدہ کرنے کے مسئلہ پر محقق حلبی نے جو سوال اٹھایا وہ اصلاً وارد نہیں کیونکہ اس میں اگر انتفاء بھی ہو تو تشبہ خاص کا انتفاء ہوگا بلکہ ہم اس کا انتفاء بھی تسلیم نہیں کرتے، کیونکہ تصویر پر سجدہ کرنا یقیناً اس کی عبادت کے مشابہ ہے جیسا کہ "الکافی" میں اس کی تصریح پائی گئی چنانچہ اس کے الفاظ یہ ہیں: کسی تصویر پر سجدہ کرنا عبادتِ صنم کے مشابہ ہے ۔ اور التبیین کی تصریح یہ ہے: تصویر پر سجدہ کرنا اس کی عبادت کے مشابہ ہے لہٰذا مکروہ ہے ، لہٰذا علامہ کا یہ ذکر کرنا کہ اس میں کوئی تشبہ نہیں، بلاشبہہ زائل ہوگیا ۔ **اقول** (میں کہتا ہوں) اور یہ بھی واضح ہوگیا کہ "الحلیہ" میں اس کے مصنف نے جس جواب کو ظاہر کیا ہے اور یہ گمان کیا کہ ائمہ کرام نے اسے ذکر نہیں فرمایا حالانکہ ان کا کلام اس جواب پر محیط ہے جیسا کہ آپ جانتے ہیں، اور اللہ تعالٰی کے لئے ہی تعریف و توصیف ہے ۔ **اقول** (میں کہتا ہوں) ہماری اس تحقیق سے دو مسئلوں کے درمیان موافقت (اور مطابقت) پیدا ہوگئی ، پہلا مسئلہ جہاں تصویر پس پشت ہو تو بھی نماز مکروہ ہے ۔ جن حضرات نے اس کو

---

[1] الکافی شرح الوافی

[2] تبیین الحقائق کتاب الصلوٰۃ باب مایفسد الصلوٰۃ ومایکرہ فیہا المطبعۃ الکبرٰی بولاق مصر ۱/ ۱۶۷

وجعله فی التنویر الاظهر فاثبت کراهة التنزیه ومن نفی وهو الذی مشی علیه صدر الشریعة فی شرح الوقایة وجزم به فی متنه النقایة واعتمده فی الغایة کما فی التبیین والدرر والامام العتابی کما فی الفتح وتبعه ابن کمال باشا فی الایضاح نفی کراهة التحریم **والثانیة** الصلٰوة علی سجادة فیها تصاویر اذا لم یسجد علیها نفی الامام محمد الکراهة فی الجامع الصغیر، واثبتها فی الاصل والکل صحیح بالتوزیع ای یکره تنزیها لا تحریما والوجه فیهما وجود التشبه العام دون الخاص وذٰلك ظاهر فی الاولی اما الثانیة فلان وضع التصویر فی المصلی تعظیم له کما سمعت وکل تعظیم له تشبه بعبادته کما علمت وکل صلٰوة کان معها التلبس بهذا التشبه کرهت ولا ینافیها وجود الاستهانة بوجه اٰخر کما قدمنا فانتفی ماذکر ههنا فی الحلیة حیث قال قلت یلزم

ثابت کیا ہے وہ اکثریت رکھتے ہیں۔ اور "التنویر" میں اس کو زیادہ ظاہر قرار دیا تو کراہت تنزیہی کا اثبات فرمایا۔ اور جن لوگوں نے اس کی نفی فرمائی، چنانچہ شرح وقایہ میں صدر الشریعت نے یہی روش اختیار فرمائی اور متن "النقایہ" میں اس پر اظہارِ یقین کیا، اور "الغایہ" میں اسی پر اعتماد کیا جیسا کہ تبیین اور درر اور امام عتابی سے منقول ہے، جیسا کہ فتح القدیر میں ہے، اور الایضاح میں ابن کمال پاشا نے بھی اس کا ساتھ دیا تو کراہت تحریمی کی نفی کی۔
دوسرا مسئلہ ایسی جانماز پر نماز پڑھنا کہ جس میں تصویریں ہوں جبکہ ان پر سجدہ کرے تو اس صورت میں حضرت امام محمد نے جامع صغیر میں کراہت کی نفی فرمائی۔ لیکن کتاب الاصل میں کراہت کو ثابت کیا ہے، اور یہ سب کچھ بلحاظ توزیع (تقسیم) صحیح ہے یعنی مکروہ تنزیہی اور تحریمی پر اور دونوں میں "وجہ التشبہ عام کا پایا جانا ہے نہ کہ تشبہ خاص"، اور پہلی صورت میں ظاہر ہے لیکن دوسری صورت، اس لئے کہ جانماز میں تصویر رکھنا بلاشبہہ اسکی تعظیم ہے جیسا کہ آپ سُن چکے، اور تعظیم میں اسکی عبادت سے تشبہ ہے جیسا کہ تمھیں معلوم ہے، اور ہر نماز کہ جس میں اس "تشبہ" سے تلبس ہو تو وہ مکروہ ہے، اور کسی اور وجہ سے اس میں توہین کا پایا جانا اس کے منافی (اور متصادم) نہیں، جیسا کہ ہم نے پہلے بیان کردیا ہے، لہذا یہاں جو کچھ حلیہ میں ذکر کیا گیا وہ زائل اور ختم ہو گیا،

على هذا ان يكون ما في
الاصل موضوعا في المصلى
لاغير وما في الجامع فيما
عداه وفيه ما لا يخفى[1] اه
اقول بل كلاهما في المصلى
ولا بعد فيه التطبيق ما ذكرنا
قال رحمه الله تعالى والاحسن
ان يقال ظاهر الكتابين التعارض
فيما عدا موضع السجود
فاما ان يكون ما في الجامع
من القيد المذكور قيدا
اتفاقيا واما ان يكون
ما في الاصل مقيدا بما
في الجامع[2] اه ويزيد ان
التوفيق اما بارجاع ما في
الجامع الى ما في الاصل
من اطلاق الكراهة
سواء كانت في محل السجود
او غيره والتقييد بكونها
فيه وقع وفاقا او بارجاع ما
في الاصل الى ما في الجامع
بحمل المطلق على المقيد۔

چنانچہ مصنف حلیہ نے فرمایا میں کہتا ہوں اس طور
پر لازم آتا ہے کہ جو کچھ اصل میں مذکور ہے وہ اس
تصویر کے بارے میں ہو جو صرف جانماز میں رکھی
ہوئی ہو، اور جو کچھ جامع صغیر میں مذکور ہے وہ
اسکے علاوہ میں ہے اور اس میں جو کمزوری ہے وہ
کسی پر پوشیدہ نہیں اھ **اقول** (میں کہتا ہوں)
بلکہ یہ دونوں جانماز کے متعلق ہیں، اور اس میں کوئی
بُعد نہیں بلکہ اس میں وہ طریقہ تطبیق ہے جو ہم نے
ذکر فرمایا، مصنفِ حلیہ رحمہ اللہ تعالٰی نے فرمایا
زیادہ اچھی بات یہ ہے کہ کہا جائے کہ بظاہر دونوں
کتابوں میں محلِ سجود کے علاوہ تعارض ہے (اور
دونوں میں مطابقت کی صورت یہ ہے کہ) یا یہ ہو
کہ جامع صغیر میں جو قید مذکور ہے اس کو قید
اتفاقی تسلیم کیا جائے یا جو کچھ اصل میں ہے
وہ جامع صغیر کی عبارت سے مقید ہے اھ
اور مزید موافقت کی صورت یہ ہے کہ جو کچھ جامع صغیر
میں مذکور ہے اسے اصل کی طرف راجع کیا جائے
یعنی کراہت سے مطلق کراہت مراد ہو خواہ تصویر
محلِ سجدہ میں ہو یا محلِ سجدہ میں نہ ہو، اور جامع صغیر
میں جو تقیید واقع ہوئی وہ قید اتفاقی تسلیم کیجائے
یا جو کچھ اصل میں مذکور ہے وہ جامع صغیر کی طرف
بایں طریقہ راجع ہے کہ یہاں مطلق مقید پر محمول ہے۔

---

[1] التعلیق المجلی لما فی منیۃ المصلی علی ہامش منیۃ المصلی بحوالہ الحلیہ مکروہات الصلٰوۃ مکتبہ قادریہ لاہور ص ۳۶۵

[2] " " " " " " " " " " " " " " "

اقول وکانه عند هذا التحریر لم یتیسر له مراجعة الجامع الصغیر فان عبارته لاتحتمل ماذکر من الغاء القید وانماکان مساغه لوکان منطوقه کراهة الصلٰوة مقیدا بکون الصورة فی محل السجود فکان یفید عدم الکراهة فی غیره بطریق المفهوم فقال ان القید اتفاقی ولیس کذٰلك بل اصل منطوقه ماینافی الاصل اعنی عدم الکراهة فاین المساغ لما ذکر وهذا نص الجامع لاباس ان یصلی علی بساط فیه تصاویر ولایسجد علی التصاویر[1] اھ قال رحمه الله تعالٰی وهذا اولٰی (ای الثانی) لانه لایظهر وجه القول بکراهة الصلٰوة علی بساط کبیر فیه صورة تحت قدم المصلی وهو لازم الاول بخلاف الثانی[2] اھ **اقول** قد افدناك

اقول (میں کہتا ہوں) یہ تحریر کرتے وقت محقق موصوف کو جامع صغیر کی طرف مراجعت کی توفیق حاصل نہیں ہوئی اس لئے اس کی عبارت قید مذکور کو لغو قرار دینے کا احتمال نہیں رکھتی، اور اس کے جواز کی صورت تب ہوسکتی کہ اس کا منطوق (عبارتِ ملفوظ) یہ ہوتا کہ نماز مکروہ ہوگی جبکہ تصویر محلِ سجدہ میں ہو۔ پھر اس سے یہ فائدہ حاصل ہوتا کہ اگر محلِ سجدہ میں تصویر نہ ہو تو کراہتہ نہ ہوگی۔ اور یہ فائدہ بلحاظ مفہوم حاصل ہوتا، اور کہا کہ قید اتفاقی ہے حالانکہ اس طرح نہیں بلکہ اس کا اصل منطوق کتاب الاصل کے منافی ہے۔ میری مراد یہ ہے کہ وہ عدمِ کراہتہ ہے، تو جو کچھ علامہ موصوف نے ذکر کیا اس کا جواز کہاں ہے۔ (دیکھئے) جامع صغیر کی یہ تصریح ہے کوئی حرج نہیں اگر ایسے فرش پر نماز پڑھے کہ جس پر تصویریں ہوں جبکہ ان تصویروں پر سجدہ نہ کرے اھ، موصوف نے فرمایا (اللہ تعالٰی ان پر رحم فرمائے) یہ اولٰی ہے (یعنی دوسری) وجہ کیونکہ اس قول کی وجہ ظاہر نہیں کہ بڑے فرش پر نماز مکروہ ہے کہ جس میں تصویر نمازی کے زیرِ قدم ہو، اور یہ اول کو لازم ہے بخلاف ثانی اھ

اقول (میں کہتا ہوں) بیشک ہم نے تمھیں

---

[1] الجامع الصغیر کتاب الصلٰوۃ باب فی الامام این یستحب یقوم الخ مطبع یوسفی لکھنؤ ص ۱۱

[2] التعلیق المجلی لما فی منیۃ المصلی علی ہامش منیۃ المصلی بحوالہ الحلیہ مکروہات الصلٰوۃ مکتبہ قادریہ لاہور ص ۳۶۵

الوجه فتشکر ثم لا وجه یظھر لتقییدہ بالکبیر بعد فرض الصورۃ تحت القدم واللہ تعالٰی اعلم وتبعہ البحر فی ھذا البحث کلہ غیرانہ قال اطلق الکراھۃ فی الاصل فیما اذا کان علی البساط المصلی علیہ صورۃ لان الذی یصلی علیہ معظم فوضع الصورۃ فیہ تعظیم لھا بخلاف البساط الذی لیس بمصلی اھ[1] فحمل البساط علی السجادۃ کما حملنا ثم تبع الحلیۃ فقال وتقدم عن الجامع الصغیر التقیید بموضع السجود فینبغی ان یحمل اطلاق الاصل علیہ وانھا اذا کانت تحت قدمیہ لایکرہ اتفاقا اھ[2] اقول قولہ وانھا معطوف علی قولہ ان یحمل داخل تحت ینبغی فھو بحث منہ بناء علی ما حمل علیہ کلام الاصل وقد علمت ما فیہ بل تکرہ فی المصلی مطلقا

اس وجہ کا فائدہ بخشا لہذا شکریہ ادا کیجئے، پھر لفظ "لباس" کو لفظ "کبیر" سے موصوف اور مقید کرنے کی کوئی ظاہر وجہ موجود نہیں جبکہ یہ فرض کرلیا کہ تصویر (نمازی کے) زیر قدم ہے واللہ تعالٰی اعلم، بحرالرائق نے اس پوری بحث میں اس کی متابعت کی ہے مگر یہ کہ فرمایا اصل میں کراہت کو مطلق رکھا اس حالت میں جبکہ بچھی ہوئی جانماز پر تصویر ہو کیونکہ جس فرش پر نماز پڑھی جائے وہ قابل تعظیم ہے پھر اس میں کسی کا رکھنا اس تصویر کی بلاشبہہ تعظیم ہے لیکن وہ فرش ہو جانماز نہ ہو اھ (یہاں) موصوف نے فرش کو جانماز پر حمل کیا ہے جیسا کہ ہم نے حمل کیا ہے۔ پھر حلیہ کے اتباع میں فرمایا کہ جامع صغیر کا حوالہ پہلے آچکا کہ اس نے اُسے محل سجدہ سے مقید کیا ہے۔ لہذا مناسب یہ ہے کہ اصل کے اطلاق کو اس پر حمل کیا جائے، اور جب تصویر دونوں پاؤں کے نیچے ہو تو باتفاق کراہت نہیں اھ اقول (میں کہتا ہوں) اس کا یہ کہنا کہ "وانھا" اس کے قول "ان یحمل" پر معطوف ہے اور "ینبغی" کے ذیل میں داخل ہے۔ اور یہ اس کی بحث ہے اس بناء پر کہ جس پر اُس نے کلام اصل کو حمل کیا ہے۔ اور تمھیں معلوم ہے جو کچھ اس میں

---

[1] و [2] بحرالرائق کتاب الصلوٰۃ باب یفسد الصلوٰۃ ومایکرہ فیہا ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۲/۲۶

وان كانت تحت القدم و مافي اللبد وغيره لا يكره ولو كانت تحت قدميه او محل جلوسه لانها مهانة[1] مخصوص بغير السجادة بدليل الدليل وقد نقلوا قاطبة عن الاصل الاطلاق المرسل في المصلى وما عللوه به شامل لكل صورة كما لا يخفى نعم في بساط غيره لا يكره اذا صلى عليه ولم يسجد عليها وان لم تكن تحت قدميه بل ولو كانت امامه لوجود الاهانة مطلقا مع عدم التعظيم لوجه قال في الحلية نقلا من شرح الجامع الصغير لفخر الاسلام لا يكره ان يصلي دون وسادة عليها تصاوير[2] اه **اقول** هو نص نفس الجامع الصغير ثم المراد بالوسادة الصغيرة دون كبيرة تورث الصورة انتصابا كما

کمزوری ہے، بلکہ جانماز میں تصویر کا ہونا علی الاطلاق مکروہ ہے اگرچہ تصویر زیرِ قدم ہو، اور جو کچھ نمدہ وغیرہ میں ہے کہ یہ مکروہ نہیں اگرچہ تصویر دونوں قدموں کے نیچے ہو یا اس کے بیٹھنے کی جگہ میں ہو اس لئے کہ وہ بحالتِ توہین و تذلیل ہے اور یہ بغیر جانماز مخصوص ہے دلیل وہی دلیل ہے۔ حالانکہ سب نے بالاتفاق کتاب الاصل سے "اطلاق مرسل" نقل کیا ہے، اور انھوں نے جو اس کی تعلیل ذکر فرمائی وہ ہر تصویر کو شامل ہے جیسا کہ پوشیدہ نہیں، ہاں کسی دوسرے تصویر والے بچھونے پر نماز پڑھے اور تصویر پر سجدہ نہ کرے تو کراہت نہ ہوگی اگرچہ تصویر اس کے قدموں کے نیچے نہ ہو، بلکہ اگرچہ تصویر اس کے آگے ہی ہو اس لئے کہ اس حالت میں مطلقاً توہین پائی گئی باوجودیکہ تعظیم کسی وجہ سے بھی نہیں۔ الحلیہ میں شرح جامع صغیر سے نقل کرتے ہوئے فرمایا جانماز کے علاوہ کسی اور فرش پر کہ جس میں تصویریں ہوں نماز پڑھے تو کراہت نہیں اھ **اقول** (میں کہتا ہوں) یہ خود جامع صغیر کی تصریح ہے۔ وسادہ یعنی جانماز سے چھوٹی جانماز مراد ہے نہ کہ بڑی کہ جس سے تصویر کا قیام پیدا ہوتا ہے، جیسا کہ

---

[1] درمختار کتاب الصلوٰۃ باب ما یفسد الصلوٰۃ وما یکرہ فیہا مطبع مجتبائی دہلی ۱/۹۲

[2] التعلیق المجلی لما فی منیۃ المصلی علی ہامش منیۃ المصلی مکروہات الصلوٰۃ مکتبہ قادریہ لاہور ص ۳۶۳

تقدم، ثم لایخفی علیك ان التوفیق الذی ذکرہ الفقیر اولی مما اختارہ ھذا المحقق لان فیه اھمال احدھما فی بعض متناولاته وفیما ذکرت اعمال کلیھما فی کله فانظر الی کثرۃ الفوائد فی کلام المشائخ رحمھم اللہ تعالٰی وھٰکذا کلامھم اذا امعن فیه النظر و ساعد التوفیق فی اللطیف الخبیر عزّ جلاله وللہ الحمد۔

پہلے گزرچکا، اور تم پر یہ بات پوشیدہ نہ رہے کہ جو موافقت فقیر (امام احمد رضا) نے پیش کی وہ اس سے بہتر ہے جو اس محقق نے اختیار کی کیونکہ اس میں دو میں سے ایک کے بعض مشمولات کو نظر انداز کر دینا ہے، اور جو کچھ میں نے اس باب میں ذکر کیا اس میں یہ فوقیت وخوبی ہے کہ سب میں دونوں کو عمل دینا ہے۔ لہذا مشائخ رحمہم اللہ تعالٰی کے کلام میں کثیر فوائد کو ملاحظہ فرمائیے، اور ان کا کلام ایسا ہی ہوتا ہے جبکہ اس پر گہری نظر ڈالی جائے۔ اور توفیق دینے میں مددگار لطیف وخبیر ہے کہ جس کا جلال غالب اور زبردست ہے، اور اللہ تعالٰی کے لئے ہر تعریف وتوصیف ہے۔ (ت)

ثم **اقول** وبہ استعین (پھر میں کہتا ہوں اسی سے طلبِ مدد کرتے ہوئے۔ ت)

تنقیح علت اگرچہ بفضلہ تعالٰی بروجہ احسن ہو گئی مگر ابھی ایک اور تنقیح عظیم باقی ہے جبکہ علتِ کراہت تشبہ عبادت ہے خاص ہو یا عام، تو ضرور ہے کہ وہ تصویر جنس مایعبدہ المشرکون (تصویر اس جنس سے ہو کہ جس کی مشرکین عبادت کرتے ہیں۔ ت) سے ہو کہ جسے مشرکین پوجتے ہی نہیں وہ بُت کے حکم میں نہیں کہ اس کے بروجہ تعظیم رکھنے یا اس کی طرف نماز پڑھنے میں معاذ اللہ عبادتِ بُت سے تشبہ ہو، ولہذا جا بجا کراہت کو عبادت اور اس کے عدم کو عدم سے تعلیل فرماتے ہیں کہ یہ مشرک اس کی عبادت نہیں کرتے، لہذا کراہت نہیں، مثلاً:

(ا) اتنی چھوٹی تصویر کہ زمین پر رکھ کر دیکھو تو اعضا کی تفصیل نہ معلوم ہو مورثِ کراہت نہیں کہ اتنی چھوٹی کی عبادت مشرکین کی عادت نہیں۔ ہدایہ وکافی وتبیین میں ہے:

لوکانت الصورۃ صغیرۃ بحیث لاتبدو للناظر لایکرہ لان الصغار جدا لاتعبد۔[1]

اگر تصویر اتنی چھوٹی ہو کہ دیکھنے والے کیلئے واضح نہ ہو تو مکروہ نہیں اس لئے کہ اتنی چھوٹی تصویروں کی پرستش نہیں ہوتی۔ (ت)

---

[1] الہدایۃ کتاب الصلوٰۃ باب مایفسد الصلوٰۃ ومایکرہ فیہا المکتبۃ العربیۃ کراچی ۱/ ۱۲۲

فتح القدیر میں ہے :

فلیس لہا حکم الوثن فلا تکرہ فی البیت[1]۔ لہذا ایسی تصویر کے لئے حکم صنم نہیں لہذا اس کا گھر میں رکھنا مکروہ نہیں ۔ (ت)

اور اس بارے میں امیر المومنین فاروقِ اعظم و حضرت عبداللہ بن مسعود و حذیفہ بن الیمان و نعمٰن بن مقرن و عبداللہ بن عباس و ابوہریرہ و ابوموسٰی اشعری رضی اللہ تعالٰی عنہم صحابہ اور سیدنا دانیال علیہ الصلوٰۃ والسلام سے آثار مروی و مذکور ہیں کما بینہا فی الحلیۃ (جیسا کہ انھیں حلیہ میں بیان فرمایا ۔ ت)

(۲) سر بریدہ یا چہرہ محو کردہ کہ اس کی بھی عبادت نہیں ہوتی، اور بھنویں اور آنکھیں مٹا دینا کافی نہیں، نہ چاروں ہاتھ پاؤں کاٹ دینا نفی کراہت کرے۔ تبیین و بحر میں ہے :

مقطوعۃ الراس لاتکرہ لانہا لاتعبد بدون الراس عادۃ ولا اعتبار بازالۃ الحاجبین او العینین لانہا تعبد بدونہما[2]۔ سر بریدہ تصویر رکھنا مکروہ نہیں اس لئے کہ بغیر سر عادتاً اس کی عبادت نہیں کی جاتی لیکن دونوں ابرو اور دونوں آنکھیں مٹا دینے کا کچھ اعتبار نہیں، اس لئے کہ ان کے بغیر بھی اس کی عبادت کی جاتی ہے ۔ (ت)

ہدایہ میں فرمایا :

ممحو الراس لیس بتمثال لانہ لایعبد بدون الراس[3]۔ اگر سر محو کر دیا جائے یعنی مٹا دیا جائے تو وہ تصویر اور مورتی نہ رہے گی کیونکہ بغیر سر اس کی عبادت نہیں کی جاتی (ت)

عنایہ میں ہے :

انہ لایعبد بلاراس فکان کالجمادات[4]۔ اگر سر نہ ہو تو اس کی عبادت نہ ہوگی کیونکہ وہ محض بے جان چیزوں کی طرح ہے ۔ (ت)

---

[1] فتح القدیر کتاب الصلوٰۃ باب مایفسد الصلوٰۃ و مایکرہ فیہا مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر ۱/ ۳۶۳
[2] تبیین الحقائق " ۱/ ۱۶۶ و بحر الرائق کتاب الصلوٰۃ باب مایفسد الصلوٰۃ ۱/ ۲۸
[3] الہدایہ " باب مایفسد الصلوٰۃ الخ المکتبۃ العربیہ کراچی ۱/ ۱۲۲
[4] العنایۃ شرح الہدایۃ علی ہامش فتح القدیر باب مایفسد الصلوٰۃ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر ۱/ ۳۶۳

خلاصہ وفتح وحلیہ وبحر میں ہے:

واللفظ لہ لااعتبار بقطع الیدین او الرجلین[1] اھ وکذا ھو فی الخلاصۃ ثم الحلیۃ بحرف الترديد ولفظ المحقق لو قطع یدیھا ورجلیھا لاترفع الکراھۃ[2] اھ اعنی بحرف الجمع وھو المراد۔

بحرالرائق کے الفاظ یہ ہیں: اگر دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں کٹے ہوئے ہوں تو ان کا کچھ اعتبار نہیں اھ اور اسی طرح خلاصہ اور پھر حلیہ میں حرف تردید (لفظ او) کے ساتھ ہے۔ اور محقق کے الفاظ یہ ہیں: اگر دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں کاٹ ڈالے تو کراہت ختم نہ ہوگی اھ میری مراد یہ ہے کہ (یہاں پر عبارت) حرف جمع (یعنی لفظ واو کے ساتھ) ہے اور یہی مراد ہے۔ (ت)

غنیہ میں دونوں مسئلہ صغیرہ ومقطوعۃ الراس کی تعلیل میں لکھا:

لانھا لاتعبد فانتفی التشبہ الذی ھو سبب الکراھۃ[3]۔

اس لئے کہ (تصویر صغیر اور مقطوع الراس) کی عبادت نہیں کی جاتی، لہٰذا وہ شبہہ زائل ہوگیا جو کراہت کا سبب ہے۔ (ت)

(۳) شمع یا چراغ یا قندیل یا لیمپ یا لالٹین یا فانوس نماز میں سامنے ہو تو کراہت نہیں کہ ان کی عبادت نہیں ہوتی اور بھڑکتی آگ اور دہکتے انگاروں کا تنور یا بھٹی یا چولھا یا انگیٹھی سامنے ہوں تو مکروہ کہ مجوس ان کو پوجتے ہیں۔ عنایہ میں بعد عبارت مذکورہ آنفا ہے:

فصار کالصلوٰۃ الی شمع او سراج فی انھما لایعبدان ویکرہ لوکان بین یدیہ کانون فیہ جمر او نار موقدۃ[4]۔

پھر وہ شمع یا چراغ کی طرح ہے کہ ان کی طرف منہ کرکے نماز پڑھے کیونکہ ان کی عبادت نہیں کی جاتی (لہٰذا کراہت نہیں) لیکن نماز مکروہ ہے جبکہ نمازی کے سامنے ایسا چولھا رکھا ہو کہ جس میں بھڑکتی ہوئی آگ کے انگارے ہوں۔ (ت)

---

[1] بحرالرائق کتاب الصلوٰۃ باب مایفسد الصلوٰۃ ومایکرہ فیہا ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۲/ ۲۸

[2] فتح القدیر " " " " " مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر ۱/ ۳۶۳

[3] غنیۃ المستملی شرح منیۃ المصلی فصل کراہیۃ الصلوٰۃ سہیل اکیڈمی لاہور ص ۳۵۹

[4] العنایۃ شرح الہدایۃ علی ہامش فتح القدیر باب مایفسد الصلوٰۃ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر ۱/ ۳۶۳

فتح زیرِ مسئلہ شمع ہے :

لانھم لایعبدونہ بل الضرام جمرا ونارا[1]۔

اس لئے کہ مشرکین اس کی عبادت نہیں کرتے بلکہ بھڑکتے انگارے یا آگ کی۔ (ت)

تبیین الحقائق و بحرالرائق میں ہے :

قال رحمہ اللہ تعالٰی او شمع او سراج لانھما لایعبدان والکراھۃ باعتبارھا وانما یعبدھا المجوس اذا کانت فی الکانون وفیھا الجمر او فی التنور فلا یکرہ التوجہ الیھا علی غیر ذٰلک الوجہ[2] اھ **اقول** البحر تبع التبیین فی قولہ والکراھۃ باعتبارھا فرجع الی الصواب۔

دونوں نے فرمایا (اللہ تعالٰی اُن پر رحم فرمائے) شمع یا چراغ کی طرف (بحالتِ نماز منہ کرنا مکروہ نہیں اس لئے کہ ان دونوں کی عبادت نہیں کیجاتی، اور کراہت عبادت کی وجہ سے ہوا کرتی ہے، اور آتش پرست آگ کی عبادت کرتے ہیں جبکہ چُولھے اور تنور میں آگ کے انگارے ہوں، لہٰذا اسکی طرف رُخ کرنا بغیر اس وجہ کے ہو تو مکروہ نہیں اھ **اقول** (میں کہتا ہوں) مصنف بحرالرائق نے تبیین کے اس قول "کراہت بلحاظ عبادت ہوتی ہے" میں اس کا اتباع کیا لہٰذا وہ راہِ صواب کی طرف لوٹ گیا۔ (ت)

کافی میں ہے :

ان قطع الراس فلا باس بہ لانہ لایعبد بلا راس ولھذا الوصلی الی تنور او کانون فیہ نار کرہ لانہ یشبہ عبادتھا والی قندیل او شمع او سراج لا لعدم التشبہ[3]۔

اگر تصویر کا سر کاٹ دیا جائے تو اس میں کوئی حرج نہیں اس لئے کہ بغیر سر تصویر کی عبادت نہیں کی جاتی، لہٰذا اگر ایسے چولھے یا تنور کی طرف نماز پڑھے کہ جس میں آگ ہو تو مکروہ ہے کیونکہ اسکی عبادت کے مشابہ ہے، اور اگر قندیل یا شمع یا چراغ کی طرف (منہ کرکے نماز پڑھے) تو کراہت نہیں اس لئے کہ اس میں کوئی تشبہ عبادت نہیں۔ (ت)

---

[1] فتح القدیر کتاب الصلوٰۃ فصل ویکرہ للمصلی مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر ۱/۳۶۴
[2] تبیین الحقائق کتاب الصلوٰۃ باب مایفسد الصلوٰۃ الخ المطبعۃ الکبرٰی بولاق مصر ۱/۱۶۷
بحرالرائق " " " " ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۲/۳۲
[3] الکافی شرح الوافی

محیط امام شمس الائمہ سرخسی پھر ہندیہ میں ہے:

من توجه فی صلٰوته الی تنور فیه نار تتوقد اوکانون فیه نار یکره ولو توجه الی قندیل او الی سراج لم یکره [1]

جو شخص اپنی نماز میں ایسے تنور یا چُولھے کی طرف منہ کرے کہ جس میں آگ بھڑک رہی ہو تو کراہۃ ہوگی، لیکن اگر قندیل یا چراغ کی طرف منہ کرے تو کراہت نہ ہوگی۔ (ت)

فتاوٰی امام اجل قاضی خاں میں ہے:

یکره ان یصلی وبین یدیه تنور او کانون فیه نار موقدة لانه یشبه عبادة النار وان کان بین یدیه سراج او قندیل لایکره لان لایشبه عبادة النار [2]

یہ مکروہ ہے کہ آدمی (اس حالت میں نماز پڑھے) کہ اس کے آگے ایسا تنور یا چُولھا ہو کہ جس میں آگ بھڑک رہی ہو، اس لئے کہ یہ صورتِ عبادت آگ کے مشابہ ہے۔ اور اگر اس کے سامنے چراغ یا قندیل ہو تو مکروہ نہیں کیونکہ یہ عبادت آگ کے مشابہ نہیں۔ (ت)

اسی طرح اس سے لایکرہ تک خزانۃ المفتین میں ہے۔

اقول هذه نصوص الائمة الاجلة فسقط ما فی القنیة ان المجوس یعبدون الجمر لا النار الموقدة [3] اھ وان تبعه فی الدر [4] والتمرتاشی ثم السید ابوالسعود الازهری ثم السید الطحطاوی فی حاشیة المراقی وایضا الدرر ولفظه لان المجوس لایعبدون اللهب بل الجمر [5] اھ ومثله فی مجمع الانهر واشار

اقول (میں کہتا ہوں) یہ جلیل القدر ائمہ کی تصریحات ہیں۔ لہذا قنیہ میں جو ہے وہ ساقط ہوگیا کیونکہ آتش پرست آگ کے انگاروں کی عبادت کرتے ہیں نہ کہ آگ کے شعلوں کی اھ مصنفِ درمختار، امام تمرتاشی، سید ابومسعود ازہری، سید طحطاوی حاشیہ مراقی الفلاح اور مصنف الدرر ان سب بزرگوں نے اس کا اتباع کیا ہے، اور اسکے الفاظ یہ ہیں: مجوس آگ کے

[1] فتاوٰی ہندیۃ بحوالہ المحیط السرخسی کتاب الصلوٰۃ الباب السابع الفصل الثانی نورانی کتبخانہ پشاور ۱/۱۰۸

[2] فتاوٰی قاضیخان کتاب الصلوٰۃ باب الحدث فی الصلوٰۃ وما یکرہ فی الصلوٰۃ نولکشور لکھنؤ ۱/۵۷

[3] القنیۃ المنیۃ کتاب الکراہیۃ باب الکراہیۃ فی الوضوء وکیفیات الصلوٰۃ مطبوعہ کلکتہ ص ۱۴۹

[4] الدر المختار " باب ما یفسد الصلوٰۃ " " " " مطبع مجتبائی دہلی ۱/۹۳

فتح المعین بحوالہ التمرتاشی " " " " ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۱/۲۴۶

[5] الدرر الحکام شرح غرر الاحکام " " " " میر محمد کتب خانہ کراچی ۱/۱۱۰

الیہ الشرنبلالی فی مراقیہ ثم الزاھدی نفسہ اظہر ضعفہ اذ قال بعدہ حتی قیل لاتکرہ الی النار الموقدۃ اھ[1] اقول ان کان صحیحا انھم لایعبدونھا فمامعنی تعبیرھذا القیل بقیل الا ان یقال ان الموقدۃ قلما تخلوعن جمر وفیہ نظر بل لاتشمل علیہ الاقرب الانتہاء ثم ربما تکون الموقدۃ من حشیش ونحوہ ولاجمر ثمہ واللہ تعالٰی اعلم۔

شعلوں کی عبادت نہیں کرتے بلکہ آگ کے انگاروں کی عبادت کیا کرتے ہیں اھ اور اسی طرح مجمع الانہر میں ہے، اور علامہ شرنبلالی نے بھی مراقی الفلاح میں اس کی طرف اشارہ کیا ہے، پھر خود علامہ زاہدی نے اس کے ضعف کی طرف لفظ قیل کے ساتھ اس کی تعبیر فرمائی، چنانچہ اس کے بعد اُس نے کہا یہاں تک کہ یہ کہا گیا ہے کہ شعلہ زن آگ کی طرف (نماز میں منہ کرنا) مکروہ نہیں اھ **اقول** (میں کہتا ہوں) اگر یہ بات صحیح ہے کہ آتش پرست نری آگ کی عبادت نہیں کرتے تو اس کی تعبیر لفظ قیل کے ساتھ کرنے کا کیا مطلب ہے، مگر یہ کہ کہا جائے کہ شعلہ زن آگ بہت کم انگاروں سے خالی ہوتی ہے، لیکن یہ موجب اشکال ہے۔ بلکہ انگاروں پر صرف آخر میں مشتمل ہوتی ہے (اور یہ بھی غور کرنا چاہیے کہ) بسا اوقات آگ گھاس اور اُس جیسی چیزوں سے جس میں بالکل (برائے نام بھی) انگارے نہیں ہوتے۔ واللہ تعالٰی اعلم

(۴) مصحف شریف

(۵) تلوار وغیرہ ہتھیار کا سامنے ہونا مکروہ نہیں کہ ان کی عبادت نہیں ہوتی،

کما فی الکتب الثلثۃ وعامۃ الکتب ولفظ الامام الزیلعی انھما لایعبدان وباعتبارھا تثبت الکراھۃ وفی استقبال المصحف تعظیمہ وقد امرنابہ[2]۔

جیسا کہ تین کتابوں اور عام کتابوں میں مذکور ہے اور امام زیلعی کے الفاظ یہ ہیں اُن دونوں کی (مصحف شریف اور تلوار کی) عبادت نہیں کی جاتی۔ اور کراہت باعتبار عبادت ثابت ہوتی ہے اور مصحف شریف کی طرف منہ کرنا اُس میں اس کی تعظیم، اور ہمیں اس کی تعظیم کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ (ت)

---

[1] القنیۃ المنیۃ کتاب الکراھیۃ باب الکراھیۃ فی الوضوء الخ مطبوعہ کلکتہ انڈیا ص ۱۴۹

[2] تبیین الحقائق کتاب الصلوٰۃ باب مایفسد الصلوٰۃ الخ المطبعۃ الکبری بولاق مصر ۱/ ۱۶۷

اقول (میں کہتا ہوں) یہ وہی فرق نفیس ہے کہ صدر کلام میں فقیر نے گزارش کیا،

ولفظ البحراما المصحف فلان فی تقدیمہ تعظیمہ وتعظیمہ عبادۃ والاستخفاف بہ کفرفانفصمت ہذہ العبادۃ الی عبادۃ اخری فلاکراھۃ[1] اھ فاحفظہ فانہ ینفعك۔

بحرالرائق کے الفاظ یہ ہیں رہا مصحف تو اس کی تقدیم میں اس کی تعظیم ہے اور اسکی تعظیم بلاشبہہ عبادت ہے اور اس کا استخفاف کفر ہے۔ پھر یہ عبادت ایک دوسری سے پیوستہ ہوگئی لہذا بالکل کراہت نہ رہی اھ پھر اس کو یاد رکھئے بلاشبہہ یہ آپ کو فائدہ دے گا۔ (ت)

(۶) تصویر صغیر پر قیاس فرماکر مستور سے بھی نفی کراہت کی کہ ظاہر نہ ہونے میں اس کے مثل ہے جیسے جیب یا بٹوے میں روپیہ یا بعض ترکی ٹوپیوں میں کہ نصارٰی کی بنائی ہوتی ہیں اندر کی جانب تصویر ہوتی ہے ان صورتوں میں نماز مکروہ نہیں مگر ناجائز تصویریں حفاظت سے رکھ چھوڑنا خود ہی منع ہے اگرچہ صندوق میں بند رکھے اور نہ کھولے اگرچہ وہاں نماز مکروہ نہ ہوگی۔ محیط و خلاصہ و حلیہ و بحر میں ہے:

رجل فی یدہ تصاویر وھویؤم الناس لاتکرہ امامتہ لانہا مستورۃ بالثیاب فصار کصورۃ فی نقش خاتم وھو غیر مستبین[2] اھ ولفظ الخلاصۃ اذاکانت فی یدہ (وفی نسخۃ علی یدیہ) وھو یصلی لاباس بہ لانہ مستور بثیابہ وکذا لوکانت علی خاتمہ[3] اھ عزا فی

کسی شخص کے بازو میں تصویریں ہیں اور لوگوں کی امامت کراتا ہے تو اس کی امامت مکروہ نہ ہوگی اس لئے کہ یہ تصویریں کپڑوں سے چھپی ہوئی ہیں۔ اور اس کی مثال ایسی ہے جیسے انگوٹھی کے نقش میں تصویر ہو جبکہ وہ واضح نہ ہو اھ خلاصہ کے الفاظ یہ ہیں: اگر کسی کے بازو میں، اور ایک نسخہ میں ہے اس کے دونوں بازوؤں میں تصویر ہو اور وہ اس حالت میں نماز پڑھے تو کچھ حرج نہیں کیونکہ وہ کپڑوں سے ڈھانپی ہوئی ہیں۔ اور اسی طرح اگر انگوٹھی پر تصویر ہو اھ

---

[1] بحرالرائق کتاب الصلوٰۃ باب مایفسد الصلوٰۃ ومایکرہ فیہا ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۲/۲۱

[2] بحرالرائق بحوالہ المحیط " " " " ۲/۲۷

[3] خلاصۃ الفتاوٰی " الجنس فیما یکرہ فی الصلوٰۃ مکتبہ حبیبیہ کوئٹہ ۱/۵۸

الحلیۃ العبارۃ الاولی للمحیط والخلاصۃ معا وفرق فی البحر فاحسن وقال تحت قول المحیط وھو یفید ان المستبین فی الخاتم تکرہ الصلوٰۃ معہ[1] اھ **اقول** العادۃ ان الخاتم لایکون علیھا الاغیر مستبین بل لعل الخاتم لایحتمل الا ایاہ فقول المحیط وھو غیر مستبین لبیان العلۃ الجامعۃ بین نقش الخاتم والمستور، قال البحر ویفید انہ لایکرہ ان یصلی ومعہ صرۃ اوکیس فیہ دنانیر او دراھم فیھا صور صغار لاستتارھا[2] اھ واعترضہ فی النھر بان عدم الکراھۃ فی الصغار غنی عن التعلیل بالاستتار بل مقتضاہ ثبوتھا اذا کانت منکشفۃ وسیأتی انھا لاتکرہ الصلوٰۃ لکن یکرہ کراھۃ تنزیہ جعل الصورۃ فی البیت لخبران الملئکۃ لاتدخل بیتا

چنانچہ حلیہ میں پہلی عبارت کی محیط اور خلاصہ کی طرف نسبت کی، اور بحر رائق میں بہت اچھے انداز سے فرق کیا ہے، اور محیط کے قول کے ذیل میں فرمایا اور اس سے یہ فائدہ برآمد ہوا کہ اگر انگوٹھی میں نقوش واضح ہوں تو اس کے ساتھ نماز پڑھنا مکروہ ہے اھ **اقول** (میں کہتا ہوں) عادت کے مطابق انگوٹھی پر نقوش واضح نہیں ہوتے بلکہ شاید انگوٹھی غیر واضح نقوش کے علاوہ کوئی اور دوسرا احتمال ہی نہیں رکھتی، لہذا محیط کا یہ کہنا کہ انگوٹھی کے غیر واضح نقوش ہوا کرتے ہیں، ایسی علت کے بیان کیلئے ہے جو انگوٹھی کے نقش مستور کے لئے جامع ہے۔ صاحب بحر رائق نے فرمایا: اس سے یہ فائدہ حاصل ہوا کہ اگر تھیلی یا بٹوہ میں درھم، دینار رکھے ہوں اور ان کے ساتھ نماز پڑھے جبکہ ان میں چھوٹی چھوٹی تصویریں ہوں تو کراہتہ نہ ہوگی اس لئے کہ وہ مستور ہیں اھ النہر الفائق میں اس پر اعتراض کیا کہ چھوٹی تصویروں میں بوجہ صغر عدم کراہت کیلئے کافی ہے لہذا تعلیل بالاستتار کی ضرورت نہیں بلکہ اس کا مقتضی ثبوتِ کراہت ہے جبکہ وہ کھلی ہوں۔ ابھی آئیگا کہ نماز مکروہ نہ ہوگی، لیکن گھر میں تصویر رکھنا مکروہ تنزیہی ہے اس حدیث کی بنا پر کہ اس گھر میں فرشتے نہیں جاتے جس میں

---

[1] بحرالرائق کتاب الصلوٰۃ باب مایفسد الصلوٰۃ ومایکرہ فیہا ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۲/ ۲۷

[2] " " " " " " " ۲/ ۲۷

40

فیہ کلب او صورۃ اھ نقلہ فی المنحۃ[1] مقرا علیہ **اقول** وھو کما قال وکانت زیادۃ الصغار وقع وفاقا فان المعھود فی الدراھم والدنانیر ھی الصغار لکن فی قولہ لکن ماقد علمت ان الصغار لا تکرہ فی البیت ایضا کما مر تصریحہ عن الفتح، وقد تظافروا علی نقل اٰثار فیھما عن الصحابۃ رضی اللہ تعالٰی عنھم وقد منا عن الامام فخر الاسلام ان امساك الصورۃ علی سبیل التعظیم ظاھرا مکروہ الخ فقید بالظاھر فغیرہ لا یؤثر کراھۃ لا فی الصلوۃ ولا فی الامساك، قال البحر و یفید انہ لوکان فوق الثوب الذی فیہ صورۃ ثوب ساتر لہ فانہ لا یکرہ ان یصلی فیہ لاستتارھا بالثوب الاٰخر واللہ سبحنہ اعلم اھ[2]

کتا یا تصویر ہو اھ منحۃ الخالق میں اس کا اقرار کرتے ہوئے اسے نقل فرمایا۔ **اقول** (میں کہتا ہوں) اور وہ اسی طرح ہے جیسا کہ موصوف نے کہا ہے گویا چھوٹے پن کا اضافہ اتفاقیہ واقع ہوا کیونکہ درھم و دینار میں نقوش تصویر کا چھوٹا ہونا ایک امر معہود ہے۔ لیکن اس کے قول "لکن یکرہ" میں آپ جانتے ہیں کہ چھوٹی تصویر گھر میں ہو تو کوئی کراہت نہیں۔ جیسا کہ اس کی تصریح فتح القدیر کے حوالہ سے پہلے گزر چکی۔ ائمہ کرام نے صحابہ کرام رضی اللہ تعالٰی عنہم سے ایسے آثار نقل کرنے پر باہم اتفاق اور تعاون فرمایا اور ہم اس سے پہلے فخر الاسلام کے حوالے سے ذکر کر چکے ہیں کہ برملا کسی تصویر کو بطور تعظیم اٹھائے رکھنا مکروہ الخ موصوف نے اپنے کلام میں "الظاھر" کی قید لگائی، پس اس کا واضح مفہوم یہ ہے کہ اگر تصویر ظاہر نہ ہو تو پھر کراہت میں اس کا کوئی اثر نہیں، نہ نماز میں اور نہ اُسے اٹھائے رکھنے میں، مصنف بحرالرائق نے فرمایا: اس سے یہ فائدہ برآمد ہوا کہ جس کپڑے میں کوئی تصویر ہو پھر اس کے اوپر کوئی دوسرا کپڑا ڈال کر اسے چھپا لیا جائے تو پھر ایسے کپڑے پر نماز پڑھنی مکروہ نہیں اس لئے کہ وہ دوسرے کپڑے

---

[1] منحۃ الخالق علی البحر الرائق کتاب الصلوۃ باب مایفسد الصلوۃ ومایکرہ فیہا ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۲/ ۲۷

[2] بحرالرائق کتاب الصلوۃ باب مایفسد الصلوۃ ومایکرہ فیہا ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۲/ ۲۷

اقول ولا قرۃ عین فیہ لمن یمسک التصاویر فی صندوقہ لینظر فیہا متی شاء فانہا وان کانت مستورۃ مادامت فی الصندوق لکنہ یفتحہ و یخرجہا فتظہر فیاتی التحریم والامساک لامر ممنوع ممنوع کمن امسک امرأۃ لیفجر بہا فہو فی اثم الفجور حین لایفجر لان الاعمال بالنیات، نسأل اللہ السلامۃ، بل لو امسکہا و لم یقصد النظر فیہا متی شاء کان فیہ حفظ ما فیہ الفساد فکان کامساک اٰلۃ اللہو لمن لایضرب قال الامام الاجل قاضیخان فی فتاواہ لو امسک شیئا من ہذہ المعازف والملاہی یکرہ و یأثم و ان کان لایستعملہا لان امساک ہذہ الاشیاء للہو عادۃ[1]۔

سے چھپا لیا گیا ہے۔ اور اللہ تعالٰی پاک و منزہ ہے، وہ سب سے زیادہ علم رکھنے والا ہے۔

اقول (میں کہتا ہوں) اس میں کوئی آنکھوں کی ٹھنڈک نہیں اس آدمی کے لئے جو اپنے صندوق میں تصویریں بند کر رکھے اس مقصد کے لئے کہ جب چاہے صندوق کھول کر انھیں دیکھ لے، مذکورہ تصویریں اگرچہ صندوق میں بند ہونے کی وجہ سے مستور ہیں جب تک کہ صندوق میں ہیں لیکن جب وہ صندوق کو کھولے گا اور انھیں نکالے گا تو وہ سامنے آجائیں گی پھر حرمت پیدا ہوجائے گی کیونکہ کسی امر ممنوع کے لئے کسی چیز کو روکے رکھنا بھی ممنوع ہے، اس کی مثال اس آدمی جیسی ہے کہ جس نے کسی عورت کو اپنی نگرانی میں پابند کر رکھا تھا تاکہ موقع پر اس سے بدکاری کا ارتکاب کرے، پھر جس وقت تک وہ بدکاری نہ کرے گا اس وقت بھی بدکاری کرنے کے گناہ میں گرفتار ہوگا اس لئے کہ اعمال کا مدار انسانی ارادوں پر ہے، لہذا ہم اللہ تعالٰی سے سلامتی کا سوال کرتے ہیں، بلکہ اگر اُس نے اسے روک رکھا اور جب چاہے دیکھنے کا ارادہ بھی نہ کیا تو پھر بھی اس میں یہ خرابی ہے کہ اس نے اس صورت میں اُسی چیز کی حفاظت کی جس میں فساد ہے، اور اسی طرح یہ ہے کہ جیسے کوئی آدمی گانا بجانا نہیں کرتا لیکن گانے کے آلات واسباب کو اپنے پاس روکے رکھتا ہے چنانچہ ہمارے ایک جلیل القدر امام فقیہ قاضی خاں نے اپنے فتاوٰی میں ارشاد فرمایا کہ اگر کوئی شخص گانے بجانے اور لہو میں سے کسی چیز کو اپنے پاس روکے رکھے مکروہ ہے اور وہ اسی طرح کرنے سے گنہگار ہوگا اگرچہ انھیں اپنے استعمال میں نہ لائے، کیونکہ اس قسم کے آلات واسباب کو

[1] فتاوٰی قاضیخان کتاب الحظر والاباحۃ فصل فی التسبیح والتسلیم الخ نولکشور لکھنؤ ۴/۷۹۳

روکے رکھنا عادتاً کھیل تماشے کے لئے ہی ہوتا ہے۔ (ت)

(۷) چاند، سورج، ستاروں اور درختوں کی تصویریں نماز میں سامنے ہوں تو حرج نہیں کہ مشرکین نے اگرچہ ان اشیاء کو پُوجا مگر ان تصویروں کی عبادت نہیں کرتے، سومنات اگرچہ معبدِ قمر تھا، سوم بمعنے قمر ہے اور ناتھ بمعنے مالک، مگر اس میں بُت تھا جسے صورت روحانیت قمر قرار دیا تھا نہ شکل ہلالی یا قمری یا بدری کی تصویر، ردالمحتار میں درایہ شرح ہدایہ سے ہے:

فان قیل عبد الشمس والقمر والکواکب والشجرۃ الخضراء قلنا عبد عینہ لاتمثالہ[1] اھ اقول وبہ ظھر بطلان ما بحث القاری فی المرقاۃ اذ قال ما عبد من دون اللہ ولو کان من الجمادات کالشمس والقمر ینبغی ان یحرم تصویرہ[2] اھ وھو کما تری بحث غریب ساقط لادلیل علیہ ولا اثر لہ فی کلام الائمۃ بل مخالف لاطلاقات جمیع کتب المذھب متونا و شروحا وفتاوی واللہ الموفق ھذا، ثم قال العلامۃ الکاکی فعلی ھذا ینبغی ان یکرہ

اگر یہ کہا جائے سورج، چاند، ستارے اور سرسبز درختوں کی عبادت کی جاتی ہے (تو پھر ان کی تصویروں کا کیا حکم ہے) ہم اس کے جواب میں عرض کرتے ہیں کہ اشیاء مذکورہ کی عین ذات کی عبادت کی جاتی ہے نہ کہ ان کی تصویروں کی اھ اقول (میں کہتا ہوں) اس سے اس قول کا باطل ہونا واضح ہوگیا کہ ملّا علی قاری نے مرقاۃ شرح مشکوۃ میں جس سے بحث کی چنانچہ موصوف نے فرمایا کہ اللہ تعالٰی کے سوا جس کی عبادت کی جائے اگرچہ وہ بے جان چیزوں میں سے ہو جیسے سورج اور چاند وغیرہ، تو مناسب یہ ہے کہ اسکی تصویر حرام قرار دی جائے اھ یہ جو کچھ فرمایا جیسا کہ آپ دیکھتے ہیں ایک بحث غریب ہے جو درجۂ اعتبار سے ساقط ہے کیونکہ اس امر پر کوئی دلیل نہیں، اور نیز ائمہ کرام کے کلام میں اس کی کوئی نشانی موجود نہیں بلکہ وہ ایک مخالف کلام ہے، ان تمام اطلاقات کے لئے جو مذہبی کتابوں میں متون،

---

[1] ردالمحتار کتاب الصلوۃ باب مایفسد الصلوۃ وما یکرہ فیہا داراحیاء التراث العربی بیروت ۱/۴۳۶

[2] مرقات المفاتیح شرح المشکوۃ المصابیح کتاب اللباس باب التصاویر الفصل الاول ۸/۲۷۳

استقبال عين هذه الاشياء قال الشامي اي لانها عين ماعبد بخلاف ما لوصورها واستقبل صورتها[1] **اقول** تفريع عجيب و بحث غريب فالمسافرون في الفضاء والبحر بما لا يجدون ملجاء من استقبال الشمس في العصر والقمر فيها و في المغرب او في العشاء ولا محيد لهم عن استقبال الكواكب في العشاء واين يهرب المصلي في الغياض والرياض عن استقبال شجرة خضراء بل ربما لايجد له سترة غيرها فيلجأ اليها بحكم الشرع وروى الامام احمد و ابوداؤد عن المقداد بن الاسود رضي الله تعالى عنه قال ما رايت رسول الله صلى الله تعالى عليه

شروح اور فتاویٰ کی صورت میں موجود ہیں، اور اللہ تعالیٰ ہی اس کی توفیق بخشنے والا ہے، علامہ کاکی نے فرمایا کہ پھر تو اس بنا پر مناسب یہ ہے کہ ان تمام چیزوں کی بعینہٖ ذات کی طرف منہ کرنا مکروہ ہے، چنانچہ علامہ شامی نے فرمایا کہ تمام وہ چیزیں جن کی عبادت کی جاتی ہے ان کا عین ہیں بخلاف اس کے کہ ان کی تصویر بنائیں اور پھر اس تصویر کی طرف منہ کریں اھ **اقول** (میں کہتا ہوں) یہ ایک عجیب تفریع اور نادر بحث ہے کہ مسافر کھلی فضا اور سمندر میں کوئی ٹھکانا نہیں پاتے، عصر کے وقت سورج کی طرف منہ کرنے سے اور چاند کی طرف منہ کرنے سے اور مغرب یا عشاء میں اور عشاء کے وقت ستاروں کی طرف منہ کرنے سے لوگ کہیں نہیں بھاگ سکتے۔ اور جنگلات اور باغات میں نمازی کہاں بھاگ کر جاسکتا ہے کیونکہ جنگلوں اور باغوں میں ہرے بھرے درختوں کی طرف منہ کرنے سے بلکہ بسا اوقات وہ ان کے بغیر کوئی سترہ ہی نہیں پاتا، پھر حکم شریعت کی بنا پر ان کی طرف پناہ لیتا ہے، امام احمد اور امام ابوداؤد نے مقداد بن اسود سے روایت کی (اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو) موصوف نے فرمایا میں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کسی

---

[1] ردالمحتار بحوالہ معراج الدرایہ کتاب الصلوٰۃ باب ما یفسد الصلوٰۃ الخ داراحیاء التراث العربی ۱/۴۳۶

وسلم صلی الی عود ولا عمود ولا شجرۃ الاجعلہ علی حاجبہ الایسر اوالایمن ولا یصمد لہ صمدا[1] ثم ان النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم انما نھی عن الصلوٰۃ حین تبشرق الشمس وحین تستوی وحین تتدلی للغروب ولم یقیدہ بکونھا قبالۃ المصلی بل اینما کانت ولو وراء ظہرہ ولوفی غیم غلیظ وعللہ بانھا تکون اذ ذاک بین قرنی الشیطٰن لابانھا عبدت من دون الرحمٰن ولعل شدۃ بعدھا والقمر والنجوم تغنی عن السترۃ فلابی داؤد عن ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنھما قال قال رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اذا صلی احدکم الی غیر السترۃ فانہ یقطع صلوٰتہ الحمار والخنزیر والیھودی والمجوسی والمرأۃ ویجزئ عنہ اذا مروا بین یدیہ علی قذفۃ بحجر[2] وللطحاوی یکفیک

لکڑی، کسی ستون اور کسی درخت کی طرف نماز پڑھتے ہوئے نہ دیکھا مگر آپ نے انھیں اپنے دائیں یا بائیں ابرو کی طرف رکھا اور بالکل ان کی طرف سیدھ نہ فرمائی، اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے لوگوں کو اس وقت نماز پڑھنے سے روکا جب سورج چڑھ رہا ہو یا دوپہر کے وقت وسطِ آسمان میں ٹھہر جائے یا غروب کے قریب ہو جائے، اور اس کو اس بات سے مقید نہ کیا کہ وہ نمازی کے سامنے اور اس کے مقابل ہو بلکہ جہاں بھی ہو اس کے لئے یہی حکم دیا اگرچہ وہ اسکے پس پشت ہو اور گھیرے بادل میں چھپا ہوا ہو، اور اسکی تعلیل یہ بیان فرمائی کہ اوقاتِ مذکورہ میں سورج شیطان کے دو سینگوں کے درمیان ہوتا ہے نہ یہ کہ اس وقت خدائے رحمان کے علاوہ اس کی پرستش کی جاتی ہے شاید اس کی وجہ زیادہ دور ہونا ہے، چاند اور ستارے نمازی کو سُترہ سے بے نیاز کر دیتے ہیں (مطلب یہ کہ اُن کے آگے کسی آڑ کی ضرورت نہیں) چنانچہ ابو داؤد میں حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہ کے حوالے سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات گرامی سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا: اگر تم میں سے کوئی شخص بغیر سترہ کے نماز پڑھے تو گدھا، سور، یہودی، آتش پرست اور عورت اس کی نماز کو قطع کر دیتے ہیں اور جب وہ اس کے آگے سے گزریں تو اس کی طرف سے یہی کافی ہے کہ ایک پتھر پھینکنے

[1] سنن ابی داود کتاب الصلوٰۃ باب اذا صلی الی ساریۃ اونحوھا آفتاب عالم پریس لاہور ۱/ ۱۰۰

[2] ؍؍ ؍؍ ؍؍ باب ما یقطع الصلوٰۃ ؍؍ ؍؍ ؍؍ ؍؍ ۱/ ۱۰۲

اذا کانوا منك قدر رمیة[1] وفی صلٰوة الھندیة عن التتارخانیة ان کانت القبور وراء المصلی لایکرہ فانه ان کان بینه وبین القبر مقدار ما لوکان فی الصلٰوۃ ویمر انسان لایکرہ فھٰھنا ایضا لایکرہ[2] اھ اما الشجر **فاقول** کونھم عبدوا نوعا او شخصا من الشجر لایلزم کراھة الاستقبال الا الی ذٰلك النوع او الشخص بخصوصه لا الی کل شجرۃ ولیس ذٰلك مثل التمثال فان الحکم متعلق بنفسه من دون نظر الی کونه صورۃ ما عبدوہ اولا کما سیاتیك تحقیقه ان شاء اللہ تعالٰی بخلاف الاعیان فلا یعتبر فیھا الجنس بل خصوص ما عبد علی وجه

کی مقدار دُور ہو (یعنی اگراتنی مقدار دور سے گزریں تو کوئی حرج نہیں) اور امام طحاوی کی روایت میں ہے (اے نمازی!) تجھے یہی کافی ہے کہ گزرنے والا تجھ سے ایک تیر پھینکنے کی مقدار ہو۔ فتاوٰی عالمگیری بحث صلٰوۃ میں تاتارخانیہ کے حوالے سے منقول ہے اگر قبریں نمازی کے پس پشت ہوں تو کوئی کراہت نہیں بشرطیکہ نمازی اور قبر کے درمیان اتنی مقدار مسافت ہو کہ جتنی نماز میں نمازی کے آگے ہونی چاہیے کہ اگر کوئی آدمی اس کے آگے سے گزرے تو کراہت نہ ہو، تو یہاں بھی اس قدر مسافت ہو تو کراہت نہ ہوگی اھ رہا درختوں کا معاملہ **فاقول** (تو اس کے متعلق میں کہتا ہوں کہ) مشرکین کسی نوع یا کسی فردِ معین درخت کی عبادت کرنے سے اس کی طرف منہ کرنے سے کراہت لازم آئے گی مگر یہ اس وقت ہوگا جبکہ اس نوع یا خصوصی فرد کی طرف منہ کرے اور یہ معاملہ ہر درخت کے ساتھ نہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کا معاملہ تصویر جیسا نہیں اس لئے کہ حکم اس کی ذات سے وابستہ ہے اس پر نظر کئے بغیر کہ یہ اس کی تصویر ہے کہ جس کی پہلے مشرکین نے عبادت کی یا نہیں جیسا کہ ان شاء اللہ تعالٰی عنقریب اس کی تحقیق تیرے پاس آجائیگی بخلاف اعیان (ذوات) کہ ان میں

---

[1] شرح معانی الآثار " باب المرور بین یدی المصلی الخ ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۱/۳۰۹
[2] فتاوٰی ہندیة " الباب السابع الفصل الثانی نورانی کتب خانہ پشاور ۱/۱۰۷

عبد الا تری الی ما مر من الفرق بین تنور فیه نار وبین شمع وسراج اَو لا تری ان النبی صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم کان یستتر فی صلوته براحلته ولم یمنعه عن ذلك کونها من جنس الحیوان الذی یعبده المشرکون نوع البقر وعبدوا شخص عجل السامری، اخرج الشیخان عن ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنهما ان النبی صلی اللہ تعالٰی علیه وسلم کان یعرض راحلته فیصلی الیها[1]، وفی الفتح ان استتر بظهر جالس کان سترة وکذا الدابة واختلفوا فی القائم[2] اھ وفیه وفی الهندیة عن النهایة قالوا حیلة الراکب ان ینزل

جنس کا اعتبار نہیں کیا جاتا بلکہ اس میں جس کی عبادت کی جائے جس وجہ پر عبادت کی جائے اس خصوص کو پیش نظر رکھا جاتا ہے۔ کیا آپ نہیں دیکھتے اس گزشتہ فرق کو جو ایسے تنور کہ جس میں آگ ہو اور شمع اور چراغ کے درمیان کیا گیا ہے کیا آپ نہیں دیکھتے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اپنی نماز میں اپنی سواری (ناقہ) کو پردہ اور آڑ بناتے اور اس رویہ سے آپ کو یہ چیز نہ روکتی کہ ناقہ اس جنسی حیوان میں سے ہے کہ جس کی ایک قسم گائے کی مشرکین عبادت کرتے رہے اور سامری کے بنائے ہوئے فرد معین بچھڑے کی پرستش کرتے رہے، چنانچہ بخاری اور مسلم نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما کے حوالے سے تخریج فرمائی کہ حضور علیہ الصلٰوۃ والسلام جب نماز پڑھنے کا ارادہ فرماتے تو اپنی سواری (ناقہ) کو چوڑائی میں بٹھا دیتے پھر اس طرف منہ کرکے نماز پڑھتے۔ فتح القدیر میں ہے اگر کسی بیٹھے ہوئے شخص کی پیٹھ کو (نماز پڑھتے وقت) پردہ بنائے تو پھر اس کے لئے سُترہ کے قائم مقام ہے، اور کسی دوسرے جانور کا بھی یہی حکم ہے، اور کھڑے ہونے والے شخص میں ائمہ کرام نے اختلاف کیا ہے اھ اور اس میں اور فتاوٰی عالمگیری میں نہایہ کے

[1] صحیح البخاری کتاب الصلٰوۃ باب الصلٰوۃ الی الراحلۃ الخ قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۷۲

[2] فتح القدیر ؍؍ باب ما یفسد الصلٰوۃ وما یکرہ فیہا مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر ۱/ ۳۵۴

فیجعل الدابة بینه وبین المصلی فتصیر ھی سترة فیمر[1] اھ فالذی تحرر بما تقرر کراھة استقبال خصوص حیوان او شجر اخضر یعبدہ المشرکون ان نوعا فنوعا او شخصا فذلك الشخص عینا دون غیرہ من نوعه بشرط ان لایکون بینه وبین المصلی اکثر مما یؤثم المار ھذا ما ظھر لی وارجوان یکون صوابا ان شاء اللہ تعالٰی واللہ تعالٰی اعلم۔

حوالے سے ہے۔ ائمہ فقہ نے فرمایا (سفر میں سُترہ کے لئے تجویز و تدبیر یہ ہے کہ نمازی کے آگے سے گزرنے والا سوار ہے تو زمین پر اترے، پھر گزرنے والا اپنے اور نمازی کے درمیان اپنے جانور کو آڑ بنالے پس یہی اُس کے لئے سُترہ کی حیثیت رکھتا ہے اھ اور جو کچھ اثبات کردہ حقیقت کے مطابق تحریر ہوا کہ مشرکین جن چیزوں کی عبادت کرتے ہیں بربنائے خصوص خواہ وہ حیوان ہو یا کوئی سرسبز و شاداب درخت ہو، نماز میں اس کی طرف منہ کرنا مکروہ ہے، اگر نوع ہو تو اُس نوع کا یہی حکم ہے۔ اگر شخص (یعنی فردِ معین ہو تو) پھر عین (یعنی اس فردِ معین کا یہی) حکم ہے۔ لہٰذا اس نوع میں سے کوئی دوسرا مراد نہ ہوگا۔ بشرطیکہ اس کے اور نمازی کے درمیان اتنی زیادہ مسافت نہ ہو کہ جس سے گزرنے والا گنہگار ہوتا ہے۔ اور یہ وہ تحقیق ہے جو مجھ پر ظاہر ہوئی۔ اور مجھے امید ہے کہ وہ ضرور بنی بر صواب ہوگی بشرطیکہ اللہ تعالٰی نے چاہا۔ اور اللہ تعالٰی سب سے بڑا عالم ہے۔ (ت)

ان تمام مسائل سے واضح ہوا کہ تشبّہ کے لئے اُس شئے کا جنس مایعبدہ المشرکون سے ہونا ضروری ہے **اقول** (میں کہتا ہوں) اب یہاں متعدد سوال پیدا ہوتے ہیں:

اوّل اعیان میں تو اس کے معنی ظاہر ہیں کہ خود وہی نوع یا شخص ہو جس کی عبادت مشرکین کرتے ہیں مگر تصویر میں ہرگز یہ معنی نہیں شمس و قمر کی تصویر نہ گھر میں رکھنا مکروہ نہ نماز میں سامنے ہونے سے کراہت حالانکہ وہ معبودانِ باطل ہیں، اور ہر انسان و حیوان کی تصویر رکھنا بھی حرام، اور اس سے نماز بھی مکروہ، حالانکہ مشرکین ان سب کی عبادت نہیں کرتے، اس کا منشا کیا ہے، وہ جو گزرا کہ شمس و قمر کے عین کی عبادت ہوتی ہے نہ تصویر کی، یہاں بدرجۂ اولٰی وارد ہے کہ ان کے نہ عین کی عبادت ہوتی ہے نہ تصویر کی۔ اگر کہئے وہ ذی روح نہیں یہ ذی روح ہیں ہم کہیں گے یہی تو سوال ہے کہ جب مدارِ عبادت پر ہے تو معبودِ باطل تو غیر ذی روح کی تصویر کیوں نہ منع و وجہِ کراہت ہوئی، اور ذی روح

---

[1] فتح القدیر کتاب الصلوٰۃ باب ما یفسد الصلوٰۃ وما یکرہ فیہا مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر ۱/۳۵۴

غیر معبود کی تصویر کیوں حرام وموجبِ کراہت ٹھہری۔

دوم سر بریدہ وچہرہ محو کردہ کو استثنا فرمایا کہ ان کی عبادت نہیں ہوتی، ظاہر ہے کہ یہ نفی نفیِ امکان نہیں کہ مشرکوں کی بدعقلی سے کسی چیز کی عبادت محال کیا مستبعد بھی نہیں، جب وہ صرف لنگ اور جلہری کی پوجا کرتے ہیں تو اُن کے ساتھ باقی بدن بھی اگر ہوا اور سر نہ ہوا تو کون مانع ہے مگر مراد نفیِ عادت ہے کہ تن بے سر کی عبادت ان کی عادت نہیں۔ تبیین الحقائق و بحر الرائق سے گزرا:

لانھا لا تعبد بدون الراس عادۃ۔[1] اس لئے کہ بطور عادت، بغیر سر، تصویر کی عبادت نہیں کی جاتی (ت)

اب واضح سوال ہے کہ تصویر کے چاروں ہاتھ پاؤں کاٹ دینے کے بعد جواز کیوں نہ ہوا کہ ایسے لوتھڑے کی عبادت بھی اُن کی عادت نہیں بلکہ بھنویں اور آنکھیں مٹا دینے پر بھی یہی سوال ہو سکتا ہے کہ اس حالت پر بھی عبادت کی عادت محلِ منع ہے، اگر کہئے بے سر و چہرہ حیات نہیں رہتی اور ان اعضائے کے بغیر ممکن ہے، ہم کہیں گے تو مدار حیات پر ہوا نہ عادت عبادت پر، ہذا خلف حیات کو اس لئے لیا تھا کہ اصل مناط یعنی عادۃ معبود ہونا بے حیات منتفی ہے نہ اس لئے کہ حیات ہی اصل مناط ہے کہ وہ باقی ہو تو حکم ثابت رہے اگرچہ عادت عبادت معدوم ہو۔

سوم سر بریدہ واطراف بریدہ میں تو موت وحیات سے فرق کر لیا چھوٹی تصویر اور اطراف بریدہ میں کیا فرق ہے، قابلیتِ حیات دونوں میں ہے اور عادۃً عبادت دونوں کی نہیں ہوتی بلکہ بڑی تصویر صرف مستور رہنے سے کیوں قابلِ استثنار ہوگئی، اتنا خارجی تغیر کہ صرف ایک ہیأت بدلی مفید ہوا اور یہ عظیم تغیر نفس جسم میں کہ چاروں ہاتھ پاؤں جڑ سے کاٹ دیئے کام نہ آیا حالانکہ پردہ ڈالنا اعزاز کا بھی پہلو رکھ سکتا ہے اور دست و پا کاٹ دینا صریح اہانت ہے۔

چہارم کیا فرق ہے کہ زید یا مثلاً بکر کی تصویر گھر میں بے اہانت رکھنا حرام اور مانع ملٰئکہ رحمۃ علیہم الصلوٰۃ والسلام، حالانکہ مشرکین نہ زید اور بکر کو پوجتے ہیں نہ اُن کی تصویروں کو، اور گائے کا گھر میں بے اہانت رکھنا جائز حالانکہ وہ خود ان کی معبودہ باطلہ ہے اور باندھنا بغرض اہانت نہیں بلکہ حفظ ہے، اور بہت گائے بیل بے باندھے بھی رکھے جاتے ہیں، اگر کہئے گائے کا رکھنا

---

[1] تبیین الحقائق باب مایفسد الصلوٰۃ و مایکرہ فیہا المطبعۃ الکبرٰی بولاق مصر ۱/۱۶۶
بحر الرائق " " " " ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ۲/۲۸

دُودھ کے لئے ہے اور تصویر سے کوئی غرض صحیح نہیں، ہم کہیں گے غرض صحیح کے چار درجے ہیں ضرورت، حاجت، منفعت، زینت۔ کاتے اگرچہ درجہ سوم میں ہے لوگ تصویر کو درجہ چہارم میں رکھتے ہیں تو بے غرض یہ بھی نہ ہوئی معہذا اور اغراض بھی تصویر میں ہو سکتی ہیں مثلاً معرکہ جہاد کی تصویر جس میں اللہ عزوجل نے مسلمانوں کو کافروں پر غلبہ عطا فرمایا ہو کہ اُس کے مشاہدہ سے مسلمانوں کی عزت کفار کی ذلت کا سماں نظر آئے گا نعمتِ الٰہی کی یاد ہوگی اُن بندگانِ خدا کی طرح دین کے لئے جانفشانی کا شوق پیدا ہوگا الٰی غیر ذٰلك من المصالح (اُن بیان کردہ فوائد کے علاوہ اور بھی بہت سے مصالح ہیں۔ ت) حالانکہ ان نیتوں سے بھی اس کا رکھنا حرام وناجائز ہی ہے تو واجب ہوا کہ تصویر میں مایعبد کے وہ معنے لئے جائیں اور ایسا مناط تجویز کیا جائے جس سے یہ سب سوالات مرتفع ہوجائیں اور تمام مسائلِ منع واجازت اس پر منطبق آئیں **فاقول** وباللّٰہ التوفیق (پھر میں اللہ تعالٰی کی توفیق سے ہی کہتا ہوں۔ ت) یہاں مناطِ منع نہ صورت کی عبادت ہونا ہے نہ ذوالصورۃ کی، نہ اس کی نوع نہ جنس قریب کی۔ نہ اس کا اس حالت پر ہونا کہ ذوالصورۃ اس حال پر ہو تو زندہ رہے ان میں سے کچھ کسی وجہ پر نہ وہ سوال مرتفع ہوں نہ فروع منتظم بلکہ مناطِ تصویر کا معنی وثن میں ہونا ہے جیسا کہ محقق نے فتح میں اشارہ فرمایا:

حیث قال کما تقدم لیس لھا حکم الوثن فلا تکرہ فی البیت[1]

جیسا کہ پہلے گزرچکا (کہ اس حالت میں) تصویر کے لئے حکمِ صنم نہیں، لہٰذا اس کا گھر میں ہونا مکروہ نہیں۔ (ت)

ولہٰذا صورتِ حیوانیہ کی تخصیص ہُوئی کہ غیر حیوان کی تصویر بُت نہیں بُت ایک صورتِ حیوانیہ مضاہاتِ خلق اللہ میں بنائی جاتی ہے تاکہ ذوالصورۃ کے لئے مرآت ملاحظہ ہو اور شک نہیں کہ ہر حیوانی تصویر مجسم خواہ مسطح کپڑے پر ہو یا کاغذ پر دستی ہو یا عکسی اس معنی میں داخل ہے تو سب معنیٔ بُت میں ہیں اور بُت اللہ عزوجل کا مبغوض ہے تو جو کچھ اس کے معنی میں ہے اس کا بلا اہانت گھر میں رکھنا حرام اور موجبِ نفرتِ ملائکہ کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اسی قدر سے بحمد اللہ تعالٰی سب سوال حل ہوگئے تصویر کو اب تصویر حیوانی نہیں کہ معنی بُت میں ہو اور تصویر ہر انسان وحیوان اگرچہ مشرکین اُن کی عبادت نہ کرتے ہوں معنی بت میں ہے تو مبغوض رب العزت ہے، سوال اول

---

[1] فتح القدیر کتاب الصلوٰۃ باب مایفسد الصلوٰۃ ومایکرہ فیہا مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر ۱/ ۳۶۳

حل ہوا، تو نرِ صورت حیوانی ہی نہیں اور گائے ہے مگر خود مخلوق رب العزت نہ کہ مضاہات خلق اللہ میں مرآت ملاحظہ ہونے کو بنائی ہوئی کہ مبغوضِ الٰہی ہو تو یہ بھی معنیِ بُت میں نہیں، سوال چہارم حل ہوا، پھر صورت حیوانی کہا جانا اور اس کے لئے مرآۃ ملاحظہ ہونا دونوں کا مدار چہرہ پر ہے، اگر چہرہ نہیں تو اسے صورتِ حیوانی نہ کہا جائے گا، اس پر ایک تو امین الوحی جبرئیل علیہ الصلوۃ والسلام کا قول گزرا کہ ان کے سر کاٹ دیجئے کہ ہیاٰتِ درخت پر ہو جائیں، دوسرے ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ کا ارشاد گزرا کہ صورت سر کا نام ہے جس کے سر نہیں وُہ صورت نہیں، تیسرے امام اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ کا ارشاد گزرا کہ سر کاٹ دیا تو صورت نہ رہی، چوتھے اس پر اول دلیل ارشادِ اقدس حضور پر نور سید عالم صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے ہے،

اذا قاتل احدکم اخاہ فلیجتنب الوجہ فان اللہ خلق اٰدم علٰی صورتہ۔[1] رواہ مسلم عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ حکی النووی فی شرحہ ثلثۃ اقوال امثلھا واعدلھا واصحھا واجملھا ان المراد اضافۃ تشریف واختصاص کقولہ تعالٰی ناقۃ اللہ وکما یقال فی الکعبۃ بیت اللہ ونظائرہ اھ[2]

تم میں سے جب کوئی شخص اپنے بھائی سے آمادہ جنگ ہو تو اس کے چہرے کو بچائے کیونکہ اللہ تعالٰی نے حضرت آدم کو اپنی صورت پر پیدا فرمایا۔ امام مسلم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے اس کو روایت فرمایا۔ امام نووی نے اپنی شرح صحیح مسلم میں علٰی صورتہ کے متعلق تین اقوال کی حکایت فرمائی ان میں سب سے زیادہ عمدہ والا قول یہ ہے کہ اس اضافت سے شرافت و اختصاص مراد ہے۔ اللہ تعالٰی کے اس ارشاد "ناقۃ اللہ" (اللہ تعالٰی کی اونٹنی) کی طرح، اور جیسا کہ کعبہ شریف کے بارے میں کہا جاتا ہے "بیت اللہ" (اللہ تعالٰی کا گھر)، اور اسی طرح اس کے باقی نظائر و امثال اھ (ت)

تکریمِ صورت کو صرف تعظیمِ وجہ پر مقصود فرمایا اور مرآۃ ملاحظہ ہونے کا وجود وعدمًا اس پر دوران خود ظاہر چہرہ ہی سے معرفت ہوتی ہے چہرہ دیکھا اور باقی بدن کپڑوں سے چھپا ہے تو کہے گا میں اسے پہچانتا ہوں، اور چہرہ نہ دیکھا تو نہیں کہہ سکتا اگرچہ باقی بدن دیکھا ہو، ولہذا اگر عورت نے اپنا منہ کھول کر گواہوں کو دکھایا اور کہا میں لیلٰی بنت زید ہوں اور کچھ اقرار یا عقد کیا گواہوں کو اس پر گواہی دینا جائز ہے اور انھیں اس کی زندگی بھر گواہان شناخت کی اصلا حاجت نہیں کہ منہ دیکھ کر انھیں خود شناخت ہوگئی وہ اسے دیکھ کر

---

[1] صحیح مسلم کتاب البر والصلۃ باب النہی عن ضرب الوجہ قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/ ۳۲۷

[2] شرح صحیح مسلم للنووی مع صحیح مسلم باب النہی عن ضرب الوجہ قدیمی کتب خانہ کراچی ۲/ ۳۲۷

بتا سکتے ہیں کہ یہی وہ عورت ہے جس نے ہمارے سامنے اقرار کیا اور اگر منہ کھول کر نہ دکھایا تو گواہان شناخت کے بعد بھی یہ گواہی نہیں دے سکتے کہ فلاں عورت نے یہ اقرار کیا بلکہ اتنا کہیں کہ ہمارے سامنے ایک عورت نے یہ اقرار کیا اور فلاں فلاں شہود نے ہم سے بیان کیا کہ یہ فلاں عورت ہے۔ عالمگیری میں ہے:

لوکشفت امرأة وجهها وقالت انا فلانة بنت فلان لایحتاجون الی شهود المعرفة فان ماتت یحتاجون الی شاهدین یشهدان انها کانت فلانة بنت فلان واذا لم تسفر وجهها وشهد شاهدان انها فلانة بنت فلان لم یحل لهما ان یشهدا بذلك یعنی علی اقرار فلانة انما یجوز ان یشهدا ان امرأة اقرت بکذا وشهد عندنا شاهدان انها فلانة بنت فلان هکذا فی الملتقط[1]

اگر کسی عورت نے اپنے چہرے سے پردہ اٹھایا اور کہا میں فلاں دختر فلاں ہوں تو اس صورت میں لوگوں کو پوری زندگی شناخت کرانے کیلئے گواہوں کی ضرورت نہیں (اس لئے کہ چہرے سے پوری طرح شناخت اور تعارف حاصل ہو گیا) پھر اگر وہ مرجائے تو لوگوں کو اس بات کی ضرورت ہوگی کہ دو گواہ یہ گواہی دیں گے کہ فلاں، دختر فلاں ہے اور اگر اس نے اپنا چہرہ کھول کر نہ دکھایا تو پھر دو گواہ یہ گواہی دیں گے کہ وہ فلاں دختر فلاں ہے لیکن ان دو گواہوں کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ یہ گواہی دیں کہ وہ فلاں عورت ہے کہ جس نے اقرار کیا تھا۔ ہاں البتہ یہ جائز ہے کہ وہ یونہی گواہی دیں کہ ایک عورت نے اقرار کیا ہے اور ہمارے پاس دو گواہوں نے گواہی دی کہ وہ عورت فلاں دختر فلاں ہے، فتاوی ملتقط میں اسی طرح مذکور ہے۔ (ت)

اُسی میں فتاوی ظہیریہ سے ہے:

اختلف المشائخ فی جواز تحمل الشهادة علی المرأة اذا کانت متنقبة بعض مشائخنا قالوا لا یصح التحمل علیها بدون رؤیة وجهها وبعض مشائخنا توسعوا فی هذه وقالوا

مشائخ کرام نے اس بارے میں اختلاف کیا ہے کہ جب عورت نقاب پوش ہو تو اس پر گواہی دینے کے جواز کی کیا صورت ہوگی، چنانچہ ہمارے بعض مشائخ نے فرمایا کہ چہرہ دیکھے بغیر عورت کے متعلق گواہی نہیں دی جاسکتی، لیکن ہمارے بعض مشائخ نے اس میں کچھ وسعت و گنجائش

---

[1] فتاوی ہندیہ کتاب الشہادات الباب الثانی نورانی کتب خانہ پشاور ۴۵۳/۳

يصح عند التعريف وتعريف الواحد كفى والمثنى احوط والى هذا مال الشيخ الامام المعروف بخواهر زاده والى القول الاول مال الشيخ الامام شمس الاسلام الاوزجندى و الشيخ الامام ظهير الدين وضرب من المعقول يدل على هذا فانا اجمعنا على انه يجوز النظر الى وجهها لتحمل الشهادة[1] اھ قلت فقد اجمعوا على حصول المعرفة برؤية الوجه حتى جاز التحمل اجماعا وعلى عدمها بعدم معرفتها لم يجز التحمل عند قوم اصلا و احتيج لما التعريف عند اٰخرين مقاصد۔

رکھی ہے، اور یہ فرمایا ہے کہ تعارف اور شہرت کے وقت اس کے متعلق گواہی دینا صحیح ہے اور صرف ایک آدمی کی پہچان کافی ہے اور دو میں زیادہ احتیاط ہے۔ چنانچہ شیخ امام جو خواہرزادہ کے لقب سے مشہور ہیں اسی طرف مائل ہیں جبکہ شیخ امام شمس الاسلام اوزجندی اور شیخ امام ظہیر الدین پہلے قول کی طرف مائل ہیں چنانچہ معقول قسم اس پر دلالت کرتی ہے اس لئے کہ ہم نے اتفاق کیا ہے کہ تحمل شہادت کے لئے عورت کے چہرہ کی طرف دیکھنا جائز ہے اھ میں کہتا ہوں ائمہ کرام نے اس بات پر اتفاق کیا ہے کہ چہرہ دیکھنے سے شناخت اور معرفت حاصل ہوتی ہے یہاں تک کہ (اس صورت میں) تحمل شہادت بالاتفاق جائز ہے، اور اگر رؤیت نہ ہو تو معرفت نہ ہوگی لہٰذا بعض لوگوں کے نزدیک (اس صورت میں) تحمل شہادت بالکل جائز نہیں۔ لیکن کچھ دوسروں کے نزدیک مقاصد میں اس کے لئے شناخت کی ضرورت ہوتی ہے۔ (ت)

اہل تصویر ہی کو دیکھئے جو تصویر کسی کی یادگار کے لئے بنوائیں ہرگز بے چہرہ اُس پر راضی نہ ہوں گے نہ اپنے مقصود کو مفید جانیں گے اگرچہ باقی تمام بدن کی تصویر ہو اور بارہا نیم قد بلکہ صرف چہرہ پر قناعت کرتے اور اسے اپنے مقصد کے لئے کافی سمجھتے ہیں جیسا کہ مصوروں میں بکثرت دائر و سائر اور سکّہ کی تصویروں سے ظاہر، اور خود یہ تصویر جس سے سوال ہے اس پر شاہد کہ اُس کا بنانا یادگاری کے لئے تھا اور نصف سینہ تک قناعت کی تو بداہۃً ثابت ہُوا کہ صرف چہرہ ہی وُہ چیز ہے کہ تصویر کو معنی بُت میں کرتا ہے اور صرف چہرہ ہی اس معنی کے افادہ میں کافی ہوتا ہے تو یہاں جنس مایعبد سے مراد صرف معنی بت میں ہونا ہے اگرچہ نہ خود وہ معبود مشرکین ہو نہ اس کا ذو الصورۃ تو وہ اُس حالت پر ہو کہ مشرکین اپنی عبادت کیلئے

---

[1] فتاوٰی ہندیۃ کتاب الشہادات الباب الثانی نورانی کتب خانہ پشاور ۳/ ۴۵۲

عادۃً لازم رکھتے ہیں کہ یہ سب زوائد ہیں اور یہاں غیر ملحوظ۔ یہاں صرف اس قدر درکار ہے کہ تصویر کسی صورت حیوانیہ کے لئے مرآۃ ملاحظہ ہو اور اس کا مدار صرف چہرہ پر ہے تو قطعاً یہ سب تصویریں معنیٰ بت میں ہیں اور ان کا مکان میں باعزاز رکھنا' نصب کرنا' چوکھٹوں میں رکھ کر دیوار پر لگانا یا پردے یا دیوار یا کسی اونچی رہنے والی شے پر اس کا منقوش کرنا اگرچہ نیم قد یا صرف چہرہ ہو یا دیوارگیروں پر انسان یا حیوان کے چہرے لگانا یا پانی کے نل کے منہ یا لاٹھی کی بالائی شام پر کسی حیوان کا چہرہ بنوانا یا ایسی کسی بنی ہوئی چیز کو رکھنا استعمال کرنا سب ناجائز و حرام و مانع دخول ملائکہ علیہم الصلوٰۃ والسلام اور اس مکان میں نماز یقیناً مکروہ، پھر اگر تشبہ خاص بھی پایا جائے جیسے مصلّی کے سامنے ہونا تو نماز مکروہ تحریمی واجب الاعادہ، کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ قدِ آدم آئینے جن میں اتنی بڑی بڑی آدمیوں اور جانوروں کی تصویریں ہوں دیوارِ قبلہ میں نصب کرکے اُن کی طرف نماز پڑھنے میں نہ عبادت صورت کی مشابہت ہے نہ شرع مطہر کی مخالفت' حاشا ہرگز کوئی نہیں کہہ سکتا، تو ثابت ہوا کہ صواب عامہ کتبِ ائمہ کے ساتھ ہے جن میں صرف قطع راس و محوِ وجہ پر اکتفا فرمایا اور دیگر اعضاء کا اُن پر قیاس ہرگز نہ روایۃً منقول نہ درایۃً مقبول۔ لاجرم سر بریدہ میں ممانعت نہ ہوئی کہ معنیٰ بُت میں نہ رہی، اور دست و پا بریدہ ناجائز ہوئی کہ معنیٰ بت باقی، سوالِ دوم حل ہوا۔ اتنی چھوٹی تصویر کہ نظر میں متمیز نہ ہو مرآۃ ملاحظہ نہیں کہ آپ ہی زیرِ ملاحظہ نہیں یونہی مستور کہ وہ بھی خود ملاحظہ سے مہجور، مرآۃ ملاحظہ ہونا تو اور دُور، اور معنیٰ بت کے حصول کو یہ بھی ضرور کہ مشرکین بُتوں کو اسی لئے بناتے ہیں کہ اُن کے آلہۂ مزعومہ باطلہ کے مرآۃ ملاحظہ ہوں تو یہاں بھی وہ معنیٰ مفقود، سوالِ سوم حل ہوا'

وللّٰہ الحمد حمدا کثیرا طیبا مبارکا فیہ کما یحب ربنا ویرضٰی وصلی اللّٰہ تعالٰی علٰی سیدنا ومولٰینا واٰلہ وصحبہ ابدا، ھکذا ینبغی التحقیق واللّٰہ تعالٰی ولی التوفیق وقد کان یختلج فی قلبی الکلام علیہ منذ زمان وکنت ارجوان یفتح اللّٰہ تعالٰی بالحق فھذا

اللہ تعالٰی کے لئے ہی بے حساب و شمار تعریف و توصیف ہے پاکیزہ، ایسی میں برکت رکھی گئی جیسا کہ ہمارا پروردگار پسند فرمائے اور اللہ تعالٰی ہمارے آقا اور ہمارے مولا پر رحمت برسائے اور ان کی تمام آل اور ساتھیوں پر ہمیشہ ہمیشہ رحمت ہو، اور مناسب یہ ہے کہ تحقیق اسی طرح ہونی چاہئے، اور اللہ تعالٰی ہی توفیق دینے کا مالک ہے۔ مدت سے میرے دل میں اس پر کلام کرنے کی بات کھٹک رہی تھی اور میں یہ بھی امید رکھتا تھا

اوان یسرہ المولٰی سبحٰنہ وتعالٰی ولہ الحمد **اقول** وبہ انفصل وللّٰہ الحمد خلاف مانقلہ القہستانی عن المحیط فی اتخاذ الرأس ونقلہ عنہ فی ردالمحتار ولم یذکروا فیہ ترجیحا فثبت بحمد اللہ تعالٰی ترجیح المنع اقول ثم لایذھبن عنک وان المراد بالاتخاذ الاقتناء کما فی قول القہستانی بعدہ باسطر یکرہ اتخاذ الصور فی البیوت[1] ثم قولہ بعدہ لایکرہ اتخاذھا ان صغرت اما اصطناعہ فلا یجوز بحال وان صرح علماؤنا بجواز اتخاذ الانف والسن والاصبع من فضۃ لمقطوعھا فان الفرق بین ما ذکروا وبین اتخاذ الرأس مما لایخفی علی بلید فضلا عن عاقل، واللہ تعالٰی اعلم۔

کہ اس معاملہ میں) اللہ تعالٰی مجھ پر حق کھول دیگا یہاں تک کہ یہ وقت آپہنچا کہ جس میں اللہ تعالٰی پاک اور برتر نے (اس عقدہ کو) مجھ پر آسان کردیا لہٰذا اسی کے لئے تعریف وستائش ہے **اقول** (میں کہتا ہوں) جبکہ اللہ تعالٰی کے لئے حمد وستائش ہے اس سے وہ اختلاف الگ اور جدا ہوگیا کہ جس کو علامہ قہستانی نے محیط کے حوالے سے سربنانے کے متعلق نقل کیا اور فتاوٰی شامی میں اس کو نقل فرمایا لیکن اس میں ائمہ کرام نے کوئی ترجیح ذکر نہیں۔ میں کہتا ہوں پھر آپ سے کہیں یہ بات رہ نہ جائے کہ یہاں اتخاذ سے اقتناء (حفاظت کرنا) مراد ہے جیسا کہ چند سطروں بعد علامہ قہستانی کا یہ قول موجود ہے "گھروں میں حفاظت سے تصویریں رکھنا منع ہیں"۔ لیکن اس کے کچھ بعد انھوں نے فرمایا کہ "اگر تصویریں چھوٹی چھوٹی ہوں تو ان کا گھروں میں رکھنا مکروہ نہیں لیکن انکا بنانا کسی حال میں بھی جائز نہیں اگرچہ ہمارے علماء کرام نے یہ تصریح فرمائی کہ چاندی کی ناک، دانت اور انگلی بنانا جائز ہے اور اس کی وجہ ان کا مقطوع ہونا ہے اس لئے کہ جو کچھ انھوں نے ذکر فرمایا اس کے اور سربنانے کے درمیان واضح فرق ہے جو کسی بے عقل سے بھی پوشیدہ نہیں چہ جائیکہ صاحب عقل سے مخفی رہ جائے، واللہ تعالٰی اعلم (ت)

رابعًا اقول وباللہ التوفیق (میں اللہ تعالٰی کی توفیق ہی کے حوالے سے کہتا ہوں)

---

[1] جامع الرموز کتاب الصلوٰۃ فصل مایفسد الصلوٰۃ مکتبۃ الاسلامیہ گنبد قاموس ایران ۱/ ۱۹۶

[2] " " " " " " " " ۱/ ۱۹۵

ایک اور نکتہ بدلیعہ ہے جس پر تنبیہ لازم، یہاں چار صورتیں ہیں:

اوّل تصویر کی توہین مثلاً فرش پا انداز میں ہونا کہ اُس پر چلیں پاؤں رکھیں یہ جائز ہے اور مانع ملائکہ نہیں اگرچہ بنانا بنوانا ایسی تصویروں کا بھی حرام ہے کما فی الحلیۃ و البحر وغیرھما (جیسا کہ حلیہ، بحرالرائق اور ان دو کے علاوہ دوسری کتابوں میں مذکور ہے۔ ت)

دوم جس چیز میں تصویر ہو اسے بلا اہانت رکھنا مگر وہ ترک اہانت بوجہ تصویر نہ ہو بلکہ اور سبب سے جیسے روپے کو سنبھال کر رکھنا زمین پر پھینک نہ دینا کہ یہ بوجہ تصویر نہیں بلکہ بسبب مال، اگر سکّہ میں تصویر نہ ہوتی جب بھی وہ ایسی ہی احتیاط سے رکھا جاتا، یہ بحالِ ضرورت جائز ہے جس طرح روپے میں کہ تکریم تصویر مقصود نہیں اور بے تصویر کا یہاں چلن نہیں اور اس پر سے تصویر مٹائیں تو چلے گا نہیں الضرورات تبیح المحظورات (ضرورتیں ممنوع کاموں کو مباح کردیتی ہیں۔ ت) یونہی اسٹامپ کی تصویریں اور ڈاک کے ٹکٹ، اگر ان کی تصویریں ایسی چھوٹی نہ ہوں کہ زمین پر رکھ کر کھڑے ہو کر دیکھنے سے تفصیل اعضا ظاہر نہ ہو جیسے اشرفی مُہر اس کے رکھنے کا ویسے ہی جواز ہے کہ اس کی تصویریں ایسی ہی چھوٹی ہیں اور بلاضرورت داخلِ کراہت کہ اگرچہ ترکِ اہانت دوسری وجہ سے ہے مگر لازم تو تصویر کی نسبت بھی آیا حالانکہ ہمیں اس کی اہانت کا حکم ہے، عنایہ سے گزرا:

تحت امرنا باھانتھا[1]

ہمیں تصویروں کی توہین و تذلیل کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ (ت)

تو ترکِ اہانت میں ترکِ حکم ہے اور ضرورت نہیں کہ حکمِ جواز لائے، چاقو وغیرہ پر جو تصویریں ہوتی ہیں اسی حکم میں داخل ہیں اگر بڑی ہوں تو انھیں مٹا دے یا کاغذ وغیرہ لگا دے ورنہ مکروہ ہے۔ یہ بھی اس وقت کہ رکھنے والے کو اُس شے سے کام ہو تصویر مقصود نہ ہو ورنہ صورتِ سوم میں داخل ہوگا۔

سوم ترکِ اہانت بوجہ تصویر ہی ہو مگر تصویر کی خاص تعظیم مقصود نہ ہو جیسے جُہّال زینت و آرائش کے خیال سے دیواروں پر تصویریں لگاتے ہیں یہ حرام ہے اور مانع ملائکہ علیہم الصلوٰۃ والسلام کہ خود صورت ہی کا اکرام مقصود ہوا اگرچہ اسے معظّم و قابلِ احترام نہ مانا۔

چہارم صرف ترکِ اہانت نہ ہو بلکہ بالقصد تصویر کی عظمت و حرمت کرنا اُسے معظّم دینی سمجھنا اُسے تعظیماً بوسہ دینا، سر پر رکھنا، آنکھوں سے لگانا، اُس کے سامنے دست بستہ کھڑا ہونا، اس کے لئے جانے

---

[1] العنایۃ شرح الہدایۃ علی ہامش فتح القدیر کتاب الصلوٰۃ باب ما یفسد الصلوٰۃ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر ۱/ ۳۶۲

پر قیام کرنا، اُسے دیکھ کر سر جھکانا وغیر ذلک افعالِ تعظیم بجا لانا یہ سب سے اخبث اور قطعاً یقیناً اجماعاً اشد حرام وسخت کبیرہ ملعونہ ہے اور صریح کُھلی بُت پرستی سے ایک ہی قدم پیچھے ہے اسے کوئی مسلمان کسی حال میں حلال نہیں کہہ سکتا اگرچہ لاکھ مقطوع یا صغیر یا مستور رہو، یہ قیدیں سب صورت سوم تک تھیں قصداً تعظیم تصویر ذی روح کی حرمت شدیدہ عظیمہ میں نہ کوئی تقیید ہے نہ کسی مسلمان کا خلاف متصور بلکہ قریب ہے کہ اسکی حرمتِ شدیدہ اس ملّتِ حنفیہ کے ضروریات سے ہو تو اس کا استحسان بلکہ صرف استحلال یعنی جائز جاننا ہی سخت امرِ عظیم کا خطرہ رکھتا ہے والعیاذ باللہ تعالٰی (اور اللہ تعالٰی کی پناہ۔ ت) صورت مذکورہ سوال یہی صورت چہارم ہے کہ اُسے تبرک کے طور پر رکھنا اُس کے سبب نزول برکت جاننا اسے برزخ ٹھہرانا رب عزوجل تک وصول کا ذریعہ بنانا یہ سب وہی سخت اشد کبیرہ ہے اور عادۃً اس حالت میں اس کے ساتھ وہی افعالِ تعظیم بجا لائیں گے جن کے حلال جاننے پر تجدیدِ اسلام مناسب ہے۔

نسأل اللہ السلامۃ ولاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

ہم اللہ تعالٰی سے (جان وایمان کی سلامتی کا سوال کرتے ہیں۔ گناہوں سے بچنے اور بھلائی کرنے کی کسی میں طاقت نہیں مگر یہ کہ اللہ تعالٰی بڑی شان والا توفیق عطا فرمائے (ت)

ناواقف سمجھتے ہیں کہ حضور پُرنور سید الاسیاد، امام الافراد، واہب المراد باذن الجواد، غوث الاقطاب والاوتاد، سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالٰی عنہ (سادات کے سردار، افراد کے پیشوا، اللہ تعالٰی سخی کی اجازت سے مرادیں پوری کرنے والے، قطبوں کے فریاد رس اور اوتاد کے فریاد رس، ہمارے آقا، سب سے بڑے فریاد رس، اللہ تعالٰی ان سے راضی ہو۔ ت) ان کی اس حرکت سے خوش ہونگے کہ ان کے صاحبزادہ کی ایسی تعظیم کی حالانکہ سب سے پہلے اس پر سخت ناراض ہونے والے سخت غضب فرمانے والے حضور اقدس ہونگے رضی اللہ تعالٰی عنہ۔ اللہ تعالٰی ہدایت واستقامت بخشے، آمین!

واذ قد خرجت العجالۃ فی صورۃ رسالۃ وکان ترصیفھا فی النصف الاول من شھر النور والسرور شھر ربیع الاول سنہ ۱۳۳۱ھ ناسب ان اسمیھا

اچانک جلدی میں کیا ہوا کام ایک رسالے کی صورت میں معرضِ وجود میں آگیا جبکہ اس کی ترتیب و تالیف نور وسرور کے مہینے کے نصف اول یعنی ماہِ ربیع الاول ۱۳۳۱ھ میں ہوئی، لہذا مناسب معلوم ہوا کہ میں اس کا یہ نام رکھوں

۳۱العطایا القدیر فی حکم التصویر ۱۳ھ

وصلی اللہ تعالٰی علٰی سیدنا ومولٰینا محمد واٰلہ وصحبہ وسلم واللہ سبحٰنہ وتعالٰی اعلم وعلمہ جل مجدہ اتم واحکم۔

العطایا القدیر فی حکم التصویر (بے پایاں قوت وطاقت رکھنے والے پروردگار کے بے شمار عطیات ونوازشات سے تصویر کا حکم بیان کرنے کے بارے میں۔ت) اور اللہ تعالٰی درود وسلام ہمارے آقا اور ہمارے مولا پر بھیجے جو کہ محمد کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور ان کی آل اور سب ساتھیوں پر اور اللہ تعالٰی پاک وبرتر سب سے زیادہ علم رکھتا ہے اور اس کا علم کہ جس کی شان بڑی ہے سب سے زیادہ کامل اور سب سے زیادہ پختہ ہے (ت)

رسالہ

العطایا القدیر فی حکم التصویر

ختم ہوا